باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
Member AKNS
www.dailydhartiajk.com
dailydharti@gmail.com
روزنامہ
کشمیر دھرتی
راولاکوٹ
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق
ایڈیٹر: اعجاز قمر
جلد02 | ہفتہ یکم اکتوبر 2022ء 04 ربیع الاول 1444ھ 17 اسوج 2079 ب | صفحات04/ قیمت15روپے | شمارہ نمبر230

ڈپٹی کمشنر پونچھ کی زیر صدارت اجلاس عوامی مسائل حل کرنے قوانین پر عمل درآمد کیلئے اہم فیصلہ جات

ضلع بھر میں امن وامان، ٹریفک، مقدمات، سوشل میڈیا کا غلط استعمال، غیرقانونی اسلحہ، نان کسٹمز گاڑیوں، منشیات کی روک تھام، فیک فون کالز، دفعہ 144 پر عملدرآمد جیسے معاملات زیر غور لائے گئے

گیس سلنڈر، اشیائے خوردنی، سبزی فروٹ کی قیمتوں کو اعتدال پر رکھنے کیلئے حکمت عملی مرتب، افسران غریب لوگوں کی زندگی میں آسانی لانے کے لیے روایتی انداز سے ہٹ کر کام کریں، سید ممتاز کاظمی

راولاکوٹ (پی آئی ڈی، دھرتی نیوز) ضلع پونچھ میں اشیاء خورونوش سمیت دیگر اشیاء کی قیمتوں کو کنٹرول میں رکھنے کے لیے دن رات محنت کی ضرورت ہے ۔ فوڈ اتھارٹی اور انتظامی آفیسران عوام کی فلاح و بہبود کے لیے روزانہ کی بنیاد پر بازاروں کا دورہ کریں گیس سلنڈرز، سبزی فروٹس کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے کے لیے سپلائرز سے داخلی راستوں پر انوائس چیک کرنے کا میکنزم طے کیا جائے ۔ ٹرانسپورٹ، باربر شاپس سمیت دیگر چیزوں میں قیمتوں (بقیہ 45صفحہ 03پر)

راولاکوٹ (پی آئی ڈی، دھرتی نیوز) ڈپٹی کمشنر/ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ پونچھ ممتاز کاظمی کی زیر صدارت پولیس مجسٹریٹس کا اجلاس منعقد ہوا ۔ اجلاس میں سپرنٹنڈنٹ پولیس پونچھ کامران علی سمیت انتظامیہ اور پولیس کے آفیسران نے شرکت کی، اجلاس میں مجموعی طور پر امن (بقیہ 46صفحہ 03پر)

راولاکوٹ: ڈپٹی کمشنر ممتاز کاظمی کی زیر صدارت پولیس مجسٹریٹ کے اجلاس میں سپرنٹنڈنٹ پولیس کامران علی سمیت دیگر بھی موجود ہیں۔

حکومت آزاد کشمیر نے سرکاری ٹرانسپورٹ پالیسی نظر ثانی 2022ء کی منظوری دیدی

وزراء حکومت، مشیران اور معاونین خصوصی، چیئر مین عملدرآمد کمیشن کے لیے پیٹرول کی حد اور گاڑیوں کی تعداد کو لامحدود کردیا گیا ہے

پارلیمانی سیکرٹریز سے لیفٹ آفیسران سیکرٹریز تا گریڈ 17 تک کے افسران کو صرف ایک سرکاری گاڑی الاٹ ہوگی، نوٹیفکیشن

مظفرآباد (صباح نیوز) حکومت آزاد کشمیر نے سرکاری ٹرانسپورٹ پالیسی نظرثانی 2022 کی منظوری دیدی، جمعہ کو محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن سے جاری ایک تفصیلی نوٹیفکیشن کے مطابق وزراء حکومت، مشیران اور معاونین خصوصی کے لیے پیٹرول کی حد اور گاڑیوں کی تعداد کو لامحدود کردیا گیا ہے۔ تاہم پارلیمانی سیکرٹریز سے لیفٹ آفیسران سیکرٹریز تا گریڈ 17 تک کے افسران کو صرف ایک سرکاری گاڑی الاٹ ہوگی ۔ وزرا ، مشیران (بقیہ 13صفحہ 03پر)

نیویارک، صدر آزاد کشمیر کی جنرل اسمبلی کے نومنتخب صدر سے ملاقات

مسئلہ کشمیر تقسیم ہند کا نامکمل ایجنڈا ہے جو آج بھی حل طلب ہے، بیرسٹر سلطان

نیویارک (دھرتی نیوز) صدر آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے اپنے دورہ نیویارک کے دوران اقوام متحدہ میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے نو منتخب صدر کسابہ کرو (CSABA KOROSI) کو جنرل اسمبلی کا صدر منتخب ہونے پر مبارکباد دیتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا ہے کہ وہ مسئلہ کشمیر کے حل کے لئے کوششیں کریں گے کیونکہ مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کے پہلے آنے والے مسائل میں سے ہے جو آج تک حل طلب ہے اور یہ تقسیم ہند کا نامکمل ایجنڈا ہے۔ لہذا ہمیں امید ہے کہ (بقیہ 44صفحہ 03پر)

عمران خان کا پرتپاک استقبال کرنے پر کشمیری عوام کا شکر گزار ہوں، تنویر الیاس

موسم کی شدت اور اسوج کے باوجود انسانوں کے ٹھاٹھیں مارتے ہوئے سمندر کا امڈ آنا والہانہ عقیدت کا بین ثبوت ہے

عمران خان نے اپنے خطاب میں ریاستی عوام کو اس بات کا یقین دلایا کہ وہ ان کا مقدمہ دنیا کے ہر فورم پر اٹھاتے رہیں گے

مظفرآباد (پی آئی ڈی) وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر اور صدر تحریک انصاف آزاد کشمیر سردار تنویرالیاس خان نے کہا ہے کہ 29 ستمبر کے تاریخ ساز جلسہ عام میں قائد پاکستان، چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کا دارالحکومت مظفرآباد میں پرتپاک استقبال کرنے پر کشمیری عوام کے بے حد شکر گزار ہیں، موسم کی شدت اور اسوج کے باوجود انسانوں کے ٹھاٹھیں مارتے ہوئے سمندر کا یونیورسٹی گراؤنڈ مظفرآباد امنڈ آنا کشمیریوں (بقیہ 47صفحہ 03پر)

مظفرآباد: چوہدری لطیف اکبر مرکزی ایوان صحافت میں ممبران اسمبلی اور دیگر عہدیداران کے ہمراہ پریس کانفرنس کررہے ہیں۔

جماعت نہم کے ناقص نتائج ذمہ داران کیخلاف کاروائی کا فیصلہ

سیکرٹری تعلیم نے غیر معیاری اور ناقص کارکردگی کے حامل انتظامی افسران کی سخت سرزنش، اساتذہ، سکولز انتظامیہ، متعلقہ اضلاع کے ڈی ای اوز، اے ای اوز کے خلاف بھی کارروائی کے احکامات جاری کردئے

انتظامی افسران کی کارکردگی مایوس کن ہے، اساتذہ کی مانیٹرنگ میں انتظامی افسران ناکام رہے، تادیبی کارروائیوں کا آغاز انتظامی آفیسران سے کیا جائے گا اور تبادلے بھی کئے جائیں گے، سیکرٹری تعلیم

مظفرآباد (صباح نیوز، دھرتی نیوز) آزاد کشمیر میں جماعت نہم کے ناقص نتائج کا حکومتی سطح پر سخت نوٹس، سیکرٹری تعلیم سکولز نے غیر معیاری اور ناقص کارکردگی کے حامل انتظامی افسران کی سخت سرزنش سکولز انتظامیہ کے خلاف بھی کارروائی کے احکامات جاری کردیئے۔ یہ فیصلہ (بقیہ 43صفحہ 03پر)

راولاکوٹ: ڈپٹی کمشنر ممتاز کاظمی پرائس کنٹرول کمیٹی کے ضلعی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں۔

مظفرآباد میں پی ٹی آئی کا ناکام جلسہ حکومت کے خلاف عدم اعتماد ہے، لطیف اکبر

مظفرآباد کے جلسہ میں لوگ اکھٹے کرنے کیلئے وزراء کو 30،30 لاکھ جبکہ ٹکٹ ہولڈر کو 25،25 لاکھ روپے دیئے گئے

تنویر الیاس خان کی جانب سے عائد کردہ الزامات ثابت ہوئے تو اسمبلی رکنیت سے مستعفی ہونے کیلئے تیار ہوں، خطاب

مظفرآباد (دھرتی نیوز) قائد حزب اختلاف سینئر پارلیمنٹرین سابق صدر پیپلزپارٹی آزاد کشمیر چوہدری لطیف اکبر نے کہا ہے کہ 30 کروڑ روپے خرچ کرکے بھی پی ٹی آئی مظفرآباد میں عمران خان کا جلسہ کامیاب کرانے میں ناکام رہی، جلسہ کی ناکامی عمران خان اور آزاد کشمیر میں مسلط کردہ تنویر الیاس کی حکومت کے خلاف عوام کا عدم اعتماد ہے، وزراء کو لوگ اکٹھے کرنے کے لیے 30،30 لاکھ جبکہ ٹکٹ ہولڈر کو 25،25 لاکھ روپے دیئے گئے (بقیہ 48صفحہ 03پر)

عمران خان جیسا غیر ذمہ دار اور جھوٹا شخص نہیں دیکھا، شہباز شریف

سابق وزیراعظم نے اداروں کو تقسیم کرنے کی بدترین سازش کی، خطاب

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیراعظم میاں شہباز شریف نے کہا ہے کہ عمران خان سازشی ذہن کے مالک ہیں، اداروں کو تقسیم کرنے کی ایک بدترین سازش کی، ان جیسا غیر ذمہ دار اور جھوٹا شخص نہیں دیکھا، دن رات جھوٹ بولتے ہیں، انہوں نے لوگوں کو ورغلانے کا مشغلہ ڈھونڈا ہے، گزشتہ روز آڈیو لیکس سے عمران خان کا ارادہ ظاہر ہوا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے بھارہ کہو میں بھارہ کہو بائی (بقیہ 42صفحہ 03پر)

وزیرخزانہ سے چین کے سفیر کی ملاقات،

معاشی واقتصادی امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیرخزانہ اسحاق ڈار سے چین کے سفیر کی وزارت خزانہ میں ملاقات ہوئی تفصیلات کے مطابق وزیرخزانہ اسحاق ڈار سے چین کے سفیر کی وزارت خزانہ (بقیہ 50صفحہ 03پر)

وزیراعظم نے عدم اعتماد کے خوف سے پچاس کروڑ خرچ کئے

عوام نے تنویر الیاس کو اور اس کی پالیسیوں کو مسترد کردیا، چوہدری یاسین

دوبئی (دھرتی نیوز) صدر پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر وممبر آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی چوہدری محمد یٰسین نے کہا ہے کہ وزیراعظم سردار تنویر الیاس نے عدم اعتماد کے خوف سے اپنی مقبولیت دکھانے کے لیے 50 کروڑ روپے خرچ کیے اور چند ہزار سے زائد لوگوں (بقیہ 49صفحہ 03پر)

راولاکوٹ غیرملکی افراد کو جعلی پاسپورٹ شناختی کارڈز کا اجراء ملوث گروہ گرفتار

پاکستانی فیملیز ٹری میں شامل کرکے پاسپورٹ اور شناختی کارڈ بنانے والے گروہ میں محکمہ داخلہ کے لوگ بھی شامل ہیں

گرفتار افراد میں دو افغان شہری اور ایک خاتون بھی شامل ہے اس میں مزید گرفتاریوں کا امکان ہے، ایس ایس پی کی بریفنگ

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) راولاکوٹ پولیس نے غیرملکی شہریوں کو جعلی پاسپورٹ اور شناختی کارڈ بنوا کر دینے والے گروہ کو گرفتار کیا ہے یہ گروہ افغان شہریوں کو نادرہ ریکارڈ میں پاکستانی فیملیز ٹری میں شامل کرکے پاسپورٹ اور شناختی کارڈ بنواتے گروہ میں محکمہ داخلہ ڈائریکٹریٹ آف امیگریشن کے لوگ بھی شامل ہیں ایس ایس پی راولاکوٹ کامران علی نے صحافیوں کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ اس گروہ کے چھ افراد گرفتار کیے گے (بقیہ 32صفحہ 03پر)

راولاکوٹ: ایس ایس پی پونچھ کامران علی صحافیوں کو بریفنگ دے رہے ہیں جبکہ دوسری جانب جعلی پاسپورٹ بنانے والے ملزمان پولیس کی حراست میں۔

مسلمانوں کی ترقی سنت نبوی پر عمل درآمد سے وابستہ ہے، سردار عتیق

نبی کریم نے منصفانہ معاشرہ قائم کرکے دنیا کی ایک مثالی ریاست قائم کی

راولپنڈی (صباح نیوز) آل جموں وکشمیر مسلم کانفرنس کے قائد وسابق وزیراعظم سردار عتیق احمد خان نے کہا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کو اپنائے بغیر مسلمان دنیا میں ترقی اور عروج حاصل نہیں کر سکتے۔ گزشتہ روز راولپنڈی آرٹ کونسل میں مسلم سٹوڈنٹس آرگنائزیشن (بقیہ 41صفحہ 03پر)

تولی پیر ٹورازم فیسٹول اختتامی تقریب آج ہوگی سرکردہ شخصیات کی شرکت متوقع

ٹورازم فیسٹیول میں گراس سکینگ کے فائنل مقابلہ جات آج یکم اکتوبر کو ہوں گے، جس کے تمام تر انتظامات مکمل کرلئے گئے

کھلاڑی تولی پیر پہنچ چکے ہیں، آج یکم اکتوبر کو گیارہ بجے راولاکوٹ سے ایک ریلی تولی پیر کیلئے روانہ ہوگی، ترجمان گلف ایمپائر

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) راولاکوٹ کے سیاحتی مقام تولی پیر پر ٹورازم فیسٹیول میں گراس سکینگ کے فائنل مقابلہ جات آج یکم اکتوبر کو ہوں گے، جس کے تمام تر انتظامات مکمل کرلئے گئے ہیں، یہ آزاد کشمیر کی تاریخ میں ہونے والا ایک منفرد ایونٹ ہے جس میں پاکستان اور آزاد کشمیر سے نامور کھلاڑی حصہ لیں گے، اس ایونٹ میں شرکت کیلئے کھلاڑی تولی پیر پہنچ چکے ہیں، آج یکم اکتوبر کو گیارہ بجے راولاکوٹ سے ایک ریلی تولی پیر کیلئے روانہ ہو گی (بقیہ 51صفحہ 03پر)

ٹی ٹونٹی ورلڈکپ جیتنے والی ٹیم کو 36 کروڑ روپے ملیں گے

ورلڈکپ کا آغاز 16 اکتوبر سے 13 نومبر تک آسٹریلیا میں ہوگا

اسلام آباد (صباح نیوز) آئی سی سی نے ٹی ٹونٹی ورلڈکپ کی انعامی رقم کا اعلان کردیا، ورلڈکپ جیتنے والی ٹیم کو 36 کروڑ روپے ملیں گے۔ آئی سی سی کے مطابق ورلڈکپ کا فائنل ہارنے والی ٹیم کو 18 کروڑ روپے کے قریب رقم دی جائے گی، سپر 12 مرحلے سے باہر ہونے والی آٹھ ٹیموں کو 70 ہزار ڈالر دیئے جائیں گے۔ ورلڈکپ کے سیمی فائنل میں ہارنے والی ہر ٹیم کو 5اعشاریہ 6 ملین (بقیہ 40صفحہ 03پر)

وزیراعظم تنویر الیاس کا ایم ٹی بی سی کے زیراہتمام سکول کا دورہ

ہیڈ سٹارٹ سکول سسٹم باغ میں سہولیات کا جائزہ لیا، سٹاف کو مبارکباد

باغ (دھرتی نیوز) وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان نے ایم ٹی بی سی کے زیرانتظام ہیڈ سٹارٹ سکول باغ کا دورہ کیا۔ چیئرمین ایم ٹی بی سی محمود الحق، کمشنر پونچھ انصر یعقوب، ڈی سی باغ صابر مغل، ڈائریکٹر ایم ٹی بی سی سردار زرطیف بادشاہ اور پرنسپل ادارہ بھی (بقیہ 52صفحہ 03پر)

صدر آزاد کشمیر دو اکتوبر کو بروکلین میں جلسہ عام سے خطاب کرینگے

نیویارک (دھرتی نیوز) صدر آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری 2 اکتوبر بروز اتوار شام 6 بجے نیویارک کے علاقے بروکلین میں ایک جلسہ سے خطاب کریں گے اس سلسلے میں (بقیہ 53صفحہ 03پر)

کامیاب جلسہ پر عوام، کارکنان کے شکر گزار ہیں، وزیر بلدیات

جلسہ نے ثابت کردیا کہ عوام بھی عمران خان کو نجات دہندہ سمجھتے ہیں

مظفرآباد (پی آئی ڈی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی راہنما وزیر بلدیات خواجہ فاروق احمد نے عمران خان چیئرمین پاکستان تحریک انصاف کے مظفرآباد جلسہ کو کامیاب، یادگار، تاریخی بنانے پر عوام، تحریک انصاف کے کارکنوں، راہنماؤں، بالخصوص حلقہ تین مظفرآباد سٹی، یوسی گوجرہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ 29 ستمبر کے جلسہ نے ثابت کردیا کہ آزاد کشمیر کے عوام (بقیہ 39صفحہ 03پر)

بلدیاتی انتخابات آزاد کشمیر کے عوام کا دیرینہ مطالبہ ہے، ڈاکٹر خالد

بلدیاتی نمائندوں کے اختیارات سلب کرنے کیلئے بل تیار کیا جارہا ہے

راولاکوٹ (پ ر) جماعت اسلامی آزاد جموں وکشمیر کے امیر ڈاکٹر خالد محمود خان نے کہا ہے کہ بلدیاتی انتخابات آزاد کشمیر کے باشعور عوام اور نوجوانوں کا دیرینہ مطالبہ ہے، حکومت عدالت عظمٰی کے فیصلے کے مطابق بلدیاتی انتخابات کو یقینی بنائے، دنیا بھر میں بلدیاتی اداروں کے (بقیہ 33صفحہ 03پر)

ڈالر 1 روپے 63 پیسے، اوپن مارکیٹ میں 2 روپے سستا 228 کا ہوگیا

کراچی (صباح نیوز) چھٹے روز بھی ڈالر مزید سستا ہوگیا۔ جمعہ کو انٹربینک میں ڈالر کی قیمت 1 روپے 63 پیسے کم ہوگئی۔ انٹربینک میں قدر میں کمی سے ڈالر 228 روپے پر آگیا۔ (بقیہ 34صفحہ 03پر)

وائس چانسلر جامعہ پونچھ کا دورہ منگ کیمپس فیکلٹی ممبران طلبہ اور کمیونٹی سے ملاقاتیں

کیمپس پہنچنے پر شاندار استقبال، مقامی افراد کا خیر مقدم، مسائل کو تعلیمی سفر میں رکاوٹ نہیں بننے دینگے، وائس چانسلر

طلبہ اسلامی تاریخ کا مطالعہ کریں، چیلنجز سے نمٹنا سیکھ جائیں گے، ڈاکٹر ذکریا ذاکر، طلبہ کیلئے مطالعاتی دورے، کتابوں کا اعلان

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) وائس چانسلر جامعہ پونچھ پروفیسر ڈاکٹر محمد ذکریا ذاکر (پرائیڈ آف پرفارمنس) نے جامعہ پونچھ کے ”منگ کیمپس“ کا دورہ کیا اور کیمپس کے فیکلٹی ممبران، طلبہ اور کمیونٹی کے سرکردہ افراد سے ملاقاتیں کیں۔ منگ کیمپس پہنچنے پر مقامی افراد، فیکلٹی ممبران اور طلبہ نے ان کا استقبال کیا اور ہار پہنائے۔ اس موقع پر وائس چانسلر کے ہمراہ ڈین بیسک سائنسز پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف خان، ڈائریکٹر اسٹیٹ خورشید (بقیہ 54صفحہ 03پر)

راولاکوٹ: وائس چانسلر جامعہ پونچھ ڈاکٹر ذکریا ذاکر منگ کیمپس کے دورہ کے موقع پر کمیونٹی کے اجلاس سے خطاب کررہے ہیں جبکہ دوسری جانب فیکلٹی ممبران اور طلبہ کے ہمراہ گروپ فوٹو

مذاکرات میں ڈیڈلاک، کسان اتحاد کا دھرنا تیسرے روز جاری رہا

ریڈزون میں جانے سے روکنے اور سکیورٹی کیلئے پولیس کی نفری بھی تعینات

اسلام آباد (صباح نیوز) اسلام آباد میں کسان اتحاد کا دھرنا تیسرے روز بھی جاری رہا، مطالبات کے حق میں کسانوں کی بڑی تعداد خیابان چوک پر موجود ہے۔ کسان رہنماؤں کے وفد نے وزیر داخلہ رانا ثنااللہ سے مذاکرات کئے۔ رہنما کسان اتحاد کا مطالبہ ہے کہ وفاقی حکومت ہمیں فی یونٹ کی قیمت مختص کرکے دے تب ہم احتجاج ختم کریں (بقیہ 38صفحہ 03پر)

عمران خان زیبا چوہدری سے معافی مانگنے انکی عدالت پہنچ گئے

زیبا چوہدری صاحبہ کو بتانا کہ عمران خان خود آئے تھے، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (صباح نیوز) چیئرمین تحریک انصاف اور سابق وزیراعظم عمران خان اپنے وکیل بابر اعوان کے ہمراہ جوڈیشل مجسٹریٹ زیبا چوہدری سے معافی مانگنے کے لیے ان کی عدالت پہنچ گئے۔ عمران خان جوڈیشل مجسٹریٹ زیبا چوہدری کی عدالت پہنچے تاہم پولیس نے (بقیہ 55صفحہ 03پر)

شیلٹر ہوم، ڈرگ کیئر سینٹر کی بحالی کے اعلان پر وزیراعظم سے اظہار تشکر

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان کے دورہ راولاکوٹ کے دوران سرکٹ ہاؤس میں کارکنان سے خطاب میں راولاکوٹ میں شیلٹر ہوم اور ڈرگ (بقیہ 56صفحہ 03پر)

کورونا کے وار تیز، مزید 3اموات، 43 نئے کیسز رپورٹ

اسلام آباد (صباح نیوز) مہلک عالمی وبا کورونا وائرس کے وار تیز ہوگئے، ملک بھر میں مزید 3 مریض دم توڑ گئے، گذشتہ چوبیس گھنٹوں میں 43 نئے کیسز رپورٹ ہوئے۔ قومی ادارہ برائے صحت (این آئی ایچ) کے مطابق (بقیہ 37صفحہ 03پر)

مظفرآباد: معروف موٹیویشنل اسپیکر سردار اسرار ایوب گرلز ڈگری کالج مظفرآباد میں طالبات کو لیکچر دے رہے ہیں۔

عمران خان اور ٹیم کی سائفر کے حوالے سے ایک اور آڈیو منظر عام پر آگئی

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان اور ان کی ٹیم کی سائفر کے حوالے سے ایک اور آڈیو منظر عام پر آگئی۔ آڈیو لیکس کا سلسلہ جاری ہے، وزیراعظم ہاؤس کی آڈیو لیک ہونے کے بعد اب تحریک (بقیہ 36صفحہ 03پر)

باغ، الخدمت فاؤنڈیشن کے صدر کا قبضہ غیرقانونی قرار

باغ (بیورورپورٹ) عدلیہ کا بڑا فیصلہ الخدمت فاؤنڈیشن باغ کے صدر کا قبضہ غیرقانونی قرار دے دیتے ہوئے اراضی اصل مالکان کے حوالے کردی گئی ہے، جعل سازی اور فرضی رسیدوں کی وجہ سے الخدمت فاؤنڈیشن باغ کے ذمہ داران کا 9 سال کا کرایہ ہڑپ کرنے کا منصوبہ عدالت (بقیہ 35صفحہ 03پر)

منشیات فروشوں کیخلاف راولاکوٹ پولیس کی کارروائیاں چرس اور اسلحہ برآمد

چوکی سٹی راولاکوٹ، سٹی تھانہ راولاکوٹ، تھانہ داتوٹ نے مختلف کارروائیوں میں کل 3 کلو 630 گرام چرس برآمد کی

ملزمان کے قبضہ سے مختلف قسم کا اسلحہ بھی برآمد کرلیا گیا، متعدد گرفتار، ملزمان کے خلاف مقدمات درج، تفتیش جاری

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) ایس ایس پی راولاکوٹ کامران علی کی ہدایت پر راولاکوٹ پولیس کی ضلع بھر میں انسداد منشیات، اسلحہ مہم کے دوران منشیات فروشوں کے خلاف لگاتار کارروائیاں جاری ہیں، چوکی سٹی راولاکوٹ نے ایک کارروائی 2430 گرام چرس، ایک ریپیٹر، 2 عدد 12 بور، میگزین 25 دانہ راؤنڈ برآمد کیا، سٹی تھانہ راولاکوٹ کی کارروائی 1200 گرام، ایک کلو 200 گرام چرس برآمد کی، تھانہ داتوٹ کی (بقیہ 57صفحہ 03پر)



FAAZ ENTERPRISES
PROUD MOMENT TO BE CO-SPONSOR OF
2ND NATIONAL GRASS SKI CHAMPIONSHIP
AJK WINTER SPORTS ASSOCIATION
CO - SPONSOR
FAAZ ENTERPRISES (PVT) LTD.
25TH SEP 2022 TO 1ST OCT 2022
TOLI PEER, RAWALAKOT, POONCH AJK

Editorial

ایڈیٹوریل

میمورنڈم۔۔اقوام متحدہ سے کشمیر پر ثالثی نہیں مداخلت کی اپیل۔

بشیر سدوزئی،

سچ تو یہ ہے
بشیر سدوزئی
bashirsaddozai@gmail.com

75 سال سے التواء کا شکار مسئلہ کشمیر کے حوالے سے بین الاقوامی برادری کے منفی رویہ خاص طور پر امریکا اور اقوام متحدہ کا قراردادوں سے ہٹ کر ثالثی کا موقف اپنانے پر جموں و کشمیر کے عوام خاص طور پر آزادی پسندوں کو شدید مایوسی کا سامنا ہے۔ مقبوضہ کشمیر میں خاموشی کسی بڑے طوفان کا پیش خیمہ ہے۔ جب کہ آزاد کشمیر میں آزادی پسند اور دنیا بھر میں پھیلے ہوئے کشمیر ڈائسپورہ اس بدلتی صورت حال پر سنجیدگی سے غور کر رہے ہیں۔ 29 ستمبر کو عمران خان کے دورہ مظفرآباد کے موقع پر شہر بھر میں بینرز لگائے گئے "تسلیم کشمیر""" "ہم کوئی غلام تو نہیں"۔۔ یہ پہلا موقع ہے کہ پاکستان کے کسی مقبول لیڈر کے دورہ کشمیر کے موقع پر اس طرح کے بینرز لگے ہوں۔ کشمیریوں کی یہ روایت رہی ہے کہ وہ پاکستان سے آئے ہوئے مہمان کی خندہ پیشانی سے استقبال کرتے رہے خواہ اس کا تعلق کسی بھی سیاسی جماعت سے ہو لیکن اس مرتبہ یہ بینرز نصب کر کے خاموش احتجاج کا پیغام دیا گیا کہ تمہاری سفارت کاری اور پالیسیوں سے ہماری تحریک آزادی کو نقصان ہی پہنچا۔ یہ پیغام صرف عمران خان کے لیے نہیں بلکہ کہ پاکستان کی قیادت اور حکومت کے لیے تھا چاہئے وہ کسی کی بھی ہو۔۔ کسی نے دعوی نہیں کیا کہ یہ بینرز کسی پارٹی یا گروپ نے لگائے تاہم کشمیری رہنماء کے ایچ خورشید کی جماعت جموں و کشمیر لبریشن لیگ تیز رفتاری سے بحالی کی طرف گامزن ہے۔ کے ایچ خورشید کے ایک ساتھی منظور قادر ایڈووکیٹ اس کے سربراہ ہیں نوجوان کثیر تعداد میں اس جماعت میں شامل ہو رہے ہیں۔ کے ایچ خورشید قائداعظم محمد علی جناح کے دست راست ہونے کی وجہ سے سمجھدار اور تربیت یافتہ لیڈر تھے اور ان میں یہ دو خوبیاں بدرجہ اتم موجود تھی جو کسی کامیاب لیڈر میں ضروری ہیں کہ ویژن اور دیانت داری کے ساتھ جدوجہد۔ کے ایچ خورشید نے 1962 میں ہی یہ محسوس کر لیا تھا کہ تحریک آزادی کشمیر کی سمت درست نہیں تسلیم کشمیر کا ویژن دیا تھا، پوری عمر سمجھاتا رہا کہ پاکستان اور کشمیریوں کے فائدے میں ہے کہ کشمیر کو بھارت کے قبضہ سے آزاد کرایا جائے۔ اب اقوام متحدہ نے ٹکا سا جواب دے دیا تو صاحب بصیرت سوچنے پر مجبور ہو گئے کہ کشمیر کو اگر بھارت سے آزاد کرانا ہے تو حکمت عملی تبدیل کرنا پڑھے گی۔ یہ بینرز اسی کا نتیجہ ہیں۔ ادھر امریکا میں مقیم کشمیری قیادت نے اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل کو ایک میمورنڈم پیش کیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ اقوام متحدہ مسئلہ کشمیر پر ثالثی نہیں مداخلت کرے۔ میمورنڈم کی عبارت سے اندازہ ہوتا ہے کہ کشمیری ڈائسپورہ نے سیکریٹری جنرل کے حالیہ بیانات کہ بھارت کشمیر پر اقوام متحدہ کی ثالثی کو تسلیم نہیں کرتا کا نوٹس لیا ہے اور اقوام متحدہ کو پرانی قراردادوں کا متن اور وعدے یاد دلائے ہیں کہ اقوام متحدہ کی ذمہ داری دو ملکوں کے درمیان ثالثی نہیں بلکہ تین فریقوں کے درمیان مسئلے کو حل کرنے کے لیے دنیا کا واحد ذمہ دار پلیٹ فارم کے طور پر مداخلت کرنا ہے۔ سیکریٹری جنرل کو پیش کئے جانے والے میمورنڈم پر صدر آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری، ورلڈ کشمیر اویئرنیس فورم کے صدر ڈاکٹر غلام این میر۔ عالمی فورم برائے امن و انصاف کے چیئرمین ڈاکٹر غلام نبی فائی۔ سینئر شاہین خالد بٹ، چیئرمین کشمیر مشن، یو ایس اے۔ سردار سوار خان، جموں کشمیر مسلم کانفرنس آفتاب شاہ چوہدری ظہور؛ پی ٹی آئی، سردار تاج خان، مسلم لیگ ن، محمد مشتاق، پی پی پی، سردار حلیم خان، جموں کشمیر لبریشن فرنٹ سردار نیاز خان؛ جموں کشمیر پیپلز پارٹی، اور سردار امتیاز خان گڑالوی، جموں کشمیر جماعت اسلامی شامل ہیں۔ نیویارک میں جہاں جنرل اسمبلی کا 77 واں اجلاس جاری ہے کشمیر سے تعلق رکھنے والی ان شخصیات نے سائیڈ لائن پر مختلف ممالک کے نمائندوں سے ملاقات کر کے اس میمورنڈم کی کاپیاں تقسیم کی تاہم مبینہ طور پر وزیراعظم پاکستان شہباز شریف سے کسی کشمیری وفد نے ملاقات نہیں کہ ذرائع کے مطابق وزیراعظم پاکستان کی خواہش کے باوجود یہ ملاقات نہیں ہو سکی واضح رہے کہ ماضی میں پاکستانی قیادت یو این او میں جانے سے قبل آزاد کشمیر حکومت اور قیادت کو اعتماد میں لیتی رہی ہے لیکن اب یہ خانہ پوری کی روایت بھی ختم کر دی گئی۔ 27 ستمبر 2022 کو نیویارک سے جاری علامیہ میں کہا گیا ہے کہ امریکہ میں مقیم کشمیریوں کی قیادت نے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل پر زور دیا ہے کہ وہ اقوام متحدہ کے چارٹر کے آرٹیکل 99 کو کشمیر میں نافذ کریں اور جموں و کشمیر کے عوام کی حقیقی قیادت کے ساتھ ہندوستان اور پاکستان کی حکومتوں کو مذاکرات کی میز پر لائیں۔ مسئلہ کشمیر کو ہمیشہ کے لیے حل کرنا ضروری ہے۔ میمورنڈم میں مزید کہا گیا ہے کہ جموں و کشمیر کے عوام اقوام متحدہ کے اس اصولی موقف کو سراہتے ہیں جو آپ نے 8 اگست 2019 کو بیان کیا تھا کہ مسئلہ کشمیر کو اقوام متحدہ کے چارٹر اور سلامتی کونسل کی قابل اطلاق قراردادوں کے تحت حل کیا جانا چاہیے۔ اس اصولی موقف پر جموں و کشمیر کے عوام آپ سے درخواست کرتے ہیں کہ ہندوستان کو اقوام متحدہ کی زیر نگرانی آزاد رائے شماری کے اپنے وعدوں کو پورا کرنے کے لیے پابند کیا جائے یہ اقوام متحدہ کی ذمہ داری ہے تا کہ کشمیریوں کی سرزمین میں جمہوریت اور سماجی انصاف کی بحالی کو یقینی بنایا جا سکے۔ اور وہ بھی دنیا کی دیگر عوام کی طرف پرسکون زندگی بسر کر سکیں۔ میمورنڈم میں اقوام متحدہ کو یاد دلایا گیا کہ حالیہ برسوں میں اقوام متحدہ کی 77 ویں جنرل اسمبلی کے آغاز کے ساتھ ہی دنیا میں نمایاں تبدیلی دیکھنے میں آئی ہے۔ اقوام متحدہ نے یہ دعوی بھی کیا بلکہ کریڈٹ لینے کی کوشش بھی کی کہ مشرقی تیمور، نمیبیا، جنوبی سوڈان اور دیگر ممالک کو آزادی دلانے میں مدد کی گئی ہے دعوی میں مذید کہا گیا کہ اقوام متحدہ کی کوششوں کی وجہ سے، لاکھوں لوگ جو حق خود ارادیت کے لیے تڑپ رہے تھے، اب خود کو آزاد پا کر خوش ہو رہے ہیں۔ لیکن بدقسمتی سے جب دنیا ان اقوام کی آزادی پر خوشیاں اور جشن منا رہی ہے، اور اقوام متحدہ کریڈٹ لے رہی ہے وہاں اسی دنیا میں بھولی ہوئی ایک چھوٹی سی سرزمین جموں و کشمیر اقوام متحدہ کو مداخلت کے لیے پکار رہی ہے۔ جس پر بھارت نے جبری قبضہ کر رکھا ہے۔ کشمیری قیادت نے اقوام عالم کو یاد دلایا کہ 75 سال سے زیادہ عرصے سے جموں و کشمیر کے عوام اقوام متحدہ کے زیر سرپرستی منصفانہ اور غیر جانبدارانہ استصواب رائے کے ذریعے اپنے حق خودارادیت کے لیے پرامن طریقے سے جدوجہد کر رہے ہیں جب کہ بھارت نے غیر قانونی طور پر منظم طریقے سے کشمیر کو بھارت میں ضم کرنے کے لیے اقوام متحدہ کے قوانین اور قراردادوں کی خلاف ورزی کی ہے، شہریت اور ڈومیسائل قوانین تبدیل کیے گئے ہیں۔ یہ قوانین کشمیر کی ڈیموگرافی کو تبدیل کرنے کے لیے بنائے گئے ہیں جو کہ سلامتی کونسل کی کشمیر پر منظور کی گئی 18 بنیادی قراردادوں کی خلاف ورزی ہے۔ کشمیری قیادت نے کہا کہ بھارت کا ان قراردادوں پر عمل درآمد سے انکار مسئلہ کے حل سے کھلا انکار ہے اور اس نے مذاکرات اور تنازعات کے پرامن حل کے بجائے اندھا دھند قتل و غارت اور دھمکی کا راستہ اختیار کیا ہے، جو دنیا کے امن و امان اور غربت کے خاتمے کے لیے غیر مقبول اقدام ہے۔ میمورنڈم میں کہا گیا ہے کہ اقوام متحدہ کے پاس انصاف کے اس اسقاط کو بدلنے اور تشدد کو ختم کرنے کی صلاحیت بھی ہے اور ذمہ داری بھی۔ اقوام متحدہ کے لیے بھارت اور پاکستان کے درمیان جنگ بندی کی خلاف ورزیوں کا محض ریکارڈ رکھنا کافی نہیں بلکہ اس پرانے اور بنیادی مسئلہ کو حل کر کے جھگڑے کو ختم کرنے کی ذمہ داری ہے۔ بھارتی مقبوضہ کشمیر میں بہت زیادہ انسانی ہلاکتیں ہو چکی ہیں جن کی تعداد 100,000 سے تجاوز کر گئی ہے۔ کشمیر کے سب سے زیادہ قابل احترام رہنما محمد یاسین ملک کو جیل کی کال کوٹھڑی میں زندگی اور موت کی صورتحال کا سامنا ہے۔ شبیر احمد شاہ مجموعی طور پر 36 سال جیل میں گزار چکے ہیں۔ خرم پرویز، جو ٹائم میگزین کے مطابق 2022 کے 100 بااثر افراد میں سے ایک ہیں، ان پر غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے ایکٹ کے تحت فرد جرم عائد کر کے جیل میں ڈال دیا گیا، مسرت عالم بٹ پر لگایا جانے والا پبلک سیفٹی ایکٹ (PSA) عدالت سے 35 بار منسوخ کیا گیا، لیکن وہ تا حال جیل میں ہیں، آسیہ اندرابی کو گرفتاری کے وقت تھپڑ مارے گئے اور تشدد کیا گیا۔ PSA کے ساتھ 20 بار جیل میں منتقل کیا گیا ہے اور ابھی تک تہاڑ جیل بھارت میں قید ہے۔ ایسے سینکڑوں سیاسی قیدی ہیں جو اقوام عالم کی توجہ اور مداخلت کے مستحق ہیں کہ انہیں بغیر کسی شرط کے اور بلا تاخیر رہا کیا جائے۔ ان کا کوئی جرم نہیں سوائے اس کے کہ اقوام متحدہ کے وعدے کو یاد دلاتے ہیں۔

کالم نگار سے 03002116511 واٹس اپ پر رابطہ کیا جا سکتا ہے یا bashirsaddozai@gmail.com پر

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

کیوبا کے سفر سے جڑی یادیں اور نظام تعلیم

بیرسٹر حمید باشانی

گزشتہ کالم میں میں نے پاکستان میں سیلاب کے تناظر میں کیوبا کے سیلاب سے جڑی یادوں کا تذکرہ کیا تھا۔ میں نے کیوبا کے چند ایک سفر کیے ہیں، اور ان سفروں کا مقصد صرف تفریح کبھی نہیں رہا۔ یہ سفر بنیادی طور پر مطالعاتی مقصد کے لیے رہے ہیں۔ سفر کے دوران میری مکمل توجہ کا مرکز یہ سوال رہا ہے کہ کیوبا کا سیاسی و معاشی نظام کیسے کام کرتا ہے؟ یہ نظام اپنانے کی وجہ سے کیوبا نے اپنے گردونواح کے ممالک کی نسبت کیا کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ اور دنیا میں اپنی سطح کے ممالک کے مقابلے میں کیوبا کہاں کھڑا ہے۔ اس مقصد کے لیے میری کیوبا کے دوستوں، شناساؤں اور عام لوگوں سے گفت وشنید ہوتی رہی۔ اکثر موضوعات ایسے رہے ہیں، جن پر دو لوگوں میں اختلاف رائے سامنے آتا رہا ہے۔ میں نے اس طرح کی صورت حال میں غیر جانبدار تحقیق کے ذریعے حقیقت تک پہنچنے کی کوشش کی ہے۔ میرا ایک طویل عرصے سے کینیڈا کیوبا فرینڈ شپ سوسائٹی سے قریبی تعلق رہا ہے۔ اس تعلق کی وجہ سے کئی لوگوں کے ساتھ دوستی اور شناسائی کے رشتے پیدا ہوئے۔ میں نے ان دوستوں کی مدد سے کیوبا کے کچھ ماہرین تعلیم، اساتذہ اور طلبا سے ملاقاتیں بھی کیں۔ لیکن ان لوگوں پر تکیہ کرنے کے بجائے میں نے اپنی دلچسپی کے موضوعات پر " فرسٹ ہینڈ نالج " ، براہ راست معلومات اور زمینی حقائق کو خود جاننے کو ترجیح دی۔ ایک سفر کے دوران کینیڈا کیوبا فرینڈ شپ سوسائٹی کے دوستوں نے ایک سکول ٹیچر ایلیسیا سے میرا تعارف کروایا۔ ان دوستوں کا خیال تھا کہ ایلیسیا رضا کارانہ طور پر مختلف تعلیمی اور تحقیقی اداروں کی سیر و سیاحت کے علاوہ اس موضوع سے جڑے سوالات کا جواب تلاش کرنے میں میری مدد کر سکتی ہے۔ فرینڈ شپ سوسائٹی کے دوستوں سے بات کرنے کے ایک دن بعد ہی مجھے ایلیسیا کا فون آ گیا۔ بھاری ہسپانوی لہجے میں انگلش بولتے ہوئے اس نے مجھے بتایا کہ اس نے اگلے دن مجھے ہوانا یونیورسٹی دکھانے کا پروگرام بنایا ہے۔ ہماری ملاقات کا وقت اور مقام طے ہوگیا۔ دوسرے دن دس بجے ایلیسیا ہوٹل کی لابی میں میرا انتظار کر رہی تھی۔ ہم باہر نکلے تو موسم ہمیشہ کی طرح کافی خوشگوار تھا۔ یونیورسٹی زیادہ دور نہیں تھی، اس لیے ہم نے بس کے بجائے تانگے کے ذریعے جانے کا فیصلہ کیا۔ تانگے میں بیٹھ کر ہم خوبصورت موسم سے لطف انداز ہوتے ہوئے بیس منٹ میں یونیورسٹی پہنچے۔ ہوانا یونیورسٹی جسے یونیورسٹی آف حبانا بھی کہتے ہیں شہر کے ویڈادو ڈسٹرک میں واقع ہے۔ یہ درس گاہ پانچ جنوری سترہ سو اٹھائیس میں قائم کی گئی تھی۔ یہ کیوبا کی سب سے پرانی یونیورسٹی ہے۔ بلکہ یہ پورے براعظم امریکہ کی قدیم ترین درس گاہوں میں سے ایک ہے۔ مزے کی بات یہ ہے کہ ابتدا میں یہ محض ایک مذہبی درس گاہ تھی۔ لیکن آج یہ ایک جدید یونیورسٹی ہے، جس کی پندرہ سے زائد قدرتی سائنس اور سماجی علوم کی فیکلٹیز ہیں۔ شروع شروع میں اس یونیورسٹی میں صرف قانون، آرٹ ، فلسفہ، اور مذہب پڑھایا جاتا تھا۔ سن اٹھارہ سو بیالیس میں اس یونیورسٹی کی حیثیت بدل کر اس کو ایک سیکولر قومی ادارہ بنا دیا گیا، اور کیوبا جب ریپبلک بنا تو اس یونیورسٹی کا نام نیشنل یونیورسٹی رکھ دیا گیا۔ اس یونیورسٹی کا ملک کی تعلیم اور سیاست میں بڑا اہم کردار رہا ہے۔ انیس سو باون میں جب بتیستا نے حکومت پر قبضہ کیا تو یہ درسگاہ حکومت مخالف سرگرمیوں کا گڑھ بن گئی، جس کی وجہ سے بتیستا نے اس یونیورسٹی کو بند کر دیا تھا۔ کاسترو کے دور میں اس یونیورسٹی سے انقلاب دشمن خیالات کو بے دخل کرنے کے لیے کئی اقدامات کیے گئے۔ یونیورسٹی ایک وسیع و عریض عمارت میں واقع ہے، جس کا پوری طرح جائزہ لینے کے لیے بہت وقت درکار ہے۔ تنگی وقت کے پیش نظر ہم نے صرف فیکلٹی آف آرٹ اینڈ لٹریچر اور بیالوجی کی تفصیلی سیر کی۔ ان فیکلٹیز میں گھومنے کے بعد ہم یونیورسٹی کے کیفے ٹیریا میں بیٹھ گئے۔ یہاں ہمارے ساتھ کیوبن لٹریچر کے ایک پروفیسر بھی شامل ہوگئے، جن کو ایلیسیا نے دعوت دے رکھی تھی۔ پروفیسر نے ہمیں بتایا کہ یونیورسٹی آف ہوانا کے علاوہ کیوبا میں تقریبا تیس سرکاری اور سترہ پبلک یونی ?ورسٹیز ہیں۔ ان تعلیمی اداروں کا ذریعہ تعلیم ھسپانوی زبان ہے۔ کیوبا کی یونی?ورسٹیز میں بیس ہزار کے قریب انٹر نیشنل اسٹوڈنٹ بھی زیر تعلیم ہیں۔ کیوبا کی یونیورسٹیوں کی رینکنگ میں یونیورسٹی آف ہوانا کا پہلا نمبر ہے۔ یونیورسٹی آف اورینٹ، اور پولی ٹیکنگ یونیورسٹی دوسرے اور تیسرے نمبر پر آتی ہیں۔ لانچ کے دوران ہم نے پروفیسر سے کیوبا کے تعلیمی نظام اور اس کی کامیابیوں پر گفتگو جاری رکھی۔ پروفیسر نے بتایا کہ انقلاب کے بعد تقریبا انیس سو اکسٹھ سے لیکر کیوبا کا نظام تعلیم ریاست چلاتی ہے۔ تعلیم بالکل مفت ہے۔ قاعدے سے لیکر یونیورسٹی تک طلبا مفت تعلیم حاصل کر سکتے ہیں۔ اس نے بتایا کہ عالمی بینک کی حالیہ رپورٹ کے مطابق لاطینی امریکہ اور کریبین میں کیوبا کا نظام تعلیم سب سے بہترین قرار دیا گیا ہے۔ اس کے نظام تعلیم کو ترقی یافتہ دنیا کے مقابلے میں رکھا جا سکتا ہے۔ کیوبا دنیا میں تعلیم پر سب سے زیادہ بجٹ خرچ کرنے والا ملک ہے، جس کی شرح تیرہ فیصد سے زائد ہے۔ چھ سال سے لیکر سولہ سال کے بچوں کے لیے تعلیم لازم ہے، اور اس پر سختی سے عمل کیا جاتا ہے۔ یونیورسٹی میں داخلے کے لیے داخلی ٹیسٹ کے علاوہ امیدوار کی جنرل نالج اور سیاسی خیالات کو بھی اہمیت دی جاتی ہے۔ میڈیکل کی تعلیم کیوبا کی ایک خاص سپیشلیٹی ہے۔ اس سلسلے میں کیوبا کا لاطینی سکول آف میڈیسن بہت مشہور ہے۔ بعض لوگوں کی رائے ہے کہ داخلے کی تعداد کے اعتبار سے شاید یہ دنیا کا سب سے بڑا میڈیکل سکول ہے۔ دو ہزار تیرہ کے اعداد و شمار کے مطابق دنیا کے ایک سو دس ممالک کے بیس ہزار کے قریب طلبہ اس میڈیکل سکول میں زیر تعلیم تھے۔ کیوبا اس سلسلے میں تیسری دنیا کے غریب طلبہ کو سکالرشپ بھی دیتا رہا ہے۔ دو ہزار پانچ کے زلزلے کے بعد کیوبا نے پاکستان سے ایک ہزار طلبہ کو سکالرشپ کی پیشکش کی تھی۔ اس اسکالر شپ پر داخلے کا عمل ہائیر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان کے سپرد تھا۔ اب تک اس سکالرشپ پر پاکستانی طلبہ کے چند بیچ اپنی تعلیم اور اس کے بعد کی انٹرشپ مکمل کرنے کے بعد پاکستان جا چکے ہیں۔ کیوبا کے میڈیکل سکولوں سے نکلے ہوئے طلبہ پوری دنیا میں اپنی خدمات سر انجام دے رہے ہیں۔ اقوام متحدہ کی رپورٹس کے مطابق دنیا کے ساٹھ سے زائد ممالک میں تیس ہزار کے قریب طلبہ اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ ایسا صرف آج سے نہیں، بلکہ ساٹھ کی دھائی سے ہو رہا ہے۔ ایک اندازے کے مطابق انیس سو تریسٹھ سے لیکر آج تک چھ لاکھ سے زائد کیوبن ہیلتھ ورکرز دنیا کے مختلف ممالک میں اپنی خدمات سر انجام دے چکے ہیں۔ دنیا بھر میں جنگ زدہ علاقوں اور قدرتی آفات سے متاثرہ لوگوں کو طبی سہولیات فراہم کرنے میں کیوبا کے ڈاکٹروں کا بہت ہی نمایاں کردار رہا ہے، جس کا مقابلہ کوئی اور ملک نہیں کر سکتا۔ یہ قابل رشک خدمات بنیادی طور پر کیوبا کے نظام تعلیم کی مرہون منت ہیں، جہاں تعلیم حاصل کرنے کے لیے تمام ذہین طلبہ کو مساوی مواقع میسر ہیں، اور کوئی طالب علم غربت کی وجہ سے تعلیم سے محروم نہیں رہتا۔ کیوبا کوئی امیر ملک نہیں ہے، لیکن اس نے عوام کو وسائل کو حکمران اشرافیہ کی عیش و عشرت پر نہیں، بلکہ عوام پر خرچ کیا ہے۔ دولت کی منصفانہ تقسیم کا نظام اپنایا ہے، اور آج یہ ملک تعلیم اور صحت کے شعبے میں ترقی یافتہ دنیا کے مقابل کھڑا ہے۔

ماحول، معیشت بچاؤ فارمولا

دھواں
سردار اشتیاق احمد آتش
0334-5123768

ہم ایک چھوٹی سی سٹیٹ آزاد کشمیر کے لوگ، جنگلات سے بھرے پہاڑوں پر رہنے والے لوگ، ہم میں سے کچھ تین سے چھ ماہ تک شدید برفباری اور سردی میں دنیا سے کٹ کے رہنے والے لوگ، جھرنوں آبشاروں کی سرزمین کے باسی، ہم چھوٹے بڑے گلیشیر کے ہمسائے اور پھر بھی ہمیں صاف ماحول میسر نہ آئے تو ہم سے بڑا بدنصیب اور کون ہوگا۔ گذرے 75 سالوں میں یہ مسئلہ اتنا سنگین بھی نہ تھا اور اجاگر بھی نہ ہوا تھا۔ گذشتہ دس بارہ سال سے پاکستان کی مرکزی حکومت جنگلات کے بچاؤ کیلئے بھاشن اور قانون بنانے کے مشورے اور احکامات دیتی رہی۔ لیکن شدید ٹھنڈ میں رہنے والوں کو کوئی متبادل ایندھن باوجود عالمی امداد کے نہیں مل سکا، اور فنڈز اسلام آباد کے نہاں خانوں سے باہر نکل نہیں پائے۔ اور جنگل کٹتے رہے۔ ماحولیات کے مسائل جنم لیتے رہے۔ پہاڑ ننگے ہوتے گئے اور بجلیوں اور کلاؤڈ برسٹ تباہی مچاتے رہے۔ تباہی آئی، بربادی آئی، قیمتی جانوں اور مال کا نقصان ہوا۔ اور پھر بھی الزام پہاڑوں پر بسنے والوں پر، اب نیلم ویلی کے نوے فیصد علاقے جہلم ویلی لیپہ ویلی کے راستوں پر اور ویلی میں کئی کئی ماہ دنیا سے کٹ کر جینے والے جنگل کی لکڑی سے حرارت حاصل نہ کریں تو کیا کریں، سردی میں ٹھٹھر کر مرجائیں۔ ٹھنڈ میں اپنے جانوروں کو کیسے بچائیں۔ یہ وہ سوالات ہیں جن کا جواب آج تک کوئی نہیں دے سکا۔ جنگلات کا اتنا بڑا ادارہ اور اس کے ذیلی شعبے بھی کوئی کارکردگی نہ دکھا سکے۔ اس کی بنیادی وجہ ہونے والے ناگذیر نقصانات کا درست اندازہ نہ ہونا اور سدباب کیلئے کسی حکمت عملی کا سرے سے موجود نہ ہونا ہے۔ چند روز پہلے وزیر جنگلات اکمل سرگالہ اور سیکرٹری جنگلات امتیاز احمد نے ایک پریس کانفرنس کے دوران برملا اظہار کیا کہ جنگلات کی چھ سو ایکڑ اراضی تو واگذار کروائی گئی ہے۔ لیکن جنگل کٹاؤ کے تدارک کیلئے کچھ بھی نہیں کیا جا سکا۔ اور نہ ہی جنگل کی قریبی آبادیوں کو گیس سلنڈر فراہم کیے جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ مقامی آبادیوں کی طرف سے کئی ملین فٹ لکڑی ضائع ہو رہی ہے۔ جس کا سدباب متبادل ایندھن دیے بغیر ممکن نہیں ہے۔ وزیر موصوف اور سیکرٹری جنگلات کا مؤقف درست ہے۔ اس مد میں مرکز کو سالہا سال تک بیرونی امداد بھی موصول ہوتی رہی ہے۔ ایک صدر پاکستان نے اسی حوالہ سے آزاد کشمیر میں لکڑی کا کاروبار کرنے والا ایک بڑا ادارہ ''اکلاس'' بھی ختم کروا دیا تھا۔ جس کے ملازمین آج تک بقایا جات کیلئے سسک رہے ہیں۔ بحرحال ہم نے اپنے دماغ کی پٹاری سے ایک ایسا فارمولا نکالا ہے۔ جو بغیر زیادہ فنڈز کے جنگلات کے بچاؤ کیلئے کارگر ثابت ہو سکتا ہے۔ اس کیلئے صرف دو تین وزارتوں کو مل کر کام کرنا ہو گا۔ یہ فارمولا خیبر پختونخواہ اور گلگت بلتستان کے جنگلات کے بچاؤ کیلئے بھی تیر بہدف ثابت ہو سکتا ہے۔ کرنا صرف یہ ہے کہ جنگلات، زراعت اور امور حیوانات اور لوکل گورنمنٹ کی وزارتیں یا سیکرٹریز کی سطح پر ہی لوگ مل کر بیٹھیں اور ایک فارمولے پر متفق ہوں۔ فارمولا صرف یہ ہے۔ کہ جنگلات کے تمام ہمسایہ باسیوں کو فوری طور پر بچھڑے گائے اور بھینس فراہم کیے جائیں۔ امور حیوانات کا آدمی مسلسل اُن سے لیزان میں رہے۔ لوکل گورنمنٹ اور جنگلات مل کر انہیں چھوٹے بائیو پلانٹ مہیا کریں۔ امور حیوانات اور جنگلات کے اہل کار، بائیو پلانٹس کی ٹریننگ حاصل کر کے مسلسل اُن کی نگرانی و معاونت جاری رکھیں صرف ایک سال کے عرصے میں ہر دو جانور رکھنے والا گھر مکمل طور پر بائیو گیس پر منتقل ہو جائے گا۔ اضافی طور پر جانوروں کے چارے کیلئے ایک تو محکمہ جنگلات انہیں گھاس کٹائی کی اجازت دے اور دوسرے محکمہ زراعت انہیں سبز چارے کیلئے معلومات اور بیج وغیرہ مہیا کرے۔ لوگوں سے بھی کمیونٹی شعر کے طور پر چار چار پانچ پانچ ہزار روپے لیئے جا سکتے ہیں۔ اور محکمہ جنگلات نگرانی بھی کرے کہ کہیں لوکل گورنمنٹ والے صرف فائیلوں کا پیٹ ہی نہ بھرتا رہیں۔ اس حوالے سے اگر تھوڑا سا خلوص اور سنجیدگی دکھائی جائے تو انتہائی معمولی فنڈز سے جو متذکرہ محکمے اپنی مدات میں سے نکال سکتے ہیں یا پھر اگلے سال کے بجٹ میں بھی آسانی سے شامل کروا سکتے ہیں اور محکمہ جنگلات اور محکمہ ماحولیات مل کر اسلام آباد سے بھی استفسار کریں کہ وہ سلنڈرز والا منصوبہ کیا ہوا۔ سلنڈرز صرف ذرا بڑی آبادیوں اور محلوں کی صورت میں رہنے والے والے لوگوں کو فراہم کیے جا سکتے ہیں۔ لیکن اس مہنگائی میں کوئی بھی گیس خرید نہیں سکے گا۔ اس لیئے ہر گھر کیلئے ایک بائیو پلانٹ ہی قابل عمل منصوبہ ہے وہ بھی سب کچھ مقامی سطح پر پورا ہو سکتا ہے کسی بھی گھر کیلئے دو خالی ڈرم اور کچھ پائپ، والز اور برنر وغیرہ ضرورت ہونگے۔ جو بہت کم قیمت میں تھوک میں فیکٹریوں سے خرید کر مہیا کیے جا سکتے ہیں۔ بس ذرا سی محنت، خلوص، دلچسپی اور سمجھداری کی ضرورت ہوگی جو وزیر اکمل سرگالہ اور سیکرٹری امتیاز کے پاس وافر موجود ہے۔ بس بلی کے گلے میں گھنٹی باندھنے کی دیر ہے پھر سب ٹھیک ہوجائے گا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

سیاسی توازن اور گڈ گورننس (چودھواں حصہ)

سردار پرویز محمود
(صدر کے۔ای۔اے)

چین تجربہ کر رہا ہے کہ مصنوعی بارش برسائے، یعنی بارشوں کا جو نارمل سلسلہ ہے اسے ڈسٹرب کر کہ انسان کی مرضی سے برش کے وقت اور شدت کا تعین کیا جا سکے۔ چین میں حکام کوشش کر رہے ہیں کہ گرمی کی شدید لہر اور خوشکسالی سے نپٹنے کے لیے بارش برسائی جاے اور اس کے لیے کلاوڈ سیڈنگ ٹیکنالوجی استعمال کی جاے۔ چین میں شدید گرمی اور خوشک سالی نے زراعت کی ترقی کو متاثر کیا ہے اور بہت سی بجلی پیدا کرنے والی یا محفوظ کرنے والی کمپنیاں بند ہونے پر آ گئی ہیں۔ کلاوڈ سیڈنگ ٹیکنالوجی میں ایک جہاز بادلوں میں بھیجا جاے گا جو سلور آئیوڈائیڈ خارج کرے گا اور جس کا نتیجہ یہ نکلے گا کہ بادل کنڈنس ہوکر بارش برسا دیں گے۔ سائنسدانوں کا خیال ہے کہ اس نوعیت کی جیو انجنیر نگ مستقبل میں سیارے پر آب و ہوا کی تبدیلی کے منفی اثرات سے نپٹنے کے لیے کارگر ثابت ہوگی۔ ڈیزٹ ریسرچ انسٹیٹیوٹ کے مطابق کلاوڈ سیڈنگ ٹیکنالوجی موسمیات کو تبدیل کرنے کا کنسپٹ ہے۔ برف کے بہت چھوٹے نیوکلیس کو بادلوں میں داخل کیا جاتا ہے جس سے بادل میں بارش یا برف برسانے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔ یہ پراجیکٹ ابھی تحقیقی مراحل سے گزر رہا ہے۔ تحقیق اور تکنیک کا بجٹ ہر سال مختص ہوتا ہے اور ہر چھ ماہ اور سال کے ٹارگٹ مقرر کیے جاتے ہیں۔ سال بعد ان اہداف کا تجزیہ کیا جاتا ہے اور وجوعات ڈھونڈی جاتی ہیں تاخیر اور ناکامی کی۔ اہداف کے حصول میں رکاوٹ کا درست اندازہ لگانا اور نئی کوشش شروع کرنا ریسرچ ڈیپاٹمنٹ کی اسائنمنٹس میں شامل ہیں۔

اسٹرائیڈ راک یا پتھر سے بنے ہوئے ٹکڑے خلا میں گردش کر رہے ہیں۔ ان میں کچھ جسامت میں بہت بڑے ہیں اتنے بڑے کہ اگر خدانخواستہ کوئی جسامت میں بہت بڑا اسٹرائیڈ اپنی بے پناہ قوت سے سفر کرتا ہوا زمین سے آ ٹکرائے تو ہماری زمین پر خوفناک زلزلہ آئے اور انسان زمین پر سے تلف ہو جاے۔ سائنسدان انتہائی جدید دوربینوں اور دوسرے آلات سے ایسے اسٹرائیڈ کی نقل و حمل پر نظر رکھنے کی کوشش کرتے رہتے ہیں جو خدانخواستہ زمین سے ٹکرا جائیں۔

ہم نے فیصلہ کیا اس خبر کو غور سے پڑھیں گے۔ منگل کی شام کو ناسا نے ایک خلائی شٹل لانچ کی ہے جو خلا میں ایک اسٹرائیڈ سے ٹکرائے گا اور یہ معلوم کرنے میں مدد ملے گی کہ اگر کوئی اسٹرائیڈ زمین کی طرف تیزی سے آرہا ہو تو کیا انسان ایک خلائی شٹل یا راکٹ فائر کرے جو زمین کی فضاء سے نکل کہ خلا میں اسٹرائیڈ سے اتنی قوت سے ٹکرائے کہ مذکورہ اسٹرائیڈ اپنی سمت تبدیل کر دے؟

بجٹ کی لاگت ہے تین سو تیس ملین ڈالر۔ اگر سب کچھ درست ہوتا ہے تو اگلے ستمبر میں پانچ سو چالیس کلوگرام سپیس کرافٹ ایک سو ساٹھ میٹر چوڑے اسٹرائیڈ میں پندرہ ہزار میل فی گھنٹہ کی رفتار سے ٹکرائے گا۔ اپلائیڈ فزکس لیبارٹری کی خاتون سائنسدان نینسی چیبٹ جو پراجیکٹ کو مینیج کر رہی ہیں نے بتایا ہے کہ اس سپیس کرافٹ یا راکٹ کے ٹکرانے سے اسٹرائیڈ ٹوٹے گا نہیں۔ بلکہ اسے ہلکا سا جھٹکا لگے گا۔ ایک نسبتا چھوٹا اسٹرائیڈ ایک دوسرے بڑے اسٹرائیڈ کے گرد گیارہ گھنٹے میں چکر کاٹ رہا ہے۔ جب بھیجا گیا سپیس کرافٹ اس اسٹرائیڈ سے ٹکرائے گا تو اس چھوٹے اسٹرائیڈ کا بڑے اسٹرائیڈ کے گرد گھومنے کا وقت دس منٹ کم ہو جاے گا۔ یعنی یہ چھوٹا اسٹرائیڈ بڑے اسٹرائیڈ کے تھوڑا قریب ہو جاے گا۔ مدار میں وقت کی کمی زمین پر موجود دوربین سے لگائی جاے گی۔ آربٹ میں گھومنے کے وقت میں اگر ستر سیکنڈز بھی کمی ہوئی تو پراجیکٹ کو کامیاب سمجھا جاے گا۔ ایک چھوٹا سا دھکا بھی مددگار ثابت ہوگا کہ مستقبل میں اسکی پوزیشن اس طرح سنبھل جاے گی کہ مذکورہ اسٹرائیڈ زمین کی طرف اپنا راستہ بدل لے گا۔

سائنسدان مسلسل ایسے ایسٹرائیڈز کو تلاش کر رہے ہیں جو خدانخواستہ مستقبل میں زمین کے لیے خطرہ بن سکتے ہیں۔ یہ سپیس کرافٹ جو فائیر کیا گیا ہے اسکو اسٹرائیڈ تک پہنچنے میں دس ماہ لگیں گے۔ اور یہ تصادم زمین سے تقریباً سات ملین میل کے فاصلے پر ہوگا۔

لنڈلی جانسن ایک دوسرے سائنسدان بتا رہے ہیں کہ ہم مسلسل ڈھونڈھ رہے ہیں زمین کے گرد کوئی اسٹرائیڈ زمین کے لیے خطرہ تو نہیں ہے۔ تصادم سے دس دن پہلے اس بھیجے گے سپیس کرافٹ سے ایک چھوٹا سپیس کرافٹ نکلے گا جو مذکورہ سپیس کرافٹ کے پیچھے جاے گا اور یہ چھوٹا سپیس کرافٹ اٹلی کی سپیس ایجنسی نے بنایا ہے۔ یہ بڑا والا سپیس کرافٹ اسٹرائیڈ سے ٹکرانے تک ویڈیو بھیجتا رہے گا۔ جبکہ چھوٹا والا سپیس کرافٹ جو اٹلی والوں نے بنایا ہے وہ تین منٹس بعد وقوعے کی تصاویر بنائے گا اور واپس زمین پر بھیجے گا۔

آمریکہ میں جس بیماری کا سب سے زیادہ خوف پایا جات ہے وہ ہے کینسر۔ مالیکیولر بیالوجی یعنی جین ایڈیٹنگ آلات، آرٹیفیشل انٹیلیجنس، ورچول ریلیٹی اور نینو میڈیسن سے بڑی امیدیں وابستہ ہیں کہ کینسر کا علاج ڈھونڈھ لیا جاے گا۔

یہ تفصیلات بین الاقوامی اخبارات بغیر تعصب کے، اور بغیر کانٹ چھانٹ کے چھاپ دیتے ہیں۔ اگر ایک ملک کا اخبار کانٹ چھانٹ کرے گا تو مخالف لابی کے اخبارات چھاپ دیں گے۔ اس لیے کہ یہ سچ ہے اور سچ کو اور انسانیت کے بھلے کی خاطر کی گئی کاوش کو زیادہ دیر چھپایا نہیں جا سکتا۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ان بڑے پراجیکٹس پر محض سیاست کی جاے، کرپشن کی جاے، اور مخالف سیاسی پارٹی پر الزام دھرا جاے۔ تب تو اس طرح کا کوئی پراجیکٹ اپنی تکمیل کو نہ پہنچے۔ اور تہذیب واپس پتھر کے دور کی طرف رواں ہوجاے۔ سیاست برائے سیاست کا اختتام ناکامی پر منتج ہونا قدرتی امر ہے۔ جو سیاست انسانیت کے بھلے کے لیے کی جاے۔ ایسی سیاست عبادت ہے، خدمت ہے انسانیت کی۔ اور بے شک خدا تعالی سب سے بڑا صلہ دینے والا ہے۔

اللہ ہمارا حامی اور ناصر ہو۔

☆☆☆☆☆

ابلیسی پلان

یہود و ہنود و نصاریٰ کفر کے تین نشان
مل کر تینوں نے بنایا ہے ایک پلان
زمانے میں اسلام کو پنپنے نہ دیں گے
مسلمان ہوگا مگر ہوگا نام کا مسلمان
مسلم کو کردیں گے ہم اتنا بے سروپا
اپنی ذات کو خود کرے گا کم ترگمان
چلے گا یہ ہماری ہی بیساکھیوں کے سہارے
جہاں میں ہو اس کی اپنی زمین نہ آسمان
تہذیب مغرب کے خنجر سے کریں گے ہلال
ہاتھوں میں ہوگی اس کی رگ جان
محیط و محسور کردیں گے بحر عصیاں میں
قاری نظر آئیں گے ہوں گے تارک قرآن
دھرتی پر ان کی ہوں گے ہمارے منشور
تابع ہمارے ہوں گے ان کے سب حکمران
شکیب خوش آئیں گے ان کو سامان تعیش
گلشن دے کے خریدیں گے ہمارے گلدان

عبدالقیوم شکیب

شاہ غلام قادر کا دورہ نیلم ویلی اور والہانہ استقبال

محمد اقبال مغل

پاکستان مسلم لیگ (ن) آزاد جموں و کشمیر کے صدر شاہ غلام قادر نے ضلع کوٹلی اور پونچھ کے کامیاب دوروں کے بعد 14 ستمبر کو اپنے حلقہ انتخاب نیلم کا رخ کیا 9 دن پر محیط نیلم ویلی کا یہ دورہ اس لیے بھی زیادہ اہمیت کا حامل تھا کہ جناب شاہ غلام قادر مسلم لیگ (ن) آزاد جموں و کشمیر کی قیادت سنبھالنے کے بعد پہلی مرتبہ اپنے حلقہ انتخاب میں شاردہ سے تاؤبٹ جا رہے تھے۔ شاہ غلام قادر عمائدین مسلم لیگ (ن) کے ہمراہ مظفرآباد سے خواجہ سیری پہنچے تو راستے میں مختلف مقامات پر فاتحہ خوانی اور تعزیت کرتے ہوئے گئے اگلے روز شاردہ سے کیل کا پروگرام تھا۔ صبح سویرے ہی خواجہ سیری کے مقام پر مسلم لیگی کارکنان گاڑیاں لیکر پہنچنا شروع ہو گئے اور ٹھیک 10 بجے یہ قافلہ کیل کی جانب رواں دواں تھا مسلم لیگ (ن) کیل کے لیگی کارکنان کی طرف سے کیل سیری کے مقام پر بہت ہی پرجوش اور عمدہ استقبال کیا گیا لوگ درجنوں گاڑیاں لیکر کیل سیری پہنچے اور گاڑیوں میں پجارو جیپیں موٹر سائیکل شامل تھے اور سب پر پارٹی پرچم لہرا رہے تھے جبکہ گاڑیوں پر نصب لاؤڈ سپیکر پر پارٹی ترانے اور مسلم لیگی نعرے گونج رہے تھے۔ نواز شریف زندہ باد، شہباز شریف زندہ باد، مریم نواز زندہ باد اور شاہ غلام قادر زندہ باد، یہ قافلہ دن ایک بجے شاہ غلام قادر صاحب کو لیکر کیل گراں کی جانب روانہ ہوا اور ٹھیک 2 بجے کیل گراں پہنچ گئے۔ یونین کونسل کیل کی تنظیم کی جانب سے استقبالیہ تقریب رکھی گئی تھی اس استقبالیہ تقریب میں عوام علاقہ کیل کا ہجوم امڈ آیا تھا۔ سپاسنامہ کے بعد شاہ غلام قادر صاحب نے اتنا پرجوش استقبال کرنے پر لیگی کارکنان کا شکریہ ادا کیا اور بتایا کہ میرے اس دورے کا مقصد مسلم لیگی کارکنان اور عوام علاقہ سے ملاقات اور بلدیاتی انتخابات کی تیاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں سب کو بتا دینا چاہتا ہوں کہ تمام فیصلے مقامی سطح پر ہونگے جماعت اپنی طرف سے کسی بھی کارکن کو نامزد نہیں کرے گی بلکہ تمام وارڈز کے معززین مل کر اپنے وارڈ سے کونسلر منتخب کریں اور پھر وارڈز کے صدور، نائب صدور، جنرل سیکرٹریز مل کر ایک نام کا انتخاب کریں جس نے یونین کونسل کا الیکشن لڑنا ہے۔ تقریب کے اختتام پر ٹاؤن صدر کی طرف چائے کا اہتمام تھا شام تک کیل کے مختلف علاقوں میں وفات پا جانے والے کارکنان کے لواحقین سے اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی اور ملاقاتیں جاری رہیں۔ دوسرے دن صبح شونٹھر ویلی جانا تھا صبح 9 بجے قافلہ شونٹھر ویلی کیلئے روانہ ہوئے راستے میں کالاوٹ، کنڈیاں والا بیل، بکواں، چھری، جھامرہ میں مختلف کارکنان کے گھر تشریف لے گئے فاتحہ خوانی کی اور لیگی کارکنان سے ملاقاتیں کیں وہاں سے فارغ ہوکر دومیل پائن، بیلہ پائن گرم ناڑ، راہوالا ناڑ، چٹا کٹھہ تک کے سفر میں کارکنان کی بڑی تعداد ہمراہ تھی چٹا کٹھ کے مقام پر ڈیڑھ کلومیٹر لنک روڈ کا افتتاح کیا اور چٹا کٹھہ بیس پر قاری ریاض صاحب کی طرف سے دعوت میں شریک ہوئے کھانا کھانے سے فراغت کے بعد دومیل بالا پہنچے دومیل بالا کے مقام پر کارکنان نے پرجوش انداز میں استقبال کیا۔ سیلاب سے تباہ ہونے والے 4 پلوں میں سے ایک پل دومیل بالا کا بھی تھا اسے دیکھا سکول کی بلڈنگ کے مطالبے پر انہیں نے بلڈنگ بنا کر دینے کا وعدہ کیا۔ ناریل نالہ پل، راہ والا ناڑ نالہ پل، بیلہ پائن پلوں کی تعمیر بارے حکومت سے بات کر کے جلد از جلد تعمیر کروانے کا کہا۔ وہاں سے فارغ ہونے کے بعد قافلہ کیل کیلئے روانہ ہوا رات 10 بجے تمام قافلہ کیل پہنچ گیا۔ دوسرے دن تین روزہ دورے پر گریس ویلی روانہ ہوئے۔ پھگل، جمگر، چیچڑ مانوں، ڈوگہ، جندر سیری سے ہوتے ہوئے جانوہی پہنچے اس سے قبل مختلف مقامات پر شاندار استقبال کیا گیا کارکنان کی طرف سے استقبالیہ تقریب منعقد کی گئیں۔ مسلم لیگی کارکنان اور عوام علاقہ تک محمد نواز شریف کا پیغام پہنچایا اور بلدیاتی انتخابات کے بارے میں جماعتی پالیسی سے آگاہ کیا گیا۔ مختلف مقامات پر فاتحہ خوانی کی گئی رات قیام جانوہی میں کیا اور اگلے دن مختلف مقامات سے ہوتے ہوئے مرناٹ بالا پہنچے مرناٹ کے عوام نے صدر جماعت بننے اور سڑکوں کا جال بچھانے پر شکریہ ادا کیا۔ مرناٹ بالا میں مختلف مقامات پر پروگرام جاری رہے رات قیام مرناٹ کے بعد صبح ہلمت کیلئے روانہ ہوئے راستے میں . شنڈ داس، سرداری، ساؤناڑ، ہانٹھی، کریم آباد میں جگہ جگہ شاندار استقبال کیا گیا۔ کارکنان کی بڑی تعداد موجود ہی سرداری اور دیگر مقامات پر بڑی بڑی استقبالیہ تقریب ہوئیں ان تقاریب سے خطاب کیا اور رات قیام ہلمت میں کرنے کے بعد دوسرے دن تاؤبٹ روانہ ہوگے تاؤبٹ کے عوام نے صدر جماعت بننے پر دل کی گہرائیوں سے مبارک باد پیش کی اور کچھ ادھورے کام جو ابھی مکمل نہیں ہوئے انہیں جلد از جلد تکمیل تک پہنچانے کا اصرار کیا شاہ غلام قادر صاحب نے ان کے تمام مطالبات کو سنا اور فوری عملدرآمد کا وعدہ کیا تاؤبٹ اور مختلف علاقوں کے دورہ کے دوران کارکنان مختلف مسائل کی نشاندہی کرتے رہے اور انھیں مطمئن کیا جاتا رہا دن تاؤبٹ میں گزارنے کے بعد شام اور واپس خواجہ سیری کیلئے روانہ ہوئے کیل اور گریس ویلی دورہ کے دوران ارسل خان صدیقی، خواجہ بشیر احمد، عبدالشکور ہانڈے، محمد اقبال مغل، خواجہ محمد اکبر، ملک بگو آمین، حافظ اجمل، چوہدری خانولی، مفتی محمود احمد، صحبت خان، بابو دلپذیر مغل عبدالستار ہرے اور دیگر کارکنان ان کے ہمراہ رہے کیل اور گریس ویلی دورہ کے دوران تمام وارڈز اور یونین کونسلوں کا دورہ کیا۔ اور جگہ جگہ بلدیاتی الیکشن کی تیاری مسلم لیگ (ن) کی کامیابی کیلئے اتحاد و اتفاق پر زور دیا گیا۔ گریس ویلی دورہ کے بعد رات خواجہ سیری کے مقام پر قیام کے بعد دوسرے دن سرگن ویلی کیلئے روانہ ہوئے شاردہ کے نامور لیگی کارکنان بھی ان کے ہمراہ تھے دورہ سرگن ویلی کے دوران۔ لسیاں، سرگن، سام گام، بکوالی، لیلم اور گھموٹ کا دورہ کیا سرگن پہنچنے پر چیئرمین عزیز کے ہمراہ کارکنان کی بڑی تعداد موجود تھی اور انھوں نے شاندار استقبال کیا بڑی استقبالیہ تقریب سرگن ہائی سکول کے گراؤنڈ میں منعقد ہوئی۔ استقبالیہ تقریب سے مختلف گاؤں کے معززین نے خطاب کیا اور شاہ غلام قادر صاحب کو صدر پاکستان مسلم لیگ ن آزاد کشمیر بننے پر دل کی گہرائیوں سے مبارک باد پیش کی۔ شاہ غلام قادر صاحب نے اپنے خطاب میں مسلم لیگی کارکنان کو آمدہ بلدیاتی انتخابات کی تیاری تنظیم اور جماعت کو درپیش مسائل بارے آگاہ کیا اور پھر مختلف مقامات پر فاتحہ خوانی کی اور کارکنان سے ملاقاتیں کیں۔ پورا دن سرگن ویلی میں گزارنے کے بعد شام واپس خواجہ سیری پہنچے رات قیام کے بعد صبح یوتھ ونگ اور سوشل میڈیا ونگ حلقہ بالائی نیلم کا اجلاس تھا اجلاس صبح 10 بجے شروع ہوا اور دن ایک بجے تک جاری رہا۔ اجلاس کی صدارت شاہ غلام قادر صاحب فرما رہے تھے۔ یوتھ ونگ کی تنظیم سازی پر طویل گفتگو ہوئی۔ شاہ غلام قادر نے کہا کہ آنے والا کل نوجوانوں کا آپ مسلم لیگ (ن) کا سبز ہلالی پرچم مضبوطی سے تھامیں رکھیں مسلم لیگ (ن) آپ کے حقوق اور عزت نفس کا تحفظ کرے گی۔ انہوں یوتھ ونگ اور سوشل میڈیا ونگ کے نوجوانوں کو آنیوالے بلدیاتی انتخابات میں اہم رول ادا کرنے کا کہا گیا تنظیم سازی سے متعلق تمام کارکنان کی رائے لی گئی تمام کارکنان نے مشترکہ طور پر یوتھ کی تنظیم سازی کا اختیار شاہ غلام قادر صاحب کے سپرد کیا۔ یوتھ ونگ کے نوجوانوں کے اجلاس کے بعد شاہ غلام قادر صاحب شاردہ پہنچے جہاں شاردہ سے ملحقہ تمام گاؤں کے کارکنان اور عمائدین علاقہ موجود تھے سب نے شاہ غلام قادر صاحب کا والہانہ استقبال کیا سوال و جواب کا سلسلہ چلتا رہا اس کے بعد شاہ غلام قادر صاحب نے کہا کہ میں تمام کارکنان اور عمائدین سے کہتا ہوں کہ ہم نے ہر حالت میں آمدہ بلدیاتی انتخابات جیتنے ہیں اس کے لیے ہمیں بہترین افراد کا انتخاب کرنا ہوگا۔ کیونکہ یہ الیکشن برادریوں کی بنیاد پر لڑے جاتے ہیں آپس کے چھوٹے چھوٹے اختلاف کو بھلا کر ہمیں یکجا ہونا ہوگا اور دوسری جماعتوں کو شکست فاش دینی ہوگی۔ رات گئے شاردہ سے فارغ ہوکر خواجہ سیری پہنچے رات قیام خواجہ سیری کے بعد صبح کنڈل شاہی کے لئے روانہ ہوئے راستے میں آٹھمقام میں پی ڈبلیو ڈی گیسٹ ہاؤس میں تھوڑی دیر کے لئے رکے اور پریس کانفرنس سے خطاب کیا۔ صحافیوں کے مختلف سوالات کے جوابات دیئے اور دورہ بالائی نیلم کے مقاصد سے آگاہ کیا جن میں خاص طور پر حالیہ سیلاب سے ہونے والی تباہی کے متعلق بتایا انہیں بتایا گیا کہ سیلاب سے ٹوٹ جانے والے پلوں اور بہہ جانے والی سڑکوں سے ویلی کے عوام کی پریشانی میں دیکھ کر آرہا ہوں میں وفاقی حکومت اور آزاد کشمیر حکومت دونوں سے بات کروں گا اور مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن کوشش کروں گا۔ آٹھمقام سے فارغ ہونے کے بعد کنڈل شاہی کیلئے روانہ ہوئے کنڈل شاہی کے مقام پر شمولیتی تقریب تھی کنڈل شاہی پہنچنے پر یونین کونسل کنڈل شاہی سے مسلم لیگ (ن) کے صدر فیصل قریشی کی قیادت میں کارکنان کی بڑی تعداد نے استقبال کیا شمولیتی پروگرام کنڈل شاہی بازار کے نزدیک ایک گیسٹ ہاؤس میں کیا گیا۔ گیسٹ ہاؤس کو پارٹی پرچموں سے سجایا گیا تھا۔ یونین کونسل کٹن جاگراں، یونین کونسل کنڈل شاہی کے کارکنان کی بڑی تعداد موجود تھی اس تقریب میں سابق صوبیدار میجر، مالک ایمز کالج اور مسلم کانفرنس کے بڑے رہنما جناب غلام رسول قریشی صاحب اپنے سیکڑوں ساتھیوں کے ہمراہ مسلم لیگ ن آزاد کشمیر میں شامل ہونے جا رہے تھے جمعہ کی نماز کے بعد تقریب کا آغاز ہوا تقریب سے مختلف سیاسی رہنماؤں نے خطاب کیا اور نئے شامل ہونے والے دوستوں کو خوش آمدید کہا۔ تقریب میں شامل نئے شامل ہونے والوں کو صدر جماعت نے پھولوں کے ہار پہنائے اور باضابطہ طور پر مسلم لیگ میں شامل کرنے کے بعد اپنے خطاب میں مسلم کانفرنس، پیپلز پارٹی، تحریک انصاف اور دیگر جماعتوں کو چھوڑ کر مسلم لیگ (ن) میں شامل ہونے والوں کو محمد نواز شریف، محمد شہباز شریف، مریم نواز اور اپنی جانب سے مبارک باد پیش کرتے ہوئے کہ آپ مسلم لیگ (ن) کی بہتری اور مضبوطی کیلئے کوشاں رہیں ہم آپ کے عزت نفس کا تحفظ اور آپ کو جائز مقام دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اب میری کوشش ہے کہ ہم سب مل کر جماعت کو 2016 کی پوزیشن پر لیجائیں اور چاہانہ سے تاؤبٹ تک دونوں نشستیں بھاری اکثریت سے جیتیں اس کے لیے آج سے نئے شامل ہونے والوں کیلئے جماعت کے دروازے کھول دیئے ہیں۔ تقریب کے اختتام پر غلام رسول قریشی صاحب کی طرف سے پرتکلف کھانے کا اہتمام تھا تمام لوگوں نے کھانا کھایا اور شاہ غلام قادر صاحب کو الوداع کیا اس طرح یہ 9 روزہ دورہ اختتام پذیر ہوا۔ حلقہ بالائی نیلم کے عوام کی دہلیز پر جا کر ان کے مسائل معلوم کیے گئے اور ان کے فوری حل کی کوشش کی گئی شاہ غلام قادر صاحب نے کیل کنڈیاں والا بیلہ سے ڈھکراں تک ساڑھے تین کلومیٹر پختہ سڑک اسی سال تعمیر کرنے کا اعلان بھی کیا۔

اس دورہ کے دوران عوام نیلم ویلی کی جانب سے محمد نواز شریف اور مسلم لیگ (ن) سے محبت کے مناظر جگہ جگہ دیکھنے کو ملے اور نیلم ویلی کے عوام مطمئن اور سرخرو پائے گئے۔ حلقہ بالائی نیلم میں مسلم لیگ (ن) ایک ناقابل شکست سیاسی قوت ہے اور شاہ غلام قادر کے مسلم لیگ (ن) کے صدر بننے کے بعد اس میں مزید مضبوطی آئی ہے لیکن لوئر نیلم میں گذشتہ الیکشن میں مسلم لیگ (ن) کی شکست کے بعد اس حلقہ میں محنت اور بہتر فیصلوں کی اشد ضرورت ہے۔ دعا گو ہوں کہ اللہ پاک شاہ غلام قادر صاحب کو صحت و تندرستی عطا فرمائے اور نیلم ویلی کے عوام کی مزید خدمت کی توفیق عطا کرے۔ آمین

تمام مضامین نیک نیتی سے شائع کیے جاتے ہیں، کالم نگاروں کی آراء سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں......(ادارہ)

بقیہ 1

بیلہ غائیپورہ لبیہ کو گرفتار کرتے ہوئے اس کے خلاف نارتان سی، بی این ایس اے کے تحت مقدمہ درج کرتے ہوئے تفتیش شروع کردی ہے مزید سنسنی خیز انکشافات کی توقع کی جارہی ہے پولیس نے منشیات فروشوں کے نیٹ ورک کے خلاف بھی کارروائی شروع کردی ہے منشیات کے دھندے میں ملوث مزید منشیات فروشوں کی گرفتاری کا بھی امکان ہے۔

بقیہ 2

بھر کے تمام تعلیمی اداروں اور مدارس کو مکمل طور پر سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب کو یقینی بنانے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق ہٹیاں بالا، چناری، چکوٹھی، چکار، وادی لیپاء، گوجر بانڈی اور گردونواح کے اکثر تعلیمی اداروں اور مدارس میں سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب نہ ہونے کے باعث طلباء اور طالبات عدم تحفظ کا شکار والدین میں بھی شدید تشویش میں مبتلا ہیں ضلع بھر کے اکثر تعلیمی اداروں میں کون گیا کون آیا کسی کے پاس کوئی ریکارڈ موجود نہیں ہے چناری کے ایک سرکاری تعلیمی ادارے میں چوری کی بھی واردات کی بھی اطلاع سامنے آئی ہے مختلف علاقوں میں سکول اوقات میں لوفر لڑکوں کی بھی سکولوں کے باہر چوک، چوہراؤں میں کھڑے ہونے اور طالبات کو تنگ کرنے کی متعدد شکایات سامنے آچکی ہیں لیکن ضلع جہلم ویلی کی انتظامیہ، محکمہ تعلیم، پرائیویٹ سکولز کے ذمہ داران نے خاموش تماشائی کا کردار ادا کرتے ہوئے طلباء اور طالبات کو حالات کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا ہے۔ جہلم ویلی میں درجنوں ایسے پرائیویٹ تعلیمی ادارے موجود ہیں جن کی ماہانہ آمدن لاکھوں روپے ہے اور سرکاری تعلیمی ادارے جن کے اکاؤنٹس میں لاکھوں روپے فنڈز موجود ہیں جان بوجھ کر سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب نہیں کر رہے اور نہ ہی انھیں آج تک کسی نے باز پرس کی ہے اگر انتظامیہ نے ذمہ داری کا مظاہرہ نہ کیا تو کسی بھی وقت کوئی ناخوشگوار واقعہ رونما ہونے کا خطرہ ہے عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ اگر بچوں کو مکمل سیکورٹی فراہم نہ کی گئی، سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب یقینی نہ بنائی گئی تو اگر کوئی واقعہ رونما ہوگیا تو اس کی تمام تر ذمہ داری ڈپٹی کمشنر ہٹیاں بالا پر عائد ہوگی۔۔۔۔۔

بقیہ 3

جذبہ قابل دید۔ بچوں، بوڑھوں، جوانوں سمیت ہر ایک 12 ربیع الاول کی تیاریوں میں مصروف۔ گزشتہ روز ڈپٹی کمشنر /چیئرمین بلدیہ چوہدری ساجد اسلم کی خصوصی ہدایت پر چیف سینٹری انسپکٹر پرویز اختر جلالی نے ہمراہ ٹیم مرکزی جامع غوثیہ مسجد محلہ بلیاہ کے گردونواح سے صفائی ستھرائی کا کام شروع کردیا۔ 12 ربیع الاول مرکزی جلوس کے راستوں میں صفائی کا کام جاری ہے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے چیف سینٹری انسپکٹر پرویز اختر جلالی نے کہا کہ ہمیشہ کی طرح اس بار بھی 12 ربیع الاول سے قبل شہر بھر بالخصوص مرکزی جلوس کے راستوں کو بہترین انداز سے صاف کیا جائے گا اس حوالے سے ڈپٹی کمشنر /چیئرمین بلدیہ چوہدری ساجد اسلم کی خصوصی ہدایت پر مرکزی جامع غوثیہ مسجد محلہ بلیاہ سے خصوصی صفائی ستھرائی کے کام کا آغاز کردیا گیا ہے۔ کوٹلی شہر کے تمام بازاروں، محلوں اور گلیوں میں میونسپل کارپوریشن کا عملہ 12 ربیع الاول تک متحرک رہے گا۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ کوڑا کرکٹ بازاروں اور گلیوں میں نہ پھینکیں بلکہ اپنے گھر کی ڈسٹ بن میں ڈالیں بلدیہ کے اہلکاران اپنے مقررہ وقت پر آئیں گے اور کوڑا کرکٹ لے جائینگے۔

بقیہ 4

میں ایشیائی ترقیاتی بنک، آئی ایف سی اور میرا پاور کمپنی کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈپٹی کمشنر نے مقامی آبادی کو درپیش مسائل پر کیمونٹی کے تحفظات سے شرکاء اجلاس کو آگاہ کیا اور ان مسائل کے حل میں انتظامیہ کی طرف سے تعاون کا یقین بھی دلایا۔ ڈپٹی کمشنر نے لوگوں کو راستوں کے ذریعہ رسائی، ڈیم کی وجہ سے ماحولیاتی مسائل کے حل اور سی ایس آر پلان کے تحت کیمونٹی کے لئے ترقیاتی منصوبے فوری مکمل کرنے پر زور دیا۔ اجلاس میں عالمی مالیاتی اداروں کے نمائندوں نے میرا پاور پر زور دیا کہ وہ یہ ایشوز حل کرے۔ ڈپٹی کمشنر نے سی ایس آر میں ضلعی انتظامیہ کی "ان پٹ" شامل کرنے پر بھی زور دیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ لوکل کیمونٹی نے پن بجلی کے قومی منصوبے کی تکمیل نے بھرپور تعاون کیا ان کے ایشوز حل کرنا کمپنی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے۔ ان مسائل کے حل میں ضلعی انتظامیہ اپنا تعاون جاری رکھے گی۔

بقیہ 5

چوہدری نے کہا کہ شریف اور زرداری پر نوازشات کی بارش سے طے ہے کہ اگر پاکستان کے عوام اس بار عمران خان کی کال پر باہر نہ نکلے تو اگلے 75 سال شریف اور زرداری کے بچوں کی حکومت پر مہر لگ جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ کروڑوں لوگ ایک بدمعاش اشرافیہ کی غلامی پر مجبور رہیں گے، واحد حل عوام کا سڑکوں پر آنا ہی ہے، عوام تیاری کریں۔

بقیہ 6

وطن کی محبت اور تعمیر وترقی نہ ہونے کی وجہ سے نامنودہ کراس میں جو بھوک ہڑتال کر رکھی ہے اگر کسی نوجوان کو بھوک ہڑتال کے دوران کچھ ہوگیا تو ساری ذمہ داری انتظامیہ اور حکومت آزاد کشمیر پر عائد ہوگی۔ سابق صدر آزاد کشمیر حاجی یعقوب خان ترجمان وزیراعظم آزاد کشمیر ڈاکٹر عرفان اشرف سردار خطاب اعظم نے چار ماہ قبل جب بھوک ہڑتال کی تو جبوتہ تحریک چلائی تو اہلیان جبوتہ کو یقین دہانی کروائی کہ جلد ہی علی سوجل روڈ پر کام شروع ہوجائے گا لیکن ایسا نہ ہوسکا مجبوراً دوبارہ بھوک ہڑتال کرنا پڑی۔ اب سردیاں آرہی ہیں برفباری میں کوئی بھی حادثہ ہوسکتا ہے روڈ کا کام نہ ہونے کے آثار نظر آتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا دلہیز پر انصاف دیتی ہے ہمارا احتجاج کے بغیر کوئی انصاف نہیں ملتا علی سوجل ہماری زندگی اور موت کا مسئلہ ہے۔ بروز ہفتہ یکم اکتوبر کھائی گلہ میں شدید احتجاجی مظاہرہ کیا جائے گا تاکہ بھوک ہڑتال کرنے والوں کی حوصلہ افزائی ہو۔

بقیہ 7

کے استعمال سے بڑھ رہی ہے۔ کھانے سے پہلے صابن سے ہاتھ دھوئیں، پانی ابال کر پئیں، سادہ اور حفظان صحت کے مطابق غذاء کا استعمال عمل میں لایا جائے۔ اردگرد کے ماحول کو صاف ستھراء رکھا جائے۔ ٹائی فائیڈ سے بچاؤ کیلئے 3 سے 15 اکتوبر تک شروع ہونیوالی مہم میں ویکسین لگوائیں۔ تمام شہری اپنے بچوں کو ٹائیفائیڈ سے بچانے کیلئے حفاظتی ٹیکہ جات ضرور لگوائیں۔ گزشتہ روز ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس آٹھ مقام سے جاری پریس ریلیز میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالمتین نے واضح کیا ہے کہ وادی بھر میں ٹائی فائیڈ کے کیسز رپورٹ ہوچکے ہیں۔ تمام شہری ٹائیفائیڈ کی وباء سے محفوظ رہنے کے لیے احتیاطی تدابیر اختیار کرتے ہوئے صحت عامہ آزاد کشمیر کی جانب سے ٹائیفائیڈ کیخلاف شروع کی جانیوالی مہم میں ویکسین لگوائیں۔ حفظان صحت کے مطابق خوراک کا استعمال کریں۔ شفاف اور ابلا ہوا پانی استعمال کریں۔ بچوں کو حفاظتی ٹیکہ جات لگوائیں۔ کھانا کھانے سے پہلے ہاتھ اچھی طرح صابن سے دھوئیں۔ صحت افزاء چیزیں کھائیں۔

بقیہ 8

کو بارہ مولا ضلع کے علاقے پٹن میں تلاشی اور محاصرے کی کارروائی کے دوران شہید کیا گیا۔ بھارتی فوج نے علاقے میں تلاشی مہم جاری رکھی ہوئی ہے۔ ادھر ضلع شوپیاں کے علاقے چھترا گام میں بھی بھارتی فوج کی طرف سے تلاشی اور محاصرے کی کارروائی کے دوران فائرنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ بھارتی فوجیوں نے ان اضلاع کے علاقوں یدپورہ، پٹن اور چھترا گام میں میں تلاشی اور محاصرے کی کارروائیاں شروع کی ہیں۔ پٹن اور چھترا گام میں تلاشی اور محاصرے کی کارروائیوں کے دوران نوجوانوں پر فوجیوں کی فائرنگ کے بعد جھڑپیں شروع ہوگئیں۔

بقیہ 9

اور جہاد آزادی میں حصہ لینے والوں کے حوالے سے وہاں کے مختلف لوگوں سے ملاقاتیں کیں، ان کے ہمراہ حافظ و قاری آصف الطاف پھلجڑی تراڑکھل بھی تھے، تمام لوگوں نے اس مجلّے کے کام کو سراہا اور ہر قسم کے تعاون کی یقین دہانی کرائی، سردار الیاس جنڈالوی نے باغ انجمن تاجران کے صدر خان محمد سلیم خان سے اہم ملاقات کی، خان محمد سلیم خان نے کہا کہ مجلّہ میں جو بھی مواد چھاپا جائے وہ سچ پر مبنی ہو، اسلاف کی قربانیوں کی تاریخ کو اجاگر کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، خان محمد سلیم خان نے کہا کہ اس سے قبل بہت سا مواد چھپ چکا ہے جس میں سچ وحق کی بجائے شک زیادہ ہے، مجلّہ میں ایسی تحریر ہو جس میں شک کی گنجائش بہت کم ہو، ہم ہر قسم کا بھرپور تعاون کرنے کیلئے تیار ہیں، انھوں نے کہا کہ 11 نومبر کو کیپٹن حسین خان شہید کی برسی پہ ضرور حاضری دیں گے

بقیہ 10

بھاری جرمانہ عائد تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر ایڈمنسٹریٹر چوہدری امجد اقبال نے شہریوں کی جانب سے موصولہ شکایات پر میونسپل مجسٹریٹ محمد مختار چوہدری وٹیری افیسر ڈاکٹر فہیم کالس ٹیکس انسپکٹر راشد علی بزمی پر مامور ٹیم نے مختلف ناشتہ شاپس ہوٹلز اور چائے خانوں پر فوڈ اتھارٹی کے ایس او پیز کے مطابق چیکنگ کی گئی اور حفظان صحت کے اصولوں پر عمل درآمد نہ کرنے والوں کو 19 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا اور میونسپل مجسٹریٹ محمد مختار چوہدری نے خبردار کیا ھے کہ اگر حفظان صحت کے اصولوں پر قطعی کمپرومائز نہیں ہوگا خلاف ورزی کی صورت میں کاروبار سیل کردیا جائے گا

بقیہ 11

رواں، عظیم مجتہد، مایہ ناز محقق، نامور مصنف، بے بدل مربی واستاد، عالم اسلام کے بطل جلیل علامہ یوسف القرضاوی 26 ستمبر 2022 کو اپنے آخری سفر پر روانہ ہوئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون حسن البنا کی شخصیت اور دعوت سے متاثر یوسف القرضاوی اعلائے کلمۃ اللہ، حق کی تائید و حمایت اور باطل کی سرکوبی کے لیے جدوجہد کرتے رہنے کا جو عہد ابتدائی زندگی میں کیا، اپنے اسلاف کی طرح آخری سانس تک وہ وعدہ نبھاتے رہے۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ مختلف سالوں میں ستمبر کے مہینے میں ملت اسلامیہ کے مختلف مایہ ناز عالم دین واکابرین، مفکرین و شہید اس دنیا سے رخصت ہوئے۔ جن میں امام بخاری یکم ستمبر، ابن تیمیہ 22 ستمبر، سید علی گیلانی ستمبر، وغیرہ بھی شامل ہیں۔ ان حضرات کی پوری زندگی جدوجہد، اقامت دین، دعوت دین، باطل سے کشمکش سے عبارت تھی۔ یہ سب کے سب گوہر نایاب تھے۔ یوسف القرضاوی 1926 میں پیدا ہوئے تو 1949 یعنی 23 سال کی عمر میں ہی آپ کو حق پسندی کی پاداش میں وقت کے ظالم حکمرانوں کے ہاتھوں قید ہونا پڑا اس کے بعد بھی آپ وقتاً فوقتاً ظالم حکمران کی آنکھوں میں حق گوئی وحق پسندی کی پاداش میں کھٹکتے رہے۔ جس کے نتیجے میں آپ کے لیے مختلف مواقعوں پر جیل کے دروازے کھولے گئے۔ لیکن یہ تعذیب خانہ حسن البنا وسید مودودی کی تحریک ودعوت سے متاثر اس مرد حق کو مردِ قلندر اور قلم کے بادشاہ کو جھکانے میں کامیاب نہ ہوسکے۔ آپ آخری سانس تک اسلام اور حق پسندی کی گواہی نہ صرف اپنی تحریروں سے دیتے رہے۔ بلکہ اپنی تقریروں کے ذریعے سے بھی اپنی زبان کو اسلام وحق گوئی سے تر کرتے رہے۔ غرض مرتے دم تک اسلام کے مشن کی آبیاری کرتے رہے۔ علامہ یوسف القرضاوی نے اپنی پوری زندگی کو علمی کاموں کے لیے وقف کی تھی اور تحریکی افراد کے لیے فکری غذا تیار کرتے رہے۔ آپ کی گراں قدر تصنیفات تقریباً دوسو ہیں۔ جن میں فتاویٰ حلال وحرام، دین میں ترجیحات، سیکولرزم، دین اور سیاست، فقہ الصلوۃ، فقہ الزکوۃ وغیرہ شاہکار کی حیثیت رکھتی ہیں۔ آپ کو اپنی علمی وسعت اور گہرائی کی وجہ سے دنیا بھر میں مجتہد، مجدد اور مفکر کی حیثیت سے یاد کیا جاتا ہے۔ آپ کے انتقال سے ملت اسلامیہ ایک دردمند دل رکھنے والے اور روحانی پیشوا سے محروم ہوگئی اور ایک علمی شخصیت سے یتیم ہوگئی۔ کیونکہ اس پایہ کا عالم دین اور مفکر ملت شائد ہی اس وقت دنیا میں موجود ہے۔ علمی دنیا سے آپ کے جانے سے ایک ایسا خلا پیدا ہوا جس کی بر پائی موجودہ دور میں ناممکن ہے، لہذا تحریک حریت جموں کشمیر انہیں شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا ہے کرتی اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں کہ پوری ملت اسلامیہ کو یہ صدمہ برداشت کرنیکی توفیق عطا فرمائے۔

بقیہ 12

ہونے کی کوشش نہیں کی۔ الخدمت ہسپتال سے سامان ہماری حساب فہمی کے بغیر کوئی نہیں اٹھا سکتا۔ البتہ ریلیف کا سامان میڈیا کی موجودگی میں کسی ذمہ دار کے حوالے کرینگے۔ ان خیالات کا اظہار راجہ ذوالفقار ایڈووکیٹ نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ میں نے 1960 نمبر خسرہ جوگریڈ کالونی میں واقع ہے موضع کیاٹ کی اعوان برادری سے اور ایک بیوہ خاتون سے 1998 میں خریدا۔ 2005 کے زلزلہ کے بعد خالی جگہ عارضی طور پر لوگوں کی خدمت کی خاطر پیا ہسپتال انتظامیہ کے حوالے عارضی طور پر کی۔ دو سال تک پیا ہسپتال کام کرتا رہا ہے۔ جب پیا کے ذمہ دار ہسپتال ختم کر کے واپس چلے گئے تو اس کا عارضی سیٹ اپ جماعت اسلامی ضلع باغ کی ضلعی قیادت نے ریلیف کا کام جاری رکھا۔ جب الخدمت فا؟ نڈیشن پاکستان نے ہسپتال قائم کرنا چاہا تو انہوں نے اس زمین کو استعمال میں رکھنے کی غرض سے میرے ساتھ ایگریمنٹ کیا۔ کیونکہ یہ زمین میں نے 95 لاکھ میں خریدی ہوئی تھی اور 15 لاکھ روپے اس کا ٹیکس بھی ادا کیا تھا۔ 2007 سے 2013 تک الخدمت فا؟ نڈیشن بذریعہ بینک اکا؟ نٹ کرایہ ادا کرتی رہی۔ ایک سابق ڈپٹی کمشنر کو مولانا عبدالمنان گوہر نے صحت اندراج کے لیے درخواست دی جو میں نے ناکام بنادی۔ بعد میں یہ معاملہ عدالت میں چلا گیا جہاں 17 سال تک کیس چلا۔ سیشن کورٹ سے لیکر ہائی کورٹ تک مالکان کے حق میں فیصلہ برقرار رہا اور سپریم کورٹ میں اپیل پر بھی عدالت سے فیصلہ برقرار رکھا اور اس پر عملدرآمد کے لیے باغ انتظامیہ، محکمہ مال، وزیر زراعت نے بھی کوئی رخنہ نہیں ڈالا جس پر حکومت آزاد کشمیر، ایڈمنسٹریٹرز، ضلعی انتظامیہ کے شکر گزار ہوں کہ انہوں نے زمین واگزار کروا کر ہمارے حوالے کی۔ عدلیہ نے بھی کمزور لوگوں کے حق میں فیصلہ دے کر یہ ثابت کردیا کہ یہاں ہر کسی کو انصاف مل سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 1955 اور 1960 نمبرات خسرہ ملکیت اور ریکارڈ کے مطابق ہمارے حوالے ہوگیا ہے جس کے 15 سے 18 لاکھ روپے ٹیکس ادا کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حساب فہمی کر کے کورٹ نے کرایہ کے ضمن میں 96 لاکھ روپے کرایہ بنتا ہے جو ادا کیا جائے گا۔ محراب ومنبر کے امین اگر غلط کام کرینگے تو ہمیں کیا سمجھا جائے گا؟ انہوں نے مطالبہ کیا کہ جماعت اسلامی کے سابق امیر اعجاز افضل کے فیصلے کو سامنے لایا جائے تاکہ باغ کے لوگ مافیا کا اصل چہرہ دیکھ سکیں۔ الخدمت ہسپتال میں دیانت دار اور فرض شناس لوگوں کے حوالے کیا جائے جن کا کردار بے داغ ہے ورنہ اس کی یہاں کوئی ضرورت نہیں ہے۔

بقیہ 13

سے متاثرہ علاقوں کو سیلابی صورت حال کا سامنا ہے۔ امریکی میڈیا رپورٹس کے مطابق طوفانی ہواؤں اور سیلابی صورتحال کے باعث مختلف حادثات میں اب تک 17 افراد ہلاک اور درجنوں زخمی ہوچکے ہیں، طوفان سے تعمیرات کو بھی شدید نقصان پہنچا ہے۔ فلوریڈا کی صورتحال پر امریکی صدر جو بائیڈن نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ اموات کی تعداد بڑھ سکتی ہے۔ دوسری جانب فلوریڈا کے گورنر کا کہنا ہے کہ طوفان سے جو تباہی ہوئی ہے وہ 500 برسوں میں نہیں دیکھی گئی، سب سے زیادہ فورٹ مائرز کا علاقہ متاثر ہوا ہے اور ریاست میں اب بھی 25 لاکھ سے زائد شہری بجلی سے محروم ہیں۔ امریکی نیشنل ہریکین سینٹر کے مطابق فلوریڈا کو نشانہ بنانے کے بعد سمندری طوفان 'آئن' دوبارہ شدت اختیار کر گیا، طوفان اب شمال کی جانب بڑھ رہا ہے۔

بقیہ 14

میں خودکش حملہ آور ہدف سے پہلے دھماکے سے ہلاک ہوگیا، دھماکے کے بعد کھیت سے ایک شخص کے جسم کے اعضاء ملے جس کے بعد پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کردی ہیں۔ یہ واقعہ جمعہ کی نماز سے قبل واقعہ پیش آیا۔ پولیس اور سی ٹی ڈی ٹیموں نے جائے وقوعہ سے شواہد جمع کر لیے۔ ریجنل پولیس آفیسر محمد علی گنڈا پور نے جائے وقوعہ کا دورہ کیا دھماکے کے حوالے سے معلومات حاصل کیں۔ واقعے پر آر پی او مردان محمد علی گنڈا پور نے کہا ہے کہ دھماکے سے خودکش بمبار ہلاک ہوا، دھماکا پولیس تھانہ چورہ کے نزدیک کھیتوں میں ہوا ہے، ریجن میں سیکورٹی ہائی الرٹ کردی گئی ہے۔ پولیس کے مطابق واقعے میں مزید کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، واقعہ کی جدید سائنس خطوط پر تحقیقات کی جارہی ہیں۔

بقیہ 15

حویلی، طارق احمد کشار یہ صدر الخدمت حویلی، حویلی بار کونسل کے صدر شیخ مسعود، ایاز حمید صاحب اور سول سوسائٹی سے کثیر تعداد میں معززین علاقہ نے شرکت کی اور الخدمت فاونڈیشن کا شکریہ ادا کیا کہ الخدمت نے آزاد کشمیر کے دور دراز علاقہ میں آکر ایسے خاندانوں کی مدد کی جو مالی استطاعت نہ ہونے کی وجہ سے اپنی بچیوں کی رخصتی نہیں کر پار ہے تھے۔

بقیہ 16

اٹھانا پڑا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق گزشتہ ایک دہائی میں کشمیر میں تقریباً 400 مرتبہ انٹرنیٹ سروسز بند کردی گئیں۔ حالیہ برسوں میں یہ سلسلہ اور تیز ہوگیا ہے۔ اس کی وجہ سے ہزاروں لوگوں کی ملازمتیں ختم ہوگئیں، چھوٹی صنعتیں یا تو بند ہوگئیں یا انہیں شدید اقتصادی نقصانات اٹھانا پڑے۔ سن 2019 میں انٹرنیٹ سروس بند کیے جانے کے دوران کشمیریوں کو اپنے عزیز واقربا کو فون کرنے یا دیگر ضروری کالوں کے لیے سرکاری دفاتر، تھانوں اور دیگر عوامی مقامات پر گھنٹوں قطاروں میں کھڑے رہنا پڑتا تھا۔ بعض لوگ تو انٹرنیٹ سروس استعمال کرنے کے لیے ٹرینوں کے ذریعہ میلوں کا سفر طے کر کے ان شہروں میں جاتے تھے جہاں تب یہ خدمات دستیاب تھیں۔ انٹرنیٹ سروسز بند کیے جانے سے پریشان 22 سالہ ملیحہ صوفی کہتی ہیں کہ انہیں تعلیم کے لیے مجبوراً کشمیر سے باہر جانا پڑا۔ انہوں نے دہلی کے ایک کالج میں داخلہ لے لیا ہے۔ وہ کہتی ہیں، "میں کسی ایسی جگہ نہیں رہ سکتی جہاں انٹرنیٹ کسی بھی وقت بند ہوجائے اور پھر کئی دنوں حتیٰ کہ کئی مہینوں تک بند رہے۔ مجھے تو کشمیر میں کوئی مستقبل نظر نہیں آتا۔ ایک 25 سالہ کشمیری نوجوان عمر مقبول کہتے ہیں کہ سن 2019 میں طویل عرصے تک جب انٹرنیٹ بند رہا تو ایسے لگتا تھا کہ جیسے انسان 'پتھر کے زمانے میں پہنچ گیا ہو۔

بقیہ 17

۔ کشمیریوں کی زمینوں پر قبضہ کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام تاریخ کے مشکل ترین وقت سے گزر رہے ہیں لیکن بے پناہ جبر اور مظالم کے باوجود انکے حوصلے پست نہیں ہوئے، دن بدن تحریک مزاحمت مضبوط ہونے سے ظاہر ہوتا ہے کہ کشمیریوں کی آزادی کے دن قریب ہیں ۔ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی پامالیاں عروج پر ہیں اقوام متحدہ کشمیر کا تنازع حل کرنے کے لیے فوری اقدامات اٹھائے اور بھارتی افواج کے جبر وتشدد ظلم و بربریت کو روکنے کے لیے کردار ادا کرے۔ بھارتی افواج نے جموں و کشمیر کو مقتل گاہ بنا دیا مقبوضہ کشمیر کی صورتحال انتہائی تشویشناک ہوچکی، حریت قیادت کو گرفتار کرکے جیلوں میں ڈال دیا گیا۔ کشمیریوں کو بھارتی فوج کی طرف سے کرفیو، کریک ڈاؤن، تشدد، لاپتہ، گرفتار، اور طرح طرح کی اذیتوں سے گزار جارہا ہے۔ بھارتی فوج نے پوری وادی کو قبرستان میں تبدیل کر رہا ہے، انہوں نے کہا کہ کشمیریوں کی معاشی طور پر مفلوج کیا جارہا ہے، خوراک اور زرعی ترقی کے تمام راستے کشمیریوں پر بند کیے جارہے ہیں۔ جموں و کشمیر عوامی پارٹی کے سربراہ جو پانچ اگست 2019 سے بھارتی جیل مقید ہیں انہوں نے کہا ہے کہ عالمی برادری، جموں و کشمیر میں جاری بھارتی مظالم روکنے کے لیے اپنا کردار ادا کرے، کشمیریوں کی عظیم جدوجہد کو سراہتے ہوئے اقوام متحدہ سے مطالبہ کیا ہے کہ وقت آگیا ہے اب وہ اپنا وعدہ پورا کرے اور کشمیریوں کو حق خود ارادیت دلائے۔ انہوں نے کہا کہ سات دہائیوں پہلے کشمیریوں سے کیا گیا وعدہ پورا نہیں کیا گیا

بقیہ 18

جماعت اسلامی ڈاکٹر خالد محمود نے پڑھائی،

بقیہ 19

وہ بچوں کی ہمیشہ اسی طرح تعلیم وتربیت کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے دیگر اداروں میں اپنا ایک منفرد مقام برقرار رکھیں گے۔

بقیہ 20

سرگرمیوں کی روک تھام کے قانون یو اے پی اے کے تحت مقدمہ قائم کیا گیا ان کے گھر کو بھی ضبط کیا گیا ۔ کشمیری خواتین کی تنظیم دختران ملت کی سربراہ آسیہ اندرابی نے مکان کو ضبط کئے جانے کے خلاف دہلی ہائی کورٹ میں درخواست دائر کی تھی۔ گزشتہ روز دہلی ہائی کورٹ نے مقدمے کی سماعت کی تو تحقیقاتی ادارے این آئی اے نے آسیہ اندرابی کی طرف سے مکان کو ضبط کئے جانے کے خلاف دائر درخواست کی مخالفت کی۔ این آئی اے نے ہائی کورٹ میں اپنے جواب میں دعویٰ کیا ہے کہ آسیہ اندرابی ضبط کئے گئے مکان کو دختران ملت کے دفتر کے طور پر استعمال کر رہی تھیں۔ دختران ملت کی سربراہ آسیہ اندرابی نے این آئی اے کی طرف سے مکان کی ضبطگی کے حق میں ٹرائل کورٹ کے فیصلے کے خلاف اگست میں ہائی کورٹ میں درخواست دائر کی تھی۔ این آئی اے کی طرف سے آسیہ اندرابی اور ان کے دو ساتھیوں فہمیدہ صوفی اور ناہیدہ نسرین کیخلاف غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے کالے قانون کے تحت مقدمے کے اندراج کے بعد 2018 میں گرفتار کیا گیا۔ جس کے بعد سے وہ نئی دلی کی تہاڑ جیل میں مسلسل قید ہیں۔ این آئی اے نے عدالت کو بتایا کہ اس جائیداد کو عسکریت پسندانہ سرگرمیوں اور یہاں تک کہ یوم پاکستان منانے کیلئے استعمال کیا گیا۔ این آئی اے نے اپنے جواب میں کہا کہ اندرابی نے اپنے ساتھیوں کے ساتھ اپنی رہائش گاہ اقبال کالونی، فٹ روڈ، صورہ میں باقاعدگی سے یوم پاکستان منایا جس میں بھارت مخالف تقاریر اور نعرے لگائے گئے، پاکستانی پرچم لہرانے کے ساتھ ساتھ پاکستان کے حق میں نعرے لگائے گئے اور یہ دعویٰ کیا گیا کہ کشمیر پاکستان کا حصہ ہے اور بھارت جارح ہے۔۔ بھارتی تحقیقاتی ادارے این آئی اے نے دہلی ہائی کورٹ کو بتایا کہ آسیہ اندرابی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم کا استعمال کرکے بھارت سے بغاوت کی۔ ہندوستان کی سالمیت، سلامتی اور خود مختاری کو خطرے میں ڈالا۔ ان کے خلاف جموں وکشمیر میں ان کے خلاف مختلف قوانین کے تحت انتیس مقدمات درج ہیں۔

بقیہ 21

بند کی گئی جس سے معیشت کو تقریباً 60 کروڑ ڈالر کا نقصان ہوا۔ صرف جموں و کشمیر میں ہی گزشتہ برس 85 مرتبہ انٹرنیٹ بند کر دیا گیا۔ مغربی نشریاتی ادارے کی رپورٹ کے مطابق دنیا بھر میں انٹرنیٹ سروس بند کیے جانے کے واقعات مسلسل بڑھ رہے ہیں لیکن اس حوالے سے بھارت کا ریکارڈ خراب ترین ہے۔ گزشتہ برس صرف جموں و کشمیر میں کم از کم پچاسی مرتبہ انٹرنیٹ سروس بند کی گئی۔ ڈیجیٹل حقوق کے لیے سرگرم تنظیم 'ایکسس نا' کے مطابق انٹرنیٹ سروس بند کرنے کے حوالے سے بھارتی حکومت کا ریکارڈ سب سے خراب ہے۔ اس ادارے کے مطابق گزشتہ برس بھارت میں کم از کم 106 مرتبہ انٹرنیٹ بند کی گئی جس سے معیشت کو تقریباً 60 کروڑ ڈالر کا نقصان ہوا۔ صرف جموں و کشمیر میں ہی گزشتہ برس 85 مرتبہ انٹرنیٹ بند کردیا گیا۔ بھارتی حکام نے سکیورٹی کو کشمیر میں انٹرنیٹ خدمات بند کرنے کا بنیادی سبب بتایا جب کہ ملک کے دیگر علاقوں میں مظاہروں، انتخابات، مذہبی تہواروں اور امتحانات کی وجہ سے انٹرنیٹ بند کیا گیا۔ انٹرنیٹ فریڈم فاؤنڈیشن سے وابستہ قانونی مشیر کرشنیش باپٹ کہتے ہیں کہ بھارت میں انٹرنیٹ بند کرنا انتہائی آسان ہے اور مرکزی اور ریاستی سطح کے حکام کسی عدالتی اجازت کے بغیر بھی ایسا کر سکتے ہیں۔ باپٹ کا کہنا ہے، "احتجاجی مظاہروں یا امتحانات میں نقل روکنے کے نام پر انٹرنیٹ خدمات بند کرنے کو ٹھوس فیصلہ قرار دے کر اسے سراہا جاتا ہے جب کہ ایسا کوئی ثبوت نہیں ہے جس سے یہ پتہ چل سکے کہ اگر انٹرنیٹ سروس جاری رہتی تو نتائج کچھ مختلف ہوتے۔ انٹرنیٹ پر پابندی دنیا بھر میں مسلسل بڑھ رہی ہے۔ اس کا وقفہ بھی بڑھتا جا رہا ہے اور ساتھ ہی اس سے ہونے والے نقصانات میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ ایکسس نا کے مطابق انٹرنیٹ بند ہونے سے معیشت متاثر ہوتی ہے اور کمزور طبقات کے لوگوں کو زیادہ اقتصادی اور سماجی نقصان ہوتا ہے۔ ایکسس نا کے مطابق گزشتہ برس 34 ملکوں نے 182 مرتبہ انٹرنیٹ سروس بند کی۔ سن 2020 کے مقابلے میں یہ تعداد زیادہ تھی۔ تب 29 ملکوں نے کل 159 مرتبہ انٹرنیٹ سروسز بند کی تھیں۔ ایکسس نا کا کہنا ہے کہ بھارت ان چند ملکوں میں سے ایک ہے، جنہوں نے انٹرنیٹ سروس بند کرنے کے لیے باقاعدہ ضابطے طے کر رکھے ہیں۔ حکومت نے سن 2017 میں یہ ضابطے بنائے تھے۔ سن 2020 میں بھارتی سپریم کورٹ نے کہا تھا کہ انٹرنیٹ سروس عوام کا بنیادی حق ہے اور کشمیر میں غیر معینہ مدت کے لیے انٹرنیٹ بند رکھنا غیر قانونی ہے۔ عدالت نے یہ بھی کہا تھا کہ انٹرنیٹ بند کرنے کے لیے نافذ کیے جانے والے تمام احکامات عام کیے جانا چاہییں۔ لیکن عدالت کے اس حکم کا کوئی خاص اثر نہ ہوا اور حکام نے کشمیر سمیت ملک بھر میں انٹرنیٹ پر پابندی لگانے کا سلسلہ جاری رکھا۔ باپٹ کہتے ہیں کہ اکثر اس کی وجہ بھی نہیں بتائی جاتی۔ وہ کہتے ہیں، "انٹرنیٹ سروس بند کرنے کے حکم کو عدالت میں چیلنج کرنا بھی مشکل ہے کیونکہ جب تک درخواست دہندہ عدالت میں جاتے ہیں، تب تک متعلقہ حکم کی مدت ختم ہوچکی ہوتی ہے۔ باپٹ کے مطابق اس کے باوجود ایسے احکامات کو قانونی طور پر چیلنج کرنا ضروری ہے کیونکہ قانون بار بار توڑے جارہے ہیں۔ اس سال کے اوائل میں کولکتہ ہائی کورٹ نے مغربی بنگال کی حکومت کا کئی اضلاع میں انٹرنیٹ سروس بند کرنے کا حکم منسوخ کر دیا تھا۔ ریاستی حکومت نے امتحانات میں طالب علموں کی طرف سے نقل روکنے کے سرکاری ارادے کو بنیاد بنا کر یہ حکم جاری کیا تھا لیکن عدالت نے کہا تھا کہ یہ حکم 'غیر منطقی تھا اور کوئی عوامی ایمرجنسی نہیں تھی۔

بقیہ 22

شہزادہ اعظم رانا کے انتقال پر پاکستان کے سابق فاسٹ بولر عمر گل نے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ عمر گل نے اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر لکھا کہ آسٹریلیا پہنچتے ہی شہزادہ اعظم رانا کی موت کا پتا چلا، وہ بہت ہی اچھا انسان تھا۔ عمر گل نے شہزادہ اعظم رانا کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے مرحوم کے لئے دعائے مغفرت بھی کی۔

بقیہ 23

کنٹرولر نے کہا کہ رنگ روڈ پر واقع گودام سے 300 تھیلے سرکاری آٹا برآمد کرکے 2 ملزمان گرفتار کرلئے گئے ہیں۔ اسسٹنٹ فوڈ کنٹرولر نے کہا کہ ملزمان کے خلاف ایف آئی آر درج کرکے سرکاری آٹا تحویل میں لے لیا گیا، مصنوعی قلت پیدا کرکے مارکیٹ میں مہنگا آٹا فروخت کیا جارہا تھا۔

بقیہ 24

نئی پابندیوں کا مقصد ایران کو غیر قانونی طریقے سے تیل اور پیٹرولیم مصنوعات کی فروخت سے روکنا ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ جب تک ایران 2015 میں کئے گئے جوہری معاہدے پر مکمل عمل نہیں کرتا ایران پر پابندیوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔ امریکا نے چین، متحدہ عرب امارات، ہانگ کانگ اور بھارت میں متعدد ایسی کمپنیوں پر پابندیاں عائد کی ہیں جن کے بارے میں خیال کیا جاتا ہے کہ وہ ایران کی فرنٹ کمپنیوں کے طور پر کام کررہی ہیں۔

بقیہ 25

12 فیصد لوگ نہایت غریب ہیں۔ ایک کروڑ 25 لاکھ کی آبادی کے حساب سے لاکھوں افراد کے پاس دو وقت کا کھانا میسر نہیں ہے۔ انڈیا میں جرائم پر نظر رکھنے والے ادارے 'نیشنل کرائم ریکارڈ بیورو' یا این سی آر بی کے مطابق انڈیا کے زیر انتظام جموں کشمیر واحد علاقہ تھا جہاں جرائم کی اوسط نہ ہونے کے برابر تھی۔ تاہم گزشتہ تین دہائیوں کے دوران ہر سال جرائم میں اضافہ ہو رہا ہے۔ بیورو کے مطابق گذشتہ دو برسوں میں انڈیا کے زیر انتظام جموں کشمیر میں جرائم کی شرح تقریباً 25 فیصد تک پہنچ گئی ہے۔ بعض حلقوں کا کہنا ہے کہ بڑھتی مہنگائی اور غربت نے جرائم کو جنم دیا ہے۔ جرائم کی بڑھتی شرح کے بارے میں بعض حلقے مختلف وجوہات بیان کرتے ہیں۔ سرکاری اعداد وشمار کے مطابق جموں کشمیر میں 12 فیصد لوگ نہایت غریب ہیں۔ ایک کروڑ 25 لاکھ کی آبادی کے حساب سے لاکھوں افراد کے پاس دو وقت کا کھانا میسر نہیں ہے۔

بقیہ 26

سے تاجران اپنے استعمال میں لا کر اللہ جلا جلالہ، محمد ﷺ قرآنی آیات اور مقدس تحریروں کی اس شدید بے ادبی، بے حرمتی گستاخی پر حکومت وقت فوری نوٹس لیتے ہوئے مذکورہ اخبارات وغیرہ پر مکمل پابندی عائد کرے، ان خیالات کا اظہار تحریک عالم اسلام نور علی نور کے رہنما اسلم کاظمی نے اپنے تحریری بیان میں کیا، انہوں نے حکومت وقت سے پرزور مطالبہ کیا کہ ملک میں فوری طور مکمل اسلامی قانون کا نفاذ اور عمل درآمد کروایا جائے تمام برائیوں کا خاتمہ صرف اور صرف نظام الہیٰ، اسلامی قانون میں ہے، ہمیں یقین ہے کہ صدر حکومت، وزیر اعظم، اسپیکر، وزیر خارجہ سمیت تمام اراکین حکومت وقت فوری کاروائی کرتے ہوئے جلد از جلد مکمل اسلامی قانون کا نفاذ اور عمل درآمد فرما کر ہماری حوصلہ افزائی کریں گے، اسلم کاظمی نے کہا کہ کوئی کسی بھی مسلک، مذہب یا کسی فرقہ سے تعلق رکھتا ہے اسے دوسروں کا احترام، تقدس پامال نہیں کرنا چاہیے، ہم کسی کہ تقدس کو پامال نہیں کر رہے اگر ہمارے ساتھ اسی طرح کا رویہ رکھا گیا، اس پر کسی بھی جان کا ضیاع ہوا تو اس کی تمام تر ذمہ داری حکومت وقت اور ان تمام اداروں پر ہوگی جن کو ہم نے تحریری اور زبانی استدعات کی ہوئی ہیں۔

بقیہ 27

پرحمی نبی اور کلمے کی بنیاد پر بننے والے ملک کے آئین میں بھی اور دین اور شریعت کوئی قانون سازی نہیں ہوسکتی اس کے باوجود حکومت پاکستان اور دیگر سیاسی جماعتوں کی ملی بھگت سے ہونے والی ٹرانس جینڈر قانون سازی کی مذمت کرتے ہیں ہرگلی ہر کوچے میں اس بل کے خلاف آواز بلند کریں گے۔

بقیہ 28

تقریباً 400 قومی اور علاقائی میڈیا ایڈیٹرز، نمائندوں اور گروپوں کی تنظیم سوسائٹی آف ایڈیٹرز نے صحافی کو 12 نومبر کو لندن میں ایوارڈ کی تقریب میں مدعو کیا ہے۔ سمعان لطیف گزشتہ چار برس سے ڈیلی ٹیلی گراف لندن کے ساتھ وابستہ ہیں اور جنوبی ایشیا کو کور کر رہے ہیں اور ان کا کام ہارٹیز (Haartez) انڈیپنڈنٹ یو کے اور کئی دیگر قومی اور بین الاقوامی اخبارات میں شائع ہو چکا ہے۔ گزشتہ ہفتے سمعان لطیف کو لندن میں ایشین میڈیا ایوارڈز کی بہترین تحقیقاتی صحافی کے ایوارڈ میں ڈیلی ٹیلی گراف کے جنوبی نمائندے مسٹر جو والن کے ساتھ فائنلسٹ کے طور پر منتخب کیا گیا تھا۔ انہیں ایوارڈ کی تقریب میں شرکت کے لیے برطانیہ کے شہر مانچسٹر آنے کی دعوت دی گئی ہے۔

بقیہ 29

جموں کشمیر نے عبدالصمد انقلابی کی مسلسل نظر بندی پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کے علیل محبوس سربراہ عبدالصمد انقلابی کو بلا کسی قانونی جوازیت کے گزشتہ چھ ماہ سے اترپردیش میں قید ہیں۔ حکومت بدترین سیاسی انتقام گیری کا مظاہرہ کرکے موصوف کے تحریکی حوصلوں کو متاثر کرنے کی سعی ناکام کررہی ہے قائدین کو قید کرکے عوامی تحریکوں کا رخ نہیں موڑا جاسکتا ہے اور اس طرح کے بہیمانہ حربوں سے قوموں کو اپنے مستقبل سازی کی تحریک یا شہدا کے عظیم قربانیوں کے تحفظ کے تقاضوں سے دستبردار نہیں کیا جاسکتا۔ جمان اسلامی تنظیم آزادی جموں کشمیر نے عبدالصمد انقلابی کو بلا تاخیر رہا کرنے کا مطالبہ دہراتے ہوئے کہا کہ اپنے سیاسی اور نظریاتی حریفوں کو جیلوں میں ٹھونس کر کوئی بھی حکومت حق وحقیقت سے فرار اختیار نہیں کرسکتی۔

بقیہ 30

۔ جموں و کشمیر کے مقامی وقف بورڈ نے اس کے خلاف باقاعدہ مہم چلا کر مجاوروں کو عوامی نذر ونیاز اکٹھی کرنے سے روک دیا ہے۔ اگست میں وقف بورڈ کی جانب سے حکمنامے کے اجرا کے فوراً بعد حکام نے پولیس کی مدد سے درجنوں مزاروں پر نصب چندے اور نذرانے جمع کرنے کی مخصوص پیٹیاں) باکس (ضبط کر لی تھیں۔ بی بی سی کے مطابق 1950 کے بعد جب شیخ محمد عبداللہ نے انڈیا سے علیحدگی کی تحریک چلائی تو انہوں نے مسلم اوقاف ٹرسٹ کے تحت مختلف مزاروں خاص طور پر سرینگر کے حضرت بل میں واقع مسجد نبوی کی طرز پر تعمیر ایک یادگاری آستانے کو اپنا سیاسی مرکز بنایا۔ پھر دہائیوں تک شیخ عبداللہ یا ان کی پارٹی نیشنل کانفرنس کے دوسرے رہنما مزاروں پر ہی لوگوں سے خطاب کرتے تھے۔ اکثر مبصرین کہتے ہیں کہ یہی وجہ ہے کہ بی جے پی کی حکومت کشمیر کی روایتی سیاسی قیادت کو مزاروں یا آستانوں سے دور رکھنا چاہتی ہے۔ وقف کی باقاعدہ تنظیم سنہ 1940 میں مسلم اوقاف ٹرسٹ میں اس وقت کے مقبول رہنما شیخ محمد عبداللہ نے کی تھی۔ وہ سنہ 1982 میں اپنے انتقال تک ٹرسٹ کے چیئرمین رہے۔ تاہم شیخ عبداللہ کے حریف مفتی سید نے سنہ 2003 میں اقتدار حاصل کیا تو انہوں نے اس کا نام تبدیل کر کے جموں و کشمیر وقف بورڈ رکھا اور وقف جائیداد کا حساب کرنے اور اس کے ذمہ داران کو جوابدہ بنانے کا اعلان کیا۔ سرکاری اعداد وشمار کے باوجود نذر و نیاز کے ذریعے ہونے والی سالانہ 60 کروڑ روپے کی آمدن اور اربوں روپے مالیت کے اثاثوں کے باوجود وقف بورڈ کے حالات میں کوئی بہتری نہیں آئی۔ سنہ 2019 میں نریندر مودی کی حکومت نے کشمیر کی خودمختاری کو ختم کر کے یہاں پر براہ راست وفاقی قوانین نافذ کیے تو وقف بورڈ بھی سینٹرل وقف ایکٹ کے زمرے میں لایا گیا۔ کشمیر میں بی جے پی کی سینیئر خاتون رہنما ڈاکٹر درخشاں اندرابی کو بورڈ کا وائس چیئر پرسن بنایا گیا جو صرف لیفٹیننٹ گورنر کے سامنے جوابدہ ہوں گی۔ قابل ذکر ہے کہ جموں و کشمیر میں سینکڑوں مزار ہیں جن میں ایران، بخارا، سمرقند، بلخ، ترکستان، ہمدان، اور وسط ایشیائی ممالک کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے صوفی بزرگ دفن ہیں، جو یہاں 14 ویں صدی سے 17 صدی تک تبلیغ کے سلسلے میں آتے رہے۔ وقف کی زیرِ نگرانی فی الوقت 68 مزار، 65 مساجد، 2000 کمرشل عمارتیں، 900 ایکڑ جنگلاتی زمین اور 300 ایکڑ سے زیادہ میوہ جات کے باغات ہیں۔ اس کے علاوہ بیسیوں سکول اور تین نرسنگ کالج بھی ہیں جبکہ ایک معروف یونیورسٹی بھی وقف کی ہی زمین پر ہے۔ تاریخ دان اور سماجی کارکن ظریف احمد ظریف کہتے ہیں: حکومت کی یہ مہم جبری ہے۔ انھوں نے کہا کہ اگر حکومت واقعی مذہب اور سیاست کو الگ کرنا چاہتی ہے تو مندروں سے بھی ان پروہتوں کو ہٹادے جو مندر جانے والے اعقیدت مندوں سے پیسے لے کر پرساد پکڑا دیتے ہیں۔ بڈگام ضلع کے چرار گاں میں مشہور شیخ نورالدین ولی کے نہایت مقبول مزار پر سال بھر عقیدت مندوں کا تانتا بندھا رہتا ہے۔ معروف مرخ اور قانون دان پروفیسر شیخ شوکت حسین کہتے ہیں کہ مسلم اوقاف ٹرسٹ کو بے شک شیخ محمد عبداللہ نے دہائیوں تک سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کیا لیکن 2003 میں مفتی سید نے نیا وقف قانون بنا کر اور ٹرسٹ کو سرکاری بورڈ میں تبدیل کر کے اس پر حکومتی کنٹرول حاصل کر لیا تھا۔ اب یہ بیانیہ ہی غیر متعلق ہوگیا ہے کہ مذہبی مقامات کا سیاسی استعمال ہوتا تھا کیونکہ جو لوگ ہندوستان پر حکومت کرتے ہیں وہ مذہبی مقامات کا استعمال کرتے ہوئے ہی اقتدار میں آئے ہیں۔

بقیہ 31

، چیئرمین وزیراعظم معائنہ وعملدرآمد کمیشن اور معاونین خصوصی کیلئے پیٹرول کی حد مقرر نہیں۔ پارلیمانی سیکرٹریز نافذ العمل قواعد کے تحت بالمقطع پیٹرول یا ڈیزل لے سکیں گے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق چیف سیکرٹری، ایڈیشنل چیف سیکرٹریز، آئی جی پولیس، گریڈ 21 اور 22 کے بالا آفیسرز اور جملہ سیکرٹریز، ڈی جیز، کمشنر مظفرآباد و ڈی آئی جیز 300 لیٹر ماہانہ، گریڈ 20 کے سیکرٹریز و سربراہان محکمہ جات بشمول ڈی سی، ایس ایس پی مظفرآباد ماہانہ 250 لیٹر فیول استعمال کرسکیں گے۔ ایڈیشنل سیکرٹریز، گریڈ 18 کے آفیسران، پی ایس او صاحبان ہمراہ صدر، وزیراعظم، ایڈیشنل کمشنر، اے ڈی سی، کو ماہانہ 200 لیٹر جبکہ گریڈ 17 اور 18 کے آفیسران کو 120 لیٹر پیٹرول ملے گا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق یہ پیٹرول صرف بلدیہ حدود کے لیے طے کیا گیا ہے۔ بیرون شہر وبیرون ریاست جانے والے آفیسران منظوری لیکر اضافی گاڑی یا پیٹرول منظور کروا سکتے ہیں نوٹیفکیشن فوری نافذ العمل ہوگا۔

بقیہ 32

ہیں گرفتار افراد میں دو افغان شہری اور ایک خاتون بھی شامل ہے اس میں مزید گرفتاریوں کا امکان ہے، راولاکوٹ پولیس کی بڑی کاروائی غیر ملکی شہریوں کو پاکستانی پاسپورٹ شناختی کارڈ اور بے فارم بنوا کر دینے والے گروہ کے چھ کارندے گرفتار کر لیے گرفتار افراد میں دو افغانی ایک خاتون اور ڈائیکٹوریٹ آف امیگریشن کے افراد بھی شامل ہیں ایس ایس پی راولاکوٹ کامران علی نے صحافیوں کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ گرفتار ہونے والے گروہ کا تعلق انٹرنیشنل مافیا سے ہیاور اس میں محکمہ داخلہ کے افراد بھی شامل ہیں یہ گروہ بھاری رقم لے کر غیر ملکی افراد کا پہلے نادرہ میں پاکستانی فیملیز کے فیملی ٹری میں نام اندراج کرواتے اور پھر بے فارم شناختی کارڈ اور پاسپورٹ بنوا کر دیتے ایس ایس پی راولاکوٹ نے بتایا کہ پچاس کے قریب غیر ملکی پاکستانی پاسپورٹ پر بیرون ممالک چلے گئے ہیں جبکہ کچھ افراد ابھی پاکستان میں ہیں جن کی گرفتاری کے لیے کوشش کی جارہی ہے انہوں نے کہا کہ ایف آئی اے نے کیس میں معاونت کی اور ابھی مزید سنسنی خیز انکشافات کی توقع ہے۔

بقیہ 33

نمائندوں کے ذریعے تعمیر وترقی کے کام کیے جاتے ہیں عوام کو براہ راست حکومتی معاملات میں شریک کیا جاتا ہے، آزاد کشمیر میں ممبران اسمبلی اول تو بلدیاتی انتخابات ہی خلاف ہیں اور ساتھ ہی یہ بھی اطلاعات ہیں کہ بلدیاتی نمائندوں کے مالیاتی اختیارات سلب کرنے کے لیے بل تیار کیا جارہا ہے، جماعت اسلامی باشعور عوام کے ساتھ مل کر اس سازش کے خلاف مزاحمت کرے گی، ان خیالات کا اظہار انھوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انھوں نے کہا کہ بلدیاتی اور طلبہ یونینز کے انتخابات تسلسل کے ساتھ ہوتے رہتے تو ریاست میں قیادت کا بحران بھی پیدا نہ ہوتا اور عوامی مسائل بھی کافی حد تک حل ہوچکے ہوتے، بلدیاتی ورطلبہ یونینز کے انتخابات قیادت کی تیاری کی نرسری ہے، ایک سازش کے تحت قوم کو قیادت سے محروم کیا گیا اور کیا جارہا ہے، جماعت اسلامی بلدیاتی انتخابات میں تاخیر اور بلدیاتی نمائندوں کے مالیاتی اختیارات کی سلبی کی سازش کی شدید مذمت کرتی ہے، انھوں نے کارکنان کو ہدایت کی کہ وہ بلدیاتی انتخابات کی مہم تیز کریں۔

بقیہ 34

انٹربینک میں 6 دن میں ڈالر 11 روپے 50 پیسے سستا ہوچکا ہے۔ اوپن کرنسی مارکیٹ میں ڈالر کی قدر 2 روپے کم ہوگئی جس کے بعد ڈالر کی قدر 228 روپے پر آگئی۔ جمعرات کے اختتام پر انٹربینک میں ڈالر 229 روپے 63 پیسے پر بند ہوا تھا۔ اوپن مارکیٹ میں ڈالر مزید 3 روپے سستا ہو کر 230 روپے پر بند ہوا تھا۔

بقیہ 35

نے ناکام بنا دیا، متاثرین اراضی نے عدلیہ کے فیصلے کو سراہتے ہوئے باغ انتظامیہ اور حکومتی ذمہ داران کے اس کیس کے متعلق غیر جانبدارانہ کردار پر شکریہ ادا کیا ہے، تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ماہر قانون راجہ ذوالفقار ایڈووکیٹ نے باغ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا ہے کہ الخدمت فاونڈیشن کی جانب سے کرایہ پر حاصل میری اراضی پر چودہ سال الخدمت فاونڈیشن باغ کا صدر عبدالمنان گوہر جو کہ محکمہ تعلیم کا ملازم اور باغ ہائی سکول میں مدرس ہے قابض تھا جبکہ جعل سازی اور باغ بلدیہ کی فرضی رسیدوں کے استعمال سے قبضہ جمائے بیٹھا تھا، الخدمت فاونڈیشن کا باغ بلدیہ سے کرایہ نامہ کا معاہدہ ظاہر کرتا رہا جبکہ حقیقت اس کے بلکل برعکس ہے۔ جس کی وضاحت باغ بلدیہ اور قائم مقام چیئرمین بلدیہ ڈپٹی کمشنر باغ تحریری وضاحت بھی دے چکے ہیں۔ مولانا منان گوہر نے کئی اراضیوں کے متعلق صحت اندراج کی درخواستیں دائر کر کے اصل مالکان کو بلیک میل کر رہا ہے جبکہ ان میں کئی ایسے بھی ہیں جو اوورسیز پاکستانی ہیں جس پر ماضی قریب میں اوورسیز فاونڈیشن پاکستان OPF ایکشن لے چکی ہے۔ سرکاری استاد مولانا منان گوہر نجی تنظیم کی صدارت کے ساتھ دیگر کئی حکومت مخالف سرگرمیوں میں ملوث ہے جو کہ اپنے شاگردوں کو استعمال کرتے ہوئے مظاہرے بھی کرواتا ہے جبکہ ماضی قریب میں باغ بلدیہ کے خلاف اپنے سکول کے طلبہ سے مظاہرہ کرواتے ہوئے جارحانہ انداز میں ایک مرتبہ استعمال کر چکا ہے، باغ انتظامیہ کی جانب سے واگزار کرائی گئی اراضی کے متعلق سوشل میڈیا پر اپنے لوگوں سے پروپیگنڈا مہم چلوا رہا ہے جو کہ سراسر غیر قانونی اور غیر اخلاقی ہے، راجہ ذوالفقار ایڈووکیٹ نے خصوصی طور وزیر حکومت سردار میر اکبر کا شکریہ ادا کیا جنھوں نے اس معاملہ میں غیر جانبدارانہ کردار ادا کیا جبکہ جماعت اسلامی باغ سمیت باغ کے علماء کرام، انجمن تاجران باغ اور دیگر مکتب فکر کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنھوں نے ہمیشہ اس اراضی کے متعلق قابض مولانا منان گوہر کی معاہدوں کی خلاف ورزی پر حوصلہ شکنی کرتے رہے۔

بقیہ 36

انصاف کی آڈیو لیک ہورہی ہیں، جمعہ کو سائفر کے حوالے سے مبینہ طور پر عمران خان اور ان کی ٹیم کی گفتگو کی ایک اور آڈیو سائفر کی سازشی کہانی پارٹ ٹو کے نام سے سامنے آگئی۔ سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو میں واضح طور پر سنا جا سکتا ہے کہ عمران خان پارٹی رہنماؤں کے ساتھ امریکی سائفر سے متعلق گفتگو کر رہے ہیں۔ آڈیو میں عمران خان، شاہ محمود قریشی کو مخاطب کرتے ہوئے کہہ رہے ہیں اچھا شاہ جی، کل ہم تینوں (عمران خان، اعظم خان اور شاہ محمود قریشی) نے اور وہ ایک فارن سیکرٹری نے میٹنگ کرنی ہے، ہم نے کہنا ہے کہ وہ جو لیٹر ہے نا اس کے چپ کر کے مرضی کے منٹس لکھ دے، اعظم خان کہہ رہا ہے کہ اس کے منٹس بنا لیتے ہیں، اسے فوٹو سٹیٹ کر کے رکھ لیتے ہیں۔ اسی دوران سابق پرنسپل سیکرٹری اعظم خان کہتے ہیں کہ یہ سائفر 8 یا 9 کو آیا ہے جس پر عمران خان کہتے ہیں کہ میٹنگ 7 کو ہوئی تھی، ہم نے تو کسی صورت امریکا کا نام لینا ہی نہیں ہے، اس ایشو پر پلیز کسی کے منہ سے ملک کا نام نہ نکلے، یہ آپ سب کے لیے بہت اہم ہے کہ کس ملک سے لیٹر آیا ہے، میں کسی کے منہ سے اس کا نام نہیں سننا چاہتا۔ آڈیو میں اسد عمر کہہ رہے ہیں کہ آپ جان کر اسے لیٹر کہہ رہے ہیں، یہ لیٹر نہیں میٹنگ کی ٹرانسکرپٹ ہے، جس پر عمران خان انہیں ٹوکتے ہوئے کہتے ہیں کہ وہی ہے نا میٹنگ کی ٹرانسکرپٹ ہے یا لیٹر ہے ایک ہی چیز ہے، لوگوں کو ٹرانسکرپٹ کی تو سمجھ نہیں آنی تھی نا، آپ پبلک جلسے میں ایسے ہی کہتے ہیں۔

بقیہ 37

گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا کے مزید 3 مریض انتقال کر گئے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں میں کورونا کے 11 ہزار 970 ٹیسٹ کئے گئے جس میں 43 افراد میں کورونا کی تصدیق ہوئی۔ کورونا کے 47 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک میں کورونا کے مثبت کیسز کی شرح 0.36 ریکارڈ کی گئی

بقیہ 38

کے، ہمارا احتجاج پرامن ہے، ہمیں کوئی جلدی نہیں، اپنا حق لے کر یہاں سے اٹھیں گے۔ مہنگی بجلی، مہنگے کھاد اور بھاری ٹیکسوں سے پریشان کسانوں کا دھرنا اسلام آباد میں جاری ہے۔ مظاہرین نے مطالبات کی منظوری کے بغیر دھرنا ختم نہ کرنے کا اعلان کردیا۔ کسان اتحاد کے ایک وفد نے وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ کے ساتھ مذاکرات کئے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے کسانوں کا ابتدائی طور پر ٹیوب ویل کے مطالبہ منظور کیا گیا جبکہ دیگر مطالبات بھی جلد منظور کئے جانے کی یقین دہانی کرائی گئی۔ تاہم کسان رہنماؤں نے کہا کہ وفاقی حکومت ہمیں فی یونٹ کی قیمت مختص کر کے دے تب ہم احتجاج ختم کریں گے۔ دھرنے میں موجود کسانوں کا کہنا ہے کہ ہمارا احتجاج پرامن ہے۔ ہمیں کوئی جلدی نہیں۔ اپنا حق لے کر یہاں سے اٹھیں گے۔ دھرنے کے شرکا کھلے آسمان تلے موجود ہیں۔ ریڈ زون میں جانے سے روکنے اور سکیورٹی کیلئے پولیس کی نفری بھی تعینات ہے۔

بقیہ 39

بھی پاکستان کے 22 کروڑ عوام کی طرح ہی عمران خان کو اپنا نجات دہندہ سمجھتی ہے۔ خواجہ فاروق احمد نے کہا کہ سردار تنویر الیاس صدر پارٹی / وزیراعظم آزاد کشمیر کی قیادت میں عوام نے جس طرح اپنے محبوب قائد عمران خان کا استقبال کیا وہ تاریخ میں ہمیشہ موجود رہے گا۔ اس جلسہ کی حیران کن بات یہ بھی کہ چیئرمین عمران خان کی تقریر ختم ہونے کے بعد بھی لوگ پیدل ہی جلسہ گاہ کی طرف رواں دواں تھے۔ خواتین کی بھی ایک اچھی خاصی تعداد جلسہ میں پہنچنے سے رہ گئی۔ مظفرآباد شہر کے تاجروں، کارکنوں، طالبعلموں، عام آدمی، بہنوں، بیٹیوں نے جس طرح شدید دھوپ میں گھنٹوں کھڑے رہ کر اپنے قائد کا انتظار، استقبال کیا اس کی کوئی مثال اس سے قبل نہیں ملتی۔

بقیہ 40

ڈالر کے کل انعامی رقم میں سے 4 لاکھ ڈالر ملیں گے۔ سپر 12 مرحلے میں براہ راست رسائی حاصل کرنے والی آٹھ ٹیمیں افغانستان، آسٹریلیا، بنگلہ دیش، انگلینڈ، بھارت، نیوزی لینڈ، جنوبی افریقہ اور پاکستان ہیں۔ دیگر آٹھ ٹیمیں چار چار کے دو گروپس میں تقسیم کی گئی ہیں، گروپ اے میں نمیبیا، سری لنکا، نیدرلینڈز، یو اے ای اور گروپ بی میں ویسٹ انڈیز، اسکاٹ لینڈ، آئرلینڈ اور زمبابوے شامل ہیں، جو پہلا راؤنڈ کھیلیں گی۔ پہلے مرحلے میں ایک میچ جیتنے کی انعامی رقم چالیس ہزار ڈالر ہے، جبکہ کل بارہ میچوں کے جیتنے کی انعامی رقم چار لاکھ اسی ہزار ڈالر ہوگی۔ پہلے راؤنڈ میں ناک آؤٹ ہونے والی چار ٹیموں کو 40 ہزار ڈالر ملیں گے۔ ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ 2022 کا آغاز 16 اکتوبر سے آسٹریلیا میں ہونے جارہا ہے جو کہ 13 نومبر تک جاری رہے گا۔

بقیہ 41

کے زیراہتمام رحمت اللعالمین کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ سردار عتیق احمد خان نے مزید کہا کہ مسلمانوں کی ترقی عروج اور طاقت سنت نبوی پر عمل درآمد سے وابستہ ہے جب تک وہ اس راستے پر کاربند رہتے ہیں تو دنیا میں ان کی طاقت کا ڈنکا بجتا ہے مگر جب مسلمان اس راستے سے ہٹتے ہیں تو ان کی طاقت بکھر جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سنت نبوی کی اتباع مسلمانوں کا سرمایہ ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک عادلانہ اور منصفانہ معاشرے کا قیام کر کے دنیا کی ایک مثالی ریاست قائم کی۔ یہ ریاست انصاف، دیانت اور روحانی اقدار پر مبنی تھی۔ مسلمان آج بھی جس مشکل صورت حال کا شکار ہیں اس کا حل سنت نبوی اور سیرت نبوی سے وابستہ ہونے میں ہے۔ کشمیر اور فلسطین کے مسلمان آج بدترین مظالم کا ہاتھ نہیں روک سکتے اس سے بڑی بے بسی اور کیا ہوسکتی ہے۔ انہوں نے آج کے مسلمان کی تنزلی کی بنیادی وجہ دین اسلام سے دوری ہے اگر مسلمان دنیا میں کھویا ہوا وقار بحال کرنا چاہتے ہیں تو اسوہ حسنہ کو اپنانا ہوگا۔

بقیہ 42

پاس منصوبے کا سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عمران خان کی حرکت پر پوری قوم کے سرشرم سے جھک گئے ہیں، آپ کسی کی قومیت پر سوال نہیں اٹھا سکتے، آپ نے پوری پارلیمان کو غدار کہہ دیا، عمران خان کا بیانیہ گزشتہ روز چور چور ہوگیا۔ انہوں نے کہا کہ پرسوں کی آڈیو لیک پوری دنیا نے سنی، کسی کو اب یہ کہنے کی ضرورت نہیں کہ یہ پاکستان کیخلاف بدترین سازش تھی، آج قوم تقسیم ہوچکی، عمران خان سازشی ذہن کے مالک ہیں انہوں نے قوم کو تقسیم کیا اور لوگوں کو گمراہ اور پاکستانیوں کو بدنام کیا۔ اس شخص نے اداروں کو تقسیم کرنے کی کوشش کی، اس میں کوئی دو رائے نہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ ورلڈکپ جیتنے کے بعد عمران خان کو اللہ نے عزت دی اور عمران خان نے شوکت خانم اسپتال تعمیر کروایا، کس کو پتہ تھا یہ ایسے انسان نکلیں گے۔ ہماری اتحادی حکومت آئی تو عمران خان نے سب کو غدار کہہ دیا۔ دنیا نے دیکھ لیا ایک منتخب وزیراعظم کس انداز میں کیا بات کرتے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ میں نے اپنے بھائی کی قیادت میں بہت اونچ نیچ دیکھی، حالات بدلتے دیکھے، میں نے بڑے بھائی کی لیڈرشپ میں 40 سال اس خاردار راستے میں سفر کیا ہے، ہماری مخلوط حکومت آئینی طریقے سے آئی، پارلیمان کے ووٹ کے ذریعے آئی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس شخص نے مہنگائی میں اضافہ کیا، ہمیں اس کا بوجھ اٹھانا پڑا، ہم نے مہنگائی آپ سے لی، مجبوری تھی، آئی ایم ایف کہہ رہا تھا کہ یہ شرائط مانو ورنہ گھر جاؤ، ہم نے سرتوڑ کوشش کی اور ملک کو دیوالیہ ہونے سے بچایا، اگر یہ ہوتے تو خدانخواستہ پاکستان دیوالیہ ہوچکا ہوتا، کیا لیڈرز اس طرح بنتے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہماری پوری کوشش ہے معیشت کو مضبوط کیا جائے، مہنگائی کو کم کیا جائے، ہمارے اپنے وسائل بہت محدود ہیں لیکن گھبرانے اور پریشان ہونے کی ضرورت نہیں، ہم سب نے مل کر ملک کو ان مسائل سے نکالنا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے مزید کہا کہ دبئی نے ریت سے اپنی معیشت کو بے پناہ سنوارا، اللہ تعالیٰ نے ہمیں سمندر اور دریا دیئے ہیں، ذہین لوگ دیئے ہیں، ہمارے پاس کیا چیز نہیں ہے، ہمارے پاس تگڑی فوج ہے، ایٹمی طاقت ہے، کس چیز کی کمی ہے۔

بقیہ 43

سیکرٹری تعلیم سکولز رزاق احمد ندیم کی زیرِ صدارت منعقد ہونے والے تعلیمی انتظامیہ کے غیر معمولی اجلاس میں کیا گیا۔ اجلاس میں نویں اور دسویں جماعت کے رزلٹ میں ناقص کارکردگی دکھانے والے اساتذہ اور انتظامی آفیسران کیخلاف سخت کارروائی کا فیصلہ کیا گیا اور طے کیا گیا کہ ناقص کارکردگی کے حامل اساتذہ سمیت متعلقہ اضلاع کے ڈی ای اوز، اے ای اوز کے خلاف بھی کارروائی کی جائے گی۔ اس موقع پر سیکرٹری تعلیم نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ تعلیم کے انتظامی افسران اپنے فرائض درست طور پر سرانجام دیں اور ان وجوہات کو تلاش کریں کہ دسویں جماعت کا رزلٹ تو اچھا رہا لیکن نویں جماعت میں رزلٹ اس قدر مایوس کن کیوں ہے۔ انتظامی افسران کی کارکردگی مایوس کن ہے، اساتذہ کی مانیٹرنگ میں انتظامی افسران ناکام رہے۔ تادیبی کارروائیوں کا آغاز انتظامی آفیسران سے کیا جائے گا۔ قانون اور قواعد سے ہٹ کر اگر کسی افسر نے کوئی قدم اٹھایا تو کارروائی کی جائے۔ اجلاس میں میں ڈی پی آئی (مردانہ)، ڈی پی آئی (زنانہ)، تینوں ڈویژن کے ڈی ڈی ایس، جملہ اضلاع کے زنانہ ومردانہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسران نے شرکت کی۔ جبکہ سینئر ایڈیشنل سیکرٹری تعلیم قاضی محمد عنایت اور ایڈیشنل سیکرٹری ارشد کاظمی بھی شریک تھے۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسران کوٹلی مردانہ، حویلی، مردانہ، زنانہ، باغ، زنانہ اور نیلم زنانہ ومردانہ کی غیر تسلی بخش کارکردگی کی بنیاد پر سخت سرزنش کی گئی اور اصلاح احوال کے لیے وارننگ دی گئی۔ یاد رہے کہ آنے والے دنوں میں محکمہ تعلیم میں وسیع بنیادوں پر تادیبی کارروائیاں شروع ہو رہی ہیں اور غیر تسلی بخش کارکردگی دکھانے والے انتظامی افسران اور اساتذہ کو تبدیل کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے۔

بقیہ 44

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے نو منتخب صدر کسابہ کروشی (CSABA KOROSI) اپنی صدارت کے دور میں مسئلہ کشمیر کے حل اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق کشمیری عوام کو اُن کا حق خودارادیت دلوانے کے لئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔ صدر ریاست آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے اس توقع کا بھی اظہار کیا کہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے نو منتخب صدر کسابہ کروشی (CSABA KOROSI) مسئلہ کشمیر پر اقوام متحدہ کی جو قراردادیں پاس کی گئی ہیں اُن کے مطابق مسئلہ کشمیر کے حل کے لئے اپنا رول ادا کریں اور کشمیری عوام جو ایک طویل عرصے سے بھارتی ظلم واستبداد کا سامنا کر رہے ہیں انہیں اقوام متحدہ کے چارٹر کے مطابق اُن کا حق خودارادیت دلوانے میں اپنا کردار ادا کریں گے۔ صدر آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے مزید کہا کہ بھارت نے 5 اگست 2019 کے بعد سے مقبوضہ کشمیر میں بے پناہ تبدیلیاں کرنا شروع کردی ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ کشمیری عوام پر ظلم و بربریت میں بھی اضافہ کردیا ہے۔ لہذا اقوام متحدہ اس کا فوری نوٹس لے اور مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی پامالی بند کرانے کے لئے اپنا کردار ادا کرے۔

بقیہ 45

میں اعتدال لانا ہوگا آفیسران دفتری کام کے بعد فیلڈ میں بھی جانے کی عادت بنائیں محکمہ اوزان و پیمائش، ڈرگ انسپکٹر ہفتہ وار شیڈول بنا کر دورے کریں ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر پونچھ ممتاز کاظمی نے اپنے دفتر میں ضلعی پرائس کنٹرول کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا ۔ اجلاس میں ضلعی پرائس کمیٹی کے ممبران، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز، چاروں تحصیل ہا کے اسسٹنٹ کمشنرز، تحصیلدار سمیت دیگر نے شرکت کی ۔ ڈپٹی کمشنر نے فوڈ اتھارٹی کو ہدایت کی ہے کہ وہ ایک ہفتہ میں بازار میں فروخت ہونے والی اشیاء خورونوش کے ریٹس اور کوالٹی کی رپورٹ پیش کریں ۔ سبزی فروٹس کی ریٹ لسٹ روزانہ جاری کریں جس پر اسسٹنٹ کمشنر عملدرآمد کو یقینی بنائیں ۔ انہوں نے آفیسران پر زور دیا کہ وہ غریب لوگوں کی زندگی میں آسانی لانے کے لیے روایتی انداز سے ہٹ کر کام کریں

بقیہ 46

وامان، ٹریفک، مقدمات، سوشل میڈیا کا غلط استعمال، غیر قانونی اسلحہ، نان کسٹمز گاڑیوں، منشیات کی روک تھام، فیک فون کالز، دفعہ 144 پر عملدرآمد جیسے معاملات زیر غور آئے ۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے نے حالیہ دنوں میں پولیس کی جانب سے غیر قانونی اسلحہ اور منشیات کے خلاف کی کارروائیوں پر پولیس آفیسران کو خراج تحسین پیش کیا ۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے کہا کہ ضلع بھر میں عوام الناس کی مشکلات کو دور کرنا ہمارا فرض ہے ۔ آبادی کے بڑھنے سے لوگوں کی مشکلات میں جو اضافہ ہوا اس کو بہتر منیجمنٹ سے کم کیا جاسکتا ہے ۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ممتاز کاظمی نے لاء اینڈ آرڈر کی صورتحال کو مزید بہتر کرنے کے لیے لیزان سے کام کریں ۔ انہوں نے کہا کہ راولاکوٹ میں ٹریفک کے بہاؤ کو بہتر کرنے کے لیے اقدامات کیے جارہے ہیں جس میں بلدیہ کے فنڈز کے ذریعے مختلف جگہوں پر ٹریفک یوٹرن بنائے جارہے ہیں ۔ اسسٹنٹ کمشنرز اور تھانہ جات کے ایس ایچ اوز دفعہ 144 پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں ۔ شہر میں بھکاریوں اور غیر ریاستی افراد کی وجہ سے جو مسائل پیدا ہو رہے ہیں اس پر مزید سختی کی ضرورت ہے ۔ انتظامیہ و پولیس کے آفیسران اپنی اپنی حدود میں عوام کے ساتھ بہتر تعلقات قائم کرتے ہوئے لوگوں میں سوشل میڈیا کے غلط استعمال اور فیک نیوز کے بارے میں آگاہی فراہم کریں ۔ اجلاس میں اس بات کا فیصلہ کیا گیا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف گھیرا مزید تنگ کیا جائے گا اور اپنی توانائیاں لوگوں کی مشکلات میں کمی لانے کے لیے صرف کی جائیں گی

بقیہ 47

کی اپنے وکیل کے ساتھ والہانہ عقیدت کا بین ثبوت ہے۔ چیئرمین عمران خان کی مظفرآباد آمد سے آرپار کے کشمیریوں کے حوصلے بلند ہوئے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کابینہ اور پارلیمانی پارٹی کے اراکین سمیت پارٹی قیادت سے ملاقات کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ سفیر کشمیر عمران خان کی کشمیری عوام سے والہانہ محبت پوری دنیا پر عیاں ہے جس پر کشمیری عوام نے کھلے دل کے ساتھ اپنے محسن کا پرجوش استقبال کیا۔ عمران خان نے اپنے خطاب میں ریاستی عوام کو اس بات کا یقین دلایا کہ وہ ان کا مقدمہ دنیا کے ہر فورم پر اٹھاتے رہیں گے۔ وزیراعظم نے کامیاب جلسہ عام کے انعقاد پر ممبران اسمبلی، قائدین و کارکنان تحریک انصاف، یوتھ، آئی ایس ایف اور آزاد کشمیر کے چپے چپے سے آئے ہوئے پی ٹی آئی کے کارکنان کا شکریہ ادا کیا اور مبارکباد پیش کی۔ وزیراعظم نے پی ٹی آئی خواتین ونگ کی ممبران اور دیگر عام خواتین کی جلسہ عام میں بھرپور شرکت کو بھی سراہا اور اس امر کا اظہار کیا کہ تحریک انصاف کی آزاد کشمیر میں قائم حکومت عوامی توقعات پر پوری اترے گی۔ آزاد کشمیر میں فلاحی معاشرے کے قیام سمیت تعمیر وترقی کے میدان میں آگے بڑھنے کے لئے پالیسی ترتیب دی جا چکی ہے۔ جس طرح آزاد کشمیر کے عوام عمران خان اور پی ٹی آئی کی یہاں قائم حکومت سے توقعات رکھتے ہیں اور محبت کرتے ہیں ان توقعات اور محبت کے جواب میں موجودہ حکومت بیروزگاری میں کمی اور معاشی طور پر خود کفالت جیسے موضوعات پر تیزی سے آگے بڑھ رہی ہے۔

بقیہ 48

، تنویر الیاس خان کی جانب سے عائد کردہ الزامات ثابت ہوئے تو اسمبلی رکنیت سے مستعفی ہونے کیلئے تیار ہوں ۔ اسمبلی اجلاس میں تحریک استحقاق جمع کروادی ہے، معافی نہ مانگی گی تو ریاست گیر احتجاج کی کال دی جاسکتی ہے، شیخ رشید اگر کوہالہ کے راستے واپس جاتا تو کارکنان پیپلز پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے خلاف ہرزہ سرائی پر اسے گندے انڈے مارتے تاہم وہ ہیلی کاپٹر پر واپس چلا گیا دوبارہ جب بھی کشمیر آیا اس کے خلاف احتجاج کرینگے ۔ پیپلز پارٹی دو اکتوبر کو آئندہ کا لائحہ عمل طے کرے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے مرکزی ایوان صحافت میں ممبر اسمبلی سید بازل علی نقوی، مرکزی نائب صدر مبشر منیر اعوان ایڈووکیٹ، سردار مبارک حیدر، ضلعی صدر سید علی نقوی، شوکت جاوید میر اور دیگر عہدیداران کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ چوہدری لطیف اکبر نے کہا کہ موجودہ حکومت عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہوچکی ہے، تاریخ میں پہلی دفع پی ٹی آئی کے حکومت اور حکمران جماعت نے اپنے ہی وزیراعظم کے خلاف عدم اعتماد کیا۔ 30 کروڑ روپے خرچ کر کے عمران خان کا جلسہ کروا کر عمران خان کا اعتماد حاصل کرنے میں بھی تنویر الیاس کامیاب نہیں ہوسکا، یہ بات ثابت ہوگئی ہے کہ یہ گراؤنڈ صرف پیپلز پارٹی ہی بھر سکتی ہے، انہوں نے کہا کہ عمران خان کی جلسی میں 85 فیصد لوگ مظفرآباد سے باہر کے تھے، 14 فیصد شہر سے باہر کے اور شہر کے صرف 1 فیصد لوگ ہونگے، انہوں نے کہا کہ سرکاری وسائل کا بے دریغ استعمال کیا گیا۔ ایم ڈی اے، پی ڈبلیو ڈی، میونسپل کارپوریشن، جنگلات کی سرکاری گاڑیاں اور دیگر وسائل کا استعمال کیا گیا، بیس کیمپ میں شیخ رشید جیسے بدتہذیب آدمی کو لاکر ریاست کا ماحول خراب کرنے کی کوشش کی گی۔ انہوں نے کہا کہ میرے اور زکوۃ کا الزام عائد کیا گیا اگر 1 روپیہ بھی ثابت ہوجائے استعفیٰ دینے کیلئے تیار ہوں۔ انہوں نے کہا کہ بلدیاتی الیکشن کیلئے ایسی مردم شماری کے اعداد وشمار پر حلقہ بندیاں کی گئیں جو نوٹیفائیڈ بھی نہیں ہے، لہذا شیڈول جاری ہونے سے قبل معاملات کو درست کرنے کی ضرورت ہے جیسے بھی حالات ہوں پیپلز پارٹی بلدیاتی الیکشن میں حصہ لے گی۔ دوسری جماعت سے اتحاد تو نہیں تاہم سیٹ ایڈجسمنٹ ہوسکتی ہے، انہوں نے کہا کہ پہلے اپوزیشن کے پاس مطلوبہ تعداد نہ تھی جب تنویر الیاس وزیراعظم بنا اس لیے ہم نے امیدوار نہیں لایا، اس موقع پر لطیف اکبر اور بازل علی نقوی نے کہا کہ پیر چناسی کی زمین پر قبضہ نہیں کرنے دینگے۔

بقیہ 49

کو بمع نہیں کرسکا وزرا نے بھی بہتی گنگا میں ہاتھ دھوئے آزاد کشمیر کے عوام نے تنویر الیاس کو اور اس کی پالیسیوں کو مسترد کر دیا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری ملازمین کو پنڈال لاکر عمران خان کا جلسہ کامیاب کرنے کی ناکام کوشش کی گئی حکومت آزاد کشمیر تمام تر سرکاری وسائل استعمال کر کے بھی عوام کو عمران خان کے استقبال کے لیے نہیں نکال سکی وزرا کی ریلیوں اور جلوسوں میں عوام سے زیادہ سرکاری ملازمین نمایاں تھے مگر پاور شو پھر بھی ناکام ہوگیا۔ عمران خان کا مظفرآباد میں ناکام جلسہ اس بات کا ثبوت ہے کہ آزاد کشمیر میں تحریک انصاف نامی جماعت کا کوئی مستقبل نہیں عوام نے عمران خان ٹولے کو مسترد کر دیا ہے عمران خان کشمیری عوام کا مجرم ہے اپنے دورہ اقتدار میں مودی سے گٹھ جوڑ کر کے کشمیر کا سودا کیا اسی عمران خان کے دورے حکومت میں مقبوضہ کشمیر میں دفعہ 370 اور 35A کا خاتمہ ہوا جس سے کشمیر کا وقار مجروح ہوا۔ انہوں نے مزید کہا کہ کشمیر کی حقیقی وارث پاکستان پیپلز پارٹی ہے جس کے بانی شہید ذوالفقار علی بھٹو کے وہ تاریخی الفاظ ہیں کے کشمیر کے لیے اگر ایک ہزار سال تک بھی جنگ کرنی پڑی تو ضرور کریں گے وہ وقت دور نہیں جب بھٹو شہید کا نواسہ محترمہ بینظیر بھٹو شہید کا لخت جگر سیاست کے بادشاہ آصف علی زرداری کا جگر گوشہ مملکت پاکستان کا وزیراعظم بن کر کشمیریوں کو ان کا بنیادی حق حق خودارادیت دلوا کر کشمیر کی آزادی کا خواب شرمندہ تعبیر کرے گا۔

بقیہ 50

میں ملاقات ہوئی ہے، جس میں دوطرفہ معاشی واقتصادی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا ہے۔ چینی سفیر نے سینٹر اسحاق ڈار کو وزیر خزانہ کا قلمدان سنبھالنے پر مبارکباد دی اور کہا کہ پاکستان کی اقتصادی ومعاشی ترقی کیلئے چین اپنا کردار ادا کرتا رہے گا۔ وزیر خزانہ اسحاق ڈار کا کہنا تھا کہ پاکستان چین کے ساتھ گہرے تعلقات رکھتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ چین نے ہر مشکل وقت میں پاکستان کا ساتھ دیا جو آئندہ بھی جاری رہے گا

بقیہ 51

، بارہ بجے تولی پیر کے مقام پر ان کا استقبال کیا جائے گا، اس کے علاوہ راولاکوٹ سے کیملیز کو تولی پیر تک پک اینڈ ڈراپ کی سہولت دی جائے گی، تولی پیر جانے والی فیملیز سے کہا گیا ہے کہ وہ آج یکم اکتوبر کو نو بجے سے قبل بوائز کالج راولاکوٹ میں پہنچ جائیں تاکہ بروقت گاڑیاں روانہ ہوسکیں، ونٹر سپورٹس ایسوسی ایشن کے زیراہتمام اس ایونٹ کیلئے گلف ایمپائر پرائیویٹ لمیٹڈ نے اقدامات کر رکھے ہیں، جبکہ فاز اسٹیٹ، محکمہ سیاحت، ضلعی انتظامیہ، پونچھ پولیس، حسین شہید گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج راولاکوٹ، جامعہ پونچھ راولاکوٹ، پونچھ میڈیکل کالج، غازی ملت پریس کلب راولاکوٹ، ریڈیو وائس آف کشمیر، ریونیو ڈیپارٹمنٹ، اے جے کے ٹورازم پولیس کی معاونت بھی گلف ایمپائر کو حاصل ہے، ترجمان گلف ایمپائر کی طرف سے جاری ایک پیغام میں کہا گیا ہے کہ راولاکوٹ میں ہونے والا یہ تاریخ ساز ایونٹ سیاحت کے فروغ کیلئے سنگ میل ثابت ہوگا، ان سرگرمیوں میں پاکستان اور آزاد کشمیر بھر سے سیاحوں، کھلاڑیوں کی آمد سے یہاں پر معاشی سرگرمیوں کو بھی فروغ ملے گا، انہوں نے راولاکوٹ اور ملحقہ علاقوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں سے کہا ہے کہ وہ ان تقریبات اور پروگرامات میں شرکت کو یقینی بنائیں، اختتامی تقریب میں آزاد حکومت کی سرکردہ شخصیات کی شرکت متوقع ہے۔

بقیہ 52

اس موقع پر موجود تھے۔ وزیراعظم آزاد کشمیر نے ہیڈ سٹارٹ سکول سسٹم باغ میں سہولیات کا جائزہ لیا اور جدید ترین سہولیات مہیا کرنے پر چیئرمین ایم ٹی بی سی کو مبارکباد دی۔ وزیراعظم سردار تنویر الیاس خان نے کہا کہ آزاد کشمیر میں معیار تعلیم کو بلند کرنے کیلئے نظام کو جدید ترین تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جارہا ہے۔ جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کیے بغیر ہم دنیا کا مقابلہ نہیں کرسکتے۔ انہوں نے کہا کہ ایم ٹی بی سی آزاد کشمیر میں مختلف سیکٹرز میں بہترین خدمات انجام دے رہی ہے۔ باغ میں ہیڈ سٹارٹ سکول جیسے بین الاقوامی معیار کے ادارے کا قیام خوش آئند ہے۔ اس موقع پر چیئرمین ایم ٹی بی سی محمود الحق نے کہا کہ ہیڈ سٹارٹ سکول سسٹم کا شمار پاکستان کے نامور تعلیمی اداروں میں ہوتا ہے۔ جس نے تعلیمی میدان میں گراں قدر خدمات سے اپنا نام بنایا ہے۔ ایم ٹی بی سی آزاد کشمیر میں معیاری تعلیم کے فروغ کے لیے مختلف منصوبوں پر کام کر رہی ہے۔ ایم ٹی بی سی نے حکومت سے تعلیمی ادارے لیز پر لیکر ان کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کر کے ماڈل سکولز بنانے کا سلسلہ بھی شروع کیا ہے

بقیہ 53

جلسے کی تیاریاں اور انتظامات کو حتمی شکل دی جارہی ہے۔

بقیہ 54

قاسم، ڈائریکٹر ورکس وسیم احمد اور دیگر بھی موجود تھے۔ اس موقع پر اجلاس کے دوران کیمونٹی کے افراد مولانا عبیداللہ اور دیگر نے وائس چانسلر ڈاکٹر ذکریا ذاکر کو منگ کیمپس آنے پر خوش آمدید کہا اور بعض مسائل کی نشاندہی کی ۔ وائس چانسلر نے گرمجوشی سے استقبال اور خیر مقدم کرنے پر مقامی لوگوں کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ جامعہ پونچھ کے منگ کیمپس کے استحکام کیلئے مل کر کام کرنا ہوگا۔ منگ تدریس اور تحقیق کیلئے انتہائی موزوں مقام ہے۔ انہوں نے کہا کہ مشکلات ضرور ہیں لیکن ہم مل کر مشکلات پر قابو پائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اعلیٰ تعلیم کے میدان میں درپیش چیلنجز کو سمجھ کر ان کا حل تلاش کرنا ہے۔ انہوں نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ اسلامی تاریخ کا مطالعہ کریں تو وہ چیلنجز سے نمٹنا سیکھ لیں گے۔ اس موقع پر وائس چانسلر نے طلبہ کے مطالبے پر ان کیلئے فوری طور پر مطالعاتی دورے اور لائبریری کیلئے بھاری رقم سے کتابیں خریدنے کا بھی اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ علاقے میں تعلیمی ماحول کی فراہمی اور لوگوں کو اس جانب راغب کرنے کیلئے مل کر کام کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں کو معیاری تعلیم یہاں پر ہی ملے تو لوگوں کو بڑے شہروں کی جانب جانے کی ضرورت نہیں محسوس ہوگی۔ ہم جامعہ پونچھ میں ایسا نظام اور جدید تقاضوں کے مطابق ایسے مضامین لائیں گے کہ لوگوں کو بڑے شہروں کی جانب جانے کی ضرورت محسوس نہیں ہوگی۔ بچے ہمارے لئے بہت اہم ہیں۔ ہم انھیں ہر ممکن سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائیں گے۔ دریں اثناء وائس چانسلر نے طلبہ اور فیکلٹی ممبران سے الگ الگ خطاب بھی کیا۔ طلبہ سے اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ ہمیں ہمیں طلبہ کو درپیش مسائل کا شدت سے احساس ہے، ہم طلبہ کے مسائل کو حل کرتے ہوئے انھیں تعلیمی اور تدریسی سرگرمیوں کیلئے سازگار ماحول فراہم کرینگے۔ انہوں نے کہا کہ مشکلات کے باوجود آپ کا تعلیمی سفر جاری رہنا چاہیے اگر ہم آئیڈیل ماحول کا انتظار کرتے رہے تو وقت کسی کا انتظار نہیں کرتا وہ گزر جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسائل کم کئے جاسکتے ہیں لیکن انھیں ختم کرنا فوری طور پر ممکن نہیں ہوتا۔ اگر ہم اسلام کے پھیلنے اور ہم تک پہنچنے کے مراحل پر ذرا غور کریں تو معلوم ہوگا کہ تعلیم کے راستے میں کتنی مشکلات پیش آئیں۔ ہم نے ان ہی مشکلات کو مدنظر رکھ کر آگے بڑھنا ہوگا۔ انہوں نے طلبہ اور اساتذہ سے ان کے مسائل سنے اور بعض مسائل کے موقع پر حل کرنے کے احکامات جاری کئے۔ اس موقع پر انہوں نے طلبہ کیلئے فوری طور پر ایک مطالعاتی دورے اور لائبریری کیلئے بھاری رقم سے کتابیں خریدنے کا بھی اعلان کیا۔

بقیہ 55

خاتون جج کا کمرہ بند کر دیا اور انہیں بتایا کہ جوڈیشل مجسٹریٹ زیبا چوہدری رخصت پر ہیں۔ عمران خان نے روسٹرم پر آکر ریڈر سے ان کا نام پوچھا اور کہا کہ آپ نے میڈیم زیبا چوہدری صاحبہ کو بتانا ہے کہ عمران خان خود آئے تھے اور وہ آپ سے معافی مانگ رہے ہیں، میرے الفاظ سے آپ کی دل آزاری ہوئی ہے تو میں معافی چاہتا ہوں۔ چیئرمین تحریک انصاف کا مزید کہنا تھا کہ ریڈر آپ گواہ رہنا، میں آیا تھا معافی مانگنے۔ اس کے بعد عمران خان کمرہ عدالت سے روانہ ہوگئے۔

بقیہ 56

ری ہیبلیٹیشن سینٹر کی بحالی کے فوری اقدامات پر رہنماء پاکستان تحریک انصاف پونچھ سردار شاہد اعظم خان اور اہلیان پونچھ نے وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 57

کارروائی ایک ضرب کلاشنکوف، پسٹول، خنجر، راؤنڈ برآمد کئے، اس طرح کل 3 کلو 630 گرام چرس، کلاشنکوف، ریپیٹر، 2 بارہ بور، 2 پسٹول خنجر 125 دانہ راؤنڈ برآمد کئے گئے، بابر رفیق ایس ایچ او تھانہ راولاکوٹ معہ ملازمان تھانہ نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم سکنہ تراڑ سے 1200 گرام چرس برآمد کیے، راجہ اصغر ایس ایچ او تھانہ داتوٹ و محمد نواز چوکی آفیسر چوکی پانیولہ معہ ملازمان تھانہ، چوکی نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم ذیشان عرف ڈشی ولد فیض اکبر سکنہ نکر پانیولہ سے کلاشنکوف، دوعدد پسٹول، ایک امریکن خنجر، ایک مکہ چاقو میگزین 100 دانہ راؤنڈ برآمد کیا، گوھر عارف چوکی آفیسر سٹی راولاکوٹ معہ ملازمان چوکی نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم بختاور سکنہ حویلی کھوئیہ سے 2430 گرام چرس اور ملزم افضل سکنہ پنڈی یک ضرب ریپیٹر، 2 عدد بار بور معہ میگزین، 30 دانہ برآمد کیا، تمام ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے ان سے تفتیش جاری ہے۔

روزنامہ کشمیر دھرتی راولاکوٹ
شہر....شہر....قریہ....قریہ....کی خبریں

PRESS CLUB BAGH AJK

باغ:۔ معروف قانون دان راجہ ذوالفقار ایڈووکیٹ ہنگامی پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں۔

تھانہ پولیس لیپہ کی منشیات فروشوں کیخلاف کاروائی، 3 کلو ہیروئن برآمد ملزم گرفتار

منشیات فروش محمد ادریس ولد کالا خان قوم پٹھان سکنہ بیلہ غائیپورہ لیپہ کو گرفتار، نائن سی، سی این ایس اے کے تحت مقدمہ

مزید سنسنی خیز انکشافات کی توقع، پولیس کی منشیات فروشوں کے نیٹ ورک کے خلاف بھی کارروائی شروع، عوام کا خیر مقدم

چناری (خصوصی رپورٹر) ڈی ایس پی وادی لیپاہ راجہ عبدالخالق کی قیادت میں تھانہ پولیس لیپہ کی منشیات فروشوں کے خلاف بڑی کارروائی کروڑوں روپے مالیت کی تین کلو ہیروئن برآمد کرتے ہوئے منشیات فروش گرفتار کرلیا مقدمہ درج، تفتیش شروع مزید سنسنی خیز انکشافات کی توقع۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی جہلم ویلی مرزا زاہد حسین کی ہدایت پر پولیس نے وادی لیپہ کے گاؤں بیلہ غائیپورہ کے مقام پر منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے کامیاب چھاپہ کے دوران کروڑوں روپے مالیت کی 3 کلو ہیروئین برآمد کرتے ہوئے منشیات فروش محمد ادریس ولد کالا خان قوم پٹھان سکنہ (بقیہ 01 صفحہ 03 پر)

پلاٹ برائے فروخت
ہاؤسنگ سکیم راولاکوٹ کمرشل ایریا میں ایک کنال کا پلاٹ
فوری فروخت کیلئے دستیاب ہے، مناسب قیمت
خواہشمند سنجیدہ حضرات درج نمبر پر رابطہ کریں
0336-8436228

پرفیکٹ ایجوکیٹر پبلک سکول کو شاندار نتائج پر مبارکباد

ادارہ نے ہمیشہ اپنا ایک منفرد مقام برقرار رکھا، مختلف زعماء کا خراج تحسین

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) ڈاکٹر محمد نواز، ڈاکٹر رحیم یونیورسٹی آف پونچھ، ڈاکٹر حمزہ، ریحانہ خان چیئرپرسن سٹیٹ کمیشن برائے خواتین آزاد کشمیر نے پرفیکٹ ایجوکیٹرز پبلک سکول راولاکوٹ کو شاندار نتائج دینے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ادارہ نے ہر سال سو فیصد رزلٹس دیئے جس پر پورا ادارہ مبارکباد کا مستحق ہے۔ انہوں نے کہا کہ امسال بھی کلاس نہم کا شاندار رزلٹ آنے پر ڈائریکٹر، پرنسپل روزینہ خالق اور سکول انتظامیہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور اس امید کا اظہار کرتے ہیں کہ (بقیہ 19 صفحہ 03 پر)

ٹائیفائیڈ سے بچاؤ کی مہم
3 سے 15 اکتوبر 2022
ATTIAN BALA
DPC

ہٹیاں بالا:۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر طاہر رحیم مغل ودیگر صحافیوں کو بریفنگ دے رہے ہیں۔

سری نگر میں کشمیری خاتون رہنما پر اپنے گھر میں یوم پاکستان منانے پر 29 مقدمات درج

تہاڑ جیل میں قید رہنما خاتون آسیہ اندرابی اپنے گھر میں یوم پاکستان مناتی تھیں پاکستان کا جھنڈا بھی لہراتی تھیں

یواے پی اے قانون کے تحت آسیہ اندرابی کے خلاف 29 مقدمات درج ہیں، بھارتی تحقیقاتی ادارہ این آئی اے

نئی دہلی (کے پی آئی) بھارتی تحقیقاتی ادارے این آئی اے نے دہلی ہائی کورٹ میں اعتراف کیا ہے کہ مقبوضہ کشمیر میں 14 اگست کو یوم آزادی پاکستان اور 23 کو یوم پاکستان منایا جاتا رہا ہے، پاکستان کے جھنڈے لہرائے جاتے ہیں۔ کشمیری خواتین کی تنظیم دختران ملت کی سربراہ آسیہ اندرابی کے سری نگر میں واقع گھر کی بحق سرکار قرقی کے اقدام کا دفاع کرتے ہوئے این آئی اے نے دہلی ہائی کورٹ کو بتایا ہے کہ آسیہ اندرابی سری نگر میں اپنے گھر میں 14 اگست کو یوم آزادی پاکستان اور 23 کو یوم پاکستان مناتی تھیں پاکستان کا جھنڈا لہراتی تھیں۔ اس اقدام پر آسیہ اندرابی پر غیر قانونی (بقیہ 20 صفحہ 03 پر)

چناری، تعلیمی اداروں میں کیمروں کی عدم تنصیب پر تشویش

طلبہ عدم تحفظ کا شکار، حکام سے فوری طور پر نوٹس، اصلاح احوال کا مطالبہ

چناری (خصوصی رپورٹر) آزاد کشمیر کے ضلع جہلم ویلی کے علاقوں ہٹیاں بالا، چناری، چکوٹھی، چکار، وادی لیپاہ، گوجر بانڈی اور گردونواح کے اکثر پرائیویٹ اور سرکاری تعلیمی اداروں میں لاکھوں روپے کی آمدن اور فنڈز ہونے کے باوجود سی سی ٹی وی کیمروں کی عدم تنصیب طلباء اور طالبات کی سیکورٹی صفر والدین کا شدید تحفظات کا اظہار وزیر تعلیم، چیف سیکرٹری سے نوٹس لینے اور ضلع جہلم ویلی (بقیہ 02 صفحہ 03 پر)

منجانب: ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر باغ

باغ:۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر منظور حسین ودیگر بریفنگ دے رہے ہیں۔

کوٹلی، ڈیم کی تعمیر سے پیدا ہونے والے مسائل کے حل پر زور

کمیونٹی نے پن بجلی کے قومی منصوبے کی تکمیل نے بھرپور تعاون کیا، ڈپٹی کمشنر

کوٹلی (پی آئی ڈی) ضلعی انتظامیہ نے گلپور پن بجلی منصوبہ کی فنانسنگ اداروں کی موجودگی میں ڈیم کی تعمیراتی کمپنی میرا پاور پر زور دیا ہے کہ وہ ڈیم کی تعمیر کے باعث مقامی آبادی کے لئے پیدا ہونے والے رسائی اور ماحولیاتی مسائل کو حل کرے اور کمیونٹی کے تحفظات کو دور کیا جائے۔ کمیونٹی کے لئے سی ایس آر پلان کو ضلعی انتظامیہ کے ساتھ بھی شیئر کیا جائے۔ جمعہ کے روز ڈپٹی کمشنر چوہدری ساجد اسلم کی زیرصدارت میرا کمپنی مینجمنٹ اور عالمی بنک کے نمائندوں کا اجلاس ڈی سی آفس منعقد ہوا جس (بقیہ 04 صفحہ 03 پر)

کوٹلی، جشن عید میلاد النبی ﷺ منانے کی تیاریاں

کوٹلی (پی آئی ڈی) 12 ربیع الاول جشن عید میلاد النبی ﷺ شایان شان طریقے سے منانے کے حوالے سے شہر بھر میں زور و شور سے تیاریاں جاری۔ شہریوں میں 12 ربیع الاول سرکار دوعالم، رحمت العالمین، حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کا مبارک دن مذہبی عقیدت واحترام کے ساتھ منانے کے حوالے سے (بقیہ 03 صفحہ 03 پر)

عوام کا سڑکوں پر آنا ہی واحد حل ہے، تیاری کریں، فواد چوہدری

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فواد چوہدری نے کہا ہے کہ عوام کا سڑکوں پر آنا ہی واحد حل ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے جاری کردہ ٹوئٹ پیغام میں پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فواد (بقیہ 05 صفحہ 03 پر)

باغ:۔ پی ٹی آئی کے رہنما سردار نعیم حیات، سینئر نائب صدر پرویز مغل ودیگر استقبالیہ تقریب سے خطاب کررہے ہیں۔

محکمہ عدل وانصاف کے خضر حیات اعوان کی والدہ محترمہ کا انتقال

آبائی قبرستان میں سپرد خاک، نماز جنازہ میں سرکردہ شخصیات کی شرکت

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) محکمہ عدل وانصاف راولاکوٹ کے سٹاف ممبر خضر حیات اعوان، قمر اعجاز کی والدہ محترمہ انتقال کر گئیں، انہیں آبائی قبرستان چھڑھ رقبہ میرہ میں سپرد خاک کر دیا گیا، نماز جنازہ مسلم ہینڈز سکول کے صحن میں ادا کی گئی جس میں سرکردہ سیاسی وسماجی شخصیات، جج صاحبان، علماء، وکلاء، تاجران، پروفیسرز، ڈاکٹرز، اساتذہ، ٹریڈ یونینز کے نمائندگان، جوڈیشل ایمپلائز یونین، سماجی تنظیموں کے عہدیداران اور دیگر مکاتب فکر کے افراد نے شرکت کی، نماز جنازہ امیر (بقیہ 18 صفحہ 03 پر)

کشمیریوں کو معاشی طور پر مفلوج کیئے جانے پر شدید تشویش

زرعی ترقی کے راستے کشمیریوں پر بند کئے جارہے ہیں، جموں کشمیر عوامی پارٹی

سری نگر (کے پی آئی) جموں وکشمیر عوامی پارٹی کے چیئرمین نور محمد فیاض نے کہا ہے کہ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی پامالیاں عروج پر اقوام متحدہ کو فورینوٹس لینا چاہیے۔ نور محمد فیاض قائد تحریک آزادی کشمیر سید علی گیلانی مرحوم کے پرسنل سیکریٹری بھی رہے ہیں گزشتہ چار سال سے بھدرواہ جیل میں قید ہیں۔ بھدرواہ جیل سے ایک بیان میں نور محمد فیاض نے کہا ہے کہ مقبوضہ کشمیر کی صورتحال انتہائی تشویشناک رخ اختیار کرچکی ہے۔ بھارتی مظالم میں تیزی آچکی ہے مساجد کو بند کیا جارہا ہے، مسلمانوں کو مذہبی فریضے سے روکا جارہا ہے۔ سکولوں میں بچوں کو زبردستی بھجن گانے پر مجبور کیا جارہا ہے (بقیہ 17 صفحہ 03 پر)

دل کا دورہ پڑنے سے پاکستانی کرکٹر شہزاد اعظم رانا انتقال کر گئے

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد سے تعلق رکھنے والے پاکستانی فرسٹ کلاس کرکٹر شہزاد اعظم رانا دل کا دورہ پڑنے کے باعث 36 سال کی عمر میں انتقال کر گئے۔ شہزاد اعظم رانا 95 فرسٹ کلاس، 58 لسٹ اے اور 29 ٹی ٹوئنٹی میچز کھیل چکے تھے۔ (بقیہ 22 صفحہ 03 پر)

خیبر پختونخوا میں آٹا مافیا کے گرد گھیرا تنگ

پشاور (صباح نیوز) خیبر پختونخوا میں آٹا مافیا کے گرد گھیرا تنگ کرلیا گیا۔ محکمہ خوراک خیبر پختونخوا کی جانب سے آٹا مافیا کے خلاف کارروائی کی گئی جس کے نتیجے میں گودام سے سرکاری آٹا برآمد کرلیا گیا۔ اسسٹنٹ فوڈ (بقیہ 23 صفحہ 03 پر)

امریکا کا ایران پر نئی پابندیاں عائد کرنے کا اعلان

واشنگٹن (صباح نیوز) امریکی حکومت نے ایران پر نئی پابندیاں عائد کرنے کا اعلان کردیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق امریکی وزارت خزانہ کی جانب سے جاری بیان میں ایران پر مزید پابندیاں لگانے کا اعلان کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ (بقیہ 24 صفحہ 03 پر)

سرینگر، عدالتی فیصلہ کے برخلاف انٹرنیٹ پر بندش جاری

گزشتہ برس بھارت میں 106 مرتبہ انٹرنیٹ بند ہونے سے معیشت کو نقصان

نئی دہلی (کے پی آئی) بھارتی وزیر خارجہ جے شنکر کو دورہ امریکہ کے دوران ایک تقریب میں جموں و کشمیر میں انٹرنٹ کی بندش پر سخت سوالات کا سامنا کرنا پڑا بھارتی اخبار کے مطابق وزیر خارجہ جے شنکر نے ان سوالات پر ناراضگی کا اظہار کیا ہے۔ اس دوران ڈیجیٹل حقوق کے لیے سرگرم تنظیم ایکسس نا نے انکشاف کیا ہے کہ گزشتہ برس بھارت میں کم از کم 106 مرتبہ انٹرنیٹ (بقیہ 21 صفحہ 03 پر)

راولاکوٹ:۔ الیاس جنڈالوی مجلہ کی اشاعت کے سلسلہ میں خان اسلم ودیگر سے ملاقات کررہے ہیں

سرینگر، 12 فیصد لوگ نہایت غریب، دو وقت کا کھانا میسر نہیں

ایک کروڑ 25 لاکھ کی آبادی کے حساب سے لاکھوں افراد مشکلات کا شکار

سری نگر (کے پی آئی) بھارتی حکومت کی کشمیر دشمن پالیسیوں کے باعث جموں وکشمیر کی معاشی صورتحال خراب ہورہی ہے۔ کشمیری پھلوں بالخصوص سیب کی بھارتی منڈیوں میں بھیجنے پر پابندی کے باعث سیب کی صنعت سے وابستہ کم وبیش 30 لاکھ افراد کا روزگار خطرے میں ہے۔ برطانوی نشریاتی ادارے بی بی سی کے مطابق بھارتی سرکاری اعداد وشمار کے مطابق جموں کشمیر میں (بقیہ 25 صفحہ 03 پر)

باغ:۔ سابق ڈائریکٹر جنرل لوکل آزاد کشمیر گورنمنٹ ظہیر گردیزی، ڈویژنل ڈائریکٹر کالجز پروفیسر طارق ودیگر بہترین خدمات سرانجام دینے پر سرٹیفکیٹ تقسیم کررہے ہیں۔

حویلی:۔ الخدمت فاؤنڈیشن آزاد کشمیر کے صدر راجہ جہانگیر خان ودیگر تقریب سے خطاب کررہے ہیں۔

علی سوجل روڈ کی ٹوٹ پھوٹ کیخلاف شدید تشویش کا اظہار

ہفتہ کے روز کھائیگلہ میں شدید احتجاج کیا جائے گا، امتیاز مقبول کی دھمکی

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) جے کے ایل ایف لبریشن فرنٹ کھوکوٹ یونٹ کے صدر سردار امتیاز مقبول نے کہا کہ علی سوجل روڈ کھنڈرات کا منظر پیش کررہی ہے۔ ہمارے نوجوانوں نے (بقیہ 06 صفحہ 03 پر)

حویلی:۔ ممبر قانون ساز اسمبلی فیصل راٹھور کی طرف سے دی گئی روڈ کا کام شروع ہونے پر دعا کی جارہی ہے

ایڈیٹر مجلّہ عسکری انقلاب الیاس جنڈالوی کا باغ کا دورہ

جہاد آزادی میں حصہ لینے والوں کے حوالے سے مختلف لوگوں سے ملاقاتیں

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) ایڈیٹر مجلّہ عسکری انقلاب 1947 سردار الیاس جنڈالوی نے عسکری معرکہ 1947 کے حوالے سے غازیوں وشہدا کی سر زمین باغ کا دورہ کیا (بقیہ 09 صفحہ 03 پر)

نیلم، ٹائیفائیڈ کی بیماری کو بہر صورت کنٹرول کرینگے، ڈی ایچ او

نیلم (پی آئی ڈی) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالمتین نے کہا ہے کہ نیلم کے متعدد ایریاز میں ٹائی فائیڈ کیسز رپورٹ ہوچکے ہیں۔ ٹائی فائیڈ کی بیماری ناقص خوراک، آلودہ پانی (بقیہ 07 صفحہ 03 پر)

بھارتی فوج نے شمالی کشمیر میں 2 کشمیری نوجوانوں کو شہید کردیا

سری نگر (کے پی آئی) بھارتی فوج نے شمالی اور جنوبی کشمیر کے کئی علاقوں کو محاصرے میں لے لیا ہے اس دوران شمالی کشمیر میں 2 کشمیری نوجوانوں کو گولی مار کر شہید کر دیا۔ نوجوانوں (بقیہ 08 صفحہ 03 پر)

میرپور، سلاٹر ہاؤس اور ہوٹلوں کی چیکنگ

میرپور (صباح نیوز) میونسپل مجسٹریٹ محمد مختار چوہدری کی قیادت میں سلاٹر ہاؤس ناشتہ شاپس اور ہوٹلوں کی چیکنگ کے دوران فوڈ ایس او پیز پر عمل درآمد نہ کرنے والوں پر (بقیہ 10 صفحہ 03 پر)

مقبوضہ کشمیر میں انٹرنیٹ سروسز کی بندش کے باعث ملازمتیں ختم

ایک دہائی میں کشمیر میں تقریبا 400 مرتبہ انٹرنیٹ سروسز بند کر دی گئیں

سری نگر (کے پی آئی) مقبوضہ کشمیر میں انٹرنیٹ سروسز کی بندش کے باعث ہزاروں لوگوں کی ملازمتیں ختم ہوگئیں، چھوٹی صنعتیں یا تو بند ہوگئیں یا انہیں شدید اقتصادی نقصانات (بقیہ 16 صفحہ 03 پر)

احتجاج احتجاج احتجاج
نیشنل ایم این سی ایچ پروگرام
محکمہ صحت عامہ
کے ملازمین کو نارمل میزانیہ
پر منتقل کیا جائے
منجانب
ملازمین
MNCH پروگرام
ضلع باغ آزاد کشمیر

باغ:۔ ایم این سی ایچ پروگرام کے متاثرہ ملازمین اپنے مطالبات کے حق میں احتجاج کررہے ہیں۔

الخدمت فاؤنڈیشن کا حویلی میں 7 فیملیز میں جہیز پیکیج تقسیم

یہ خاندان مالی استطاعت نہ ہونے سے بچیوں کی رخصتی نہیں کر پا رہے تھے

حویلی (دھرتی نیوز) الخدمت فاؤنڈیشن آزاد کشمیر کے زیراہتمام ضلع حویلی فارورڈ کہوٹہ میں 7 مستحق فیملیز میں جہیز پیکیج تقسیم کیا گیا۔ پروگرام کے مہمان خصوصی راجہ جہانگیر خان صاحب صدر الخدمت آزاد کشمیر تھے ان کے علاوہ شفقات احمد بخاری امیر جماعت اسلامی (بقیہ 15 صفحہ 03 پر)

ٹرانس جینڈر بل کسی صورت قبول نہیں، قاضی محمد خورشید

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) جماعت اسلامی چک زون کے امیر قاضی محمد خورشید نے کہا ہے کہ ٹرانسجینڈر بل نامنظور ہے۔ اسلامی جمہوریہ پاکستان جس کے آئین کی بنیاد ہی دین اسلام (بقیہ 27 صفحہ 03 پر)

برٹش ایڈیٹرز ایسوسی ایشن کا کشمیری صحافی سمعان لطیف کے لیے اعزاز

سری نگر (کے پی آئی) برطانوی تنظیم نے برٹش ایڈیٹرز ایسوسی ایشن نے کشمیری صحافی سمعان لطیف کو اہم ترین فری لانسر آف دی ایئر ایوارڈ کے لیے نامزد کیا ہے۔ برطانیہ کے (بقیہ 28 صفحہ 03 پر)

عبدالصمد انقلابی چھ ماہ سے اترپردیش کے وارانسی جیل میں قید

سری نگر (کے پی آئی) اسلامی تنظیم آزادی جموں کشمیر کے چیئرمین عبدالصمد انقلابی چھ ماہ سے اترپردیش کے وارانسی جیل میں قید ہیں۔ ترجمان اسلامی تنظیم آزادی (بقیہ 29 صفحہ 03 پر)

مقدس تحریروں، اوراق کی بے حرمتی پر شدید تشویش کا اظہار

فوری طور مکمل اسلامی قانون کا نفاذ اور عمل درآمد کروایا جائے، اسلم کاظمی

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) مقدس اوراق اللہ تعالیٰ جلا جلالہ اور محمد ﷺ کا اسم مبارک جس کی اخبارات، اشتہارات، مختلف دستاویزات پر ثبت ہوتی ہیں جنہیں نہایت ہی غلط طریقہ (بقیہ 26 صفحہ 03 پر)

EXPLORE KASHMIR THROUGH AGRI TOURISM
WALK TO PROMOTE TOURISM
سیاحت کے فروغ کے لیے ورلڈ ٹورازم ڈے کے موقع پر آگاہی واک

ملوٹ:۔ ٹورسٹ گائیڈ ایسوسی ایشن آزاد کشمیر کے زیراہتمام واک کا اہتمام کیا جارہا ہے۔

سرینگر، مزاروں، آستانوں کا کنٹرول حاصل کرنے کی مہم

پولیس نے مزاروں پر نصب نذرانے جمع کرنے کی مخصوص پیٹیاں ضبط کرلیں

سری نگر (کے پی آئی) بھارتی حکومت نے مقبوضہ کشمیر کے مزاروں، آستانوں اور درگاہوں کا کنٹرول حاصل کرنے کے لیے مسلم اوقاف ٹرسٹ کو متحرک کردیا ہے (بقیہ 30 صفحہ 03 پر)

مظفرآباد:۔ اپوزیشن لیڈر آزاد کشمیر چوہدری لطیف اکبر کے پاس ڈویژنل صدر جہانگیر خان مغل، راجہ بشارت افضل، بشیر اعوان ودیگر بلدیاتی الیکشن میں پارٹی ٹکٹ کیلئے درخواست جمع کررہے ہیں۔

علامہ یوسف القرضاوی کی وفات عالم اسلام کا بڑا نقصان قرار

مرحوم حق پسندی کی گواہی اپنی آخری سانس تک دیتے رہے، تحریک حریت

سری نگر (کے پی آئی) تحریک حریت جموں کشمیر نے علامہ یوسف القرضاوی کی وفات کو عالم اسلام کا بڑا نقصان قرار دیتے ہوئے انہیں شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ ترجمان تحریک حریت جموں کشمیر نے ایک بیان میں کہا ہے کہ فقیہ زماں اسلامی تحریکوں کے روح (بقیہ 11 صفحہ 03 پر)

باغ، زمینوں پر قبضہ کی روایت ختم کروالی، راجہ ذوالفقار

الخدمت ہسپتال سے سامان ہماری حساب فہمی کے بغیر کوئی نہیں اٹھا سکتا

باغ (دھرتی نیوز) پیا الخدمت کے نام پر مولانا عبدالمنان اور حامیوں نے زمینوں پر قبضے کی روایت قائم کرلی تھی جو عدالت کی معاونت سے ہم نے ختم کی ہے۔ ہم باغ انتظامیہ، عدلیہ اور وزیر زراعت سردار میر اکبر خان کے شکرگزار ہیں کہ انہوں نے انصاف کے راستے میں حائل (بقیہ 12 صفحہ 03 پر)

LONE STAR
EDUCATIONAL NETWORK
پاکستان کے بہترین اداروں کے تجربہ کے حامل ٹرینرز کی زیرنگرانی
داخلے جاری ہیں
NEBOSH IOSH OSHA
AMAZON COURSES
آن لائن کام کریں اور گھر بیٹھ کر پیسے کمائیں
IELTS
ENGLISH ARABIC LANGUAGE
فسٹ فلور قیوم آباد مارکیٹ بالمقابل یونائیٹڈ ہسپتال سی ایم ایچ بائی پاس روڈ راولاکوٹ
0333-4033345

فلوریڈا میں سمندری طوفان سے تباہی، 17 افراد ہلاک، درجنوں زخمی

واشنگٹن (صباح نیوز) امریکا کی ریاست فلوریڈا میں آندھی اور طوفان کے باعث کم از کم 17 افراد ہلاک اور درجنوں زخمی ہوگئے۔ سمندری طوفان کے باعث امریکی ریاست فلوریڈا میں طوفانی ہواؤں کے ساتھ شدید بارشوں کی وجہ (بقیہ 13 صفحہ 03 پر)

مردان میں خودکش حملہ آور ہدف تک پہنچنے سے قبل ہی دھماکے سے ہلاک

مردان (صباح نیوز) مردان میں خودکش حملہ آور ہدف تک پہنچنے سے قبل ہی دھماکے سے ہلاک ہوگیا، واقعہ جمعہ کی نماز سے قبل پیش آیا۔ مردان کے تھانہ چورہ کی حدود میں کھیتوں (بقیہ 14 صفحہ 03 پر)

دھرتی کی آواز
کشمیر دھرتی نیوز
KD NEWS
دلچسپ تبصرے
سیاسی تجزیے
انٹرویوز
تاریخی وتحقیقی رپورٹس
کلچر
سیاحت
اور بہت کچھ۔۔۔۔!
کشمیر کے خوبصورت نظاروں سے بھرپور چینل
تجربہ کار الیکٹرانک میڈیا پرسن کے ساتھ
Kashmir Dharti Digital
Dailydharti/facebook
Dailydharti / twitter
Dailydharti / Instagram
Dailydharti/group

چیف ایڈیٹر وپبلیشر عابد صدیق نے کوہسار پریس سے چھپوا کر بینک روڈ راولاکوٹ سے شائع کیا۔ فون 05824-445864 ، فیکس 05824-445865 ای میل dailydharti@gmail.com